بی ایس، ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ تخصص حدیث وسیرت
میں محققین کے لئے رہنما دستاویز

تحقیقات، حدیث وسیرت

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر عبدالغفار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی

کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

تحقیقات؛ حدیث و سیرت

بی ایس، ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ تخصص حدیث و سیرت میں
محققین کے لیے رہنما دستاویز

ڈاکٹر عبد الغفار

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نام کتاب : تحقیقات؛ حدیث و سیرت

مصنف : ڈاکٹر عبد الغفار،
چیئرمین، شعبہ علومِ اسلامیہ،
یونیورسٹی آف اوکاڑہ، اوکاڑہ، پنجاب پاکستان
0300-4881087

ترتیب و کمپوزنگ: حافظ انتظار احمد 0306-4245048

ناشر : سیرت سٹڈی سنٹر، لاہور
سال طباعت: 2019ء/1440ھ

صفحات: 196

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد لله على نعمه الظاهرة والباطنة قديما وحديثا والصلاة والسلام على نبيه ورسوله محمد وآله وصحبه الذين ساروا في نصرة دينه سيرا حثيثا وعلى أتباعهم الذين ورثوا علمهم والعلماء ورثة الأنبياء أكرم بهم وارثا وموروثا أما بعد:

مقدمہ

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا ﴾

''اے ایمان والو اگر تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی خبر لے کر آئے تو اس کی تحقیق کر لیا کرو۔''

اسی طرح دوسری جگہ ارشاد ہے:

﴿ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝ ﴾

''اے اہل نظر تم عبرت پکڑو۔''

تحقیق واجتہاد کے متعلق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی فکر کو ان کی نظم ''آواز غیب'' سے پیش کرتے ہیں:

آتی ہے دم صبح صدا عرش بریں سے
کھویا گیا کس طرح ترا جوہر ادراک

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

کس طرح ہوا کند ترا نشتر تحقیق
ہوتے نہیں کیوں تجھ سے ستاروں کے جگر چاک
تو ظاہر و باطن کی خلافت کا سزاوار
کیا شعلہ بھی ہوتا ہے غلام خس و خاشاک
مہر و مہ و انجم نہیں محکوم ترے کیوں
کیوں تیری نگاہوں سے لرزتے نہیں افلاک
اب تک ہے رواں گرچہ لہو تیری رگوں میں
نے گرمی افکار نہ اندیشہ بے باک
روشن تو وہ ہوتی ہے جہاں بیں نہیں ہوتی
جس آنکھ کے پردوں میں نہیں ہے نگہ پاک
باقی نہ رہی تیری وہ آئینہ ضمیری
اے کشتہ سلطانی و ملائی و پیری

دین اسلام کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ علم وتحقیق اس کا نقطہ آغاز ہے قرآن مجید کی اولین آیات ہی تحقیق وجستجو کا درس دیتی ہیں قرآن مجید اور ارض وسماء، شجر وحجر، نباتا وجمادات کی بے مثال تخلیق کے ذریعے انسانیت کو تحقیق کی دعوت دیتا ہے کہ انسان اس بے نظیر تخلیق سے خالق کائنات کو معبود حقیقی تسلیم کرلے عہد جدید کی دنیا میں جہاں سیاسی، معاشی اور معاشرتی مسائل کی بھر مار ہے وہاں تحقیق ہی ایک واحد ذریعہ ہے جس کی بدولت انسانیت کے مسائل کا مداوا کیا جاسکتا ہے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ علم وتحقیق کے فروغ میں جامعات بنیادی کردار ادا کرتی ہیں یہ علوم کا مرکز ہوتی ہیں جہاں نہ صرف تدریس بلکہ اس کے ساتھ ساتھ مختلف میادین میں تحقیق بھی جاری رہتی ہے تدریس وتحقیق کے اس حسین امتزاج سے علوم میں جدت پیدا ہوتی ہے تصورات ونظریات جنم لیتے ہیں اور پھر ان کی تائید یا تنقید شروع ہوتی ہے، مقالات تحریر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہوتے ہیں اور کتب وجود میں آتی ہیں ایک ہی موضوع پر کتب کا ذخیرہ نئے مضمون کو راہ دیتا ہے اور جامعات میں پہلے سے موجود شعبہ جات میں ایک نئی اکائی کا اضافہ ہوتا ہے۔

اہل علم پر یہ بات مخفی نہیں کہ صرف تعلیم انسانیت کی تکمیل نہیں کر سکتی بلکہ تعمیر انسانیت کے لیے اخلاق و کردار بنیاد ہے جس کی بدولت افراد سازی کا عمل پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے اور جامعات وہ مراکز ہیں جنہیں نوجوانانِ قوم کی بڑی تعداد میسر آتی ہے لہٰذا جامعات کا یہ فرض منصبی ہے کہ وہ تعمیر فرد کے ذریعے تعمیر قوم کا فریضہ سرانجام دیں اس کا ایک ذریعہ تحقیقی مقالات ہیں جہاں ارباب دانش، صلحاء، محققین، اساتذہ اپنے طلباء کی تعمیر کا فریضہ قلم کے ذریعے سرانجام دیتے ہیں لہٰذا تحقیقی مقالات جامعات کا جزو لازم ہیں جن کی بدولت تحقیق کے نئے زاویے علم کی افق پر طلوع ہوتے ہیں اور اہل علم ان کی بدولت مزید تحقیق کو پروان چڑھاتے ہیں جستجو کا یہ سفر بہتر سے بہترین کی طرف رواں دواں رہتا ہے کائنات کی تعمیر ہوتی ہے اور انسانیت فلاح سے ہمکنار ہوتی ہے یہ بات خوش آئند ہے کہ جامعات میں تحقیقی مقالات میں آئے روز اضافہ ہو رہا ہے جس سے کثرت مقالات تو ہے مگر معیار تحقیق میں کمی ہو رہی ہے۔

اسی سلسلے میں مقالہ نگاروں سے گزارش ہے کہ وہ ایسا موضوع اختیار کریں جو عصر حاضر کے سلگتے مسائل کا حل ہو جس سے معاشرتی وسماجی الجھنوں کا مداوا ہو سکے مگر نہایت افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ اکثر بی ایس، ایم فل اور اپی ایچ ڈی کے طلبہ وطالبات جو تحقیق کر رہے ہیں ان مقالات میں سب کچھ ہوتا ہے مگر تحقیق نہیں ہوتی یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ کسی بھی موضوع کے تحقیق طلب امور کا تعین ہی محققین کا اصل کام ہے جس طرح بیماری کی تشخیص اور پھر اس کا علاج کیا جاتا ہے اسی طرح مسئلہ کا تعین کرنے کے بعد اس کا حل، نتائج، سفارشات ہی محققین کا اصل کام ہے اس کتاب میں ایسے بے شمار موضوعات اور مسائل کی نشاندہی کرنے کی کوشش کی گئی ہے خصوصاً ملک پاکستان کے تناظر میں جو آج کے دور کے زندہ مسائل ہیں جس میں خصوصاً تعلیم، صحت، معاشیات، معاشرت وسماج کے مسائل پر نوجوان محققین کو تحقیق کی دعوت دی گئی ہے جو یقیناً تمام انسانیت کے لیے فائدہ اور رہنمائی کا سبب ہوگی۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اور اس کا اصل فائدہ یہ ہے کہ ہمارے اندر ولولہ حیات اور جذبہ عمل پیدا ہو اور ہمارے اندر شدّت سے یہ احساس پیدا ہو کہ ہم اب وہ کام نہیں کر رہے ہیں جو ہمارے اسلاف نے سر انجام دیا تھا اور نہ ہم ذرہ ذرہ کا جگر چیرنے کا ہنر جانتے ہیں جسے تحقیق کہتے ہیں نہ دلوں کو مسخر کرنے کا فن جانتے ہیں جیسے مذہب واخلاق کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

ردائے دین وملت پارہ پارہ ہے ہمارے اندر نہ عزم ہے نہ ولولہ اگر اس کوشش میں ہمارے اندر شرارہ آرزو تحقیق پیدا ہو جائے اور ہم قافلہ علم کے ہم رکاب ہونے کی تیاری میں مصروف ہو جائیں تو یہ کوشش کامیاب ہے اور یہی اس کا مقصد ہے۔

علمی دنیا میں تحقیق ایک ایسا شعبہ ہے جس کا بنیادی مقصد پیش آنے والے نئے مسائل کا حل تلاش کرتے ہوئے اس کے انسانی زندگی پر اثرات کا کا جائزہ لینا ہے لوازمات تحقیق میں طریقہ تحقیق، حصول مواد اور ذرائع حصول مواد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے کسی بنیادی سوال کے حل سے پہلے اس پر موجود مطبوعہ وغیر مطبوعہ مواد کے بارے میں معلوم ہونا ضروری ہے اگر موضوع کے متعلق جو کام جو پہلے سے ہو چکا ہے اس کی معلومات نہ ہوں گی تو تحقیق ادھوری رہ جائے گی۔

لوازمات تحقیق میں ''اشاریہ سازی'' ایک ایسا لوازمہ ہے جس کے بغیر نئی تحقیق سے وہ مقصد حاصل نہیں ہو گا جس مقصد کے لیے بنیادی تحقیقی سوال اٹھایا گیا تھا اور تحقیق کسی بھی نوعیت کی ہو اشاریے اور کتابیات، علمی تحقیق کے بنیادی معاون کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی مدد سے مطلوبہ مضامین یا کتب تک پہنچنا آسان ہوتا ہے اور محقق کا قیمتی وقت بھی ضائع نہیں ہوتا اگر غور کیا جائے تو اس فن کا آغاز تیسری صدی سے شروع ہوا اور چوتھی صدی کے خاتمہ تک یہ فن ارتقاء کے مراحل طے کر لیتا ہے اسی صدی میں ''احصاء العلوم للفارابی''، ''مفاتیح العلوم للخوارزمی'' اور اسی صدی میں ''الفہرست لابن ندیم'' (جس کا اردو ترجمہ مولانا محمد اسحاق بھٹی رحمہ اللہ تعالی نے کیا ہے) ہے جس میں انہوں نے اپنے پیش رؤوں کے علمی سرمایہ کو محفوظ کیا ہے اس کے بعد دوسری بڑی اہم شخصیت حاجی خلیفہ کاتب چلپی کی ہے جنہوں نے مسلسل کئی

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

سال محنت کے بعد "کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون" جیسی عمدہ کتاب مرتب کی جو علوم اسلامیہ کے محققین کے لیے دور حاضر میں بھی ایک ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔

عصر حاضر میں بھی فہرست سازی پر کام مختلف جہات سے ہو رہا ہے مثلاً مخطوطات کی فہارس، مقالہ جات کی فہارست وغیرہ جس میں ایک اہم کام اردو داں طبقہ کے لیے ڈاکٹر سعید الرحمان اسسٹنٹ پروفیسر، عبد الولی خاں یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخواہ نے اردو اسلامی ریسرچ انڈیکس تحقیقات اسلامیات کے عنوان سے کیا ہے اور اس فن کو مزید جلا بخش رہے ہیں جو آج ہر لائبریری، یونیورسٹی کے علوم اسلامیہ کے شعبہ جات، مقالہ نگاران اور محققین کی ضرورت ہے۔

راقم کو اس پر دلچسپی کا آغاز "اخبار تحقیق" ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد کے پہلے شمارہ جو کہ اکتوبر دسمبر 2001ء میں شائع ہوا جس کے اجراء کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ادارے اور وطن عزیز کی جامعات اور اسلامی تحقیق سے متعلق اداروں کے مابین علمی و تحقیقی معاملات پر تعاون کو فروغ حاصل ہو اور بحیثیت مجموعی اہل علم علمی و تحقیقی سرگرمیوں سے آگاہ رہیں۔

اس کے پہلے ہی شمارہ میں "جامعات پاکستان میں اسلامی تحقیق" کے عنوان سے ڈاکٹر حافظ محمد سجاد ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ اسلامی فکر علامہ اوپن یونیورسٹی اسلام آباد نے فہارس تیار کرنے کا آغاز کیا اس کی قسط نمبر تین سے حدیث اور سیرت کے موضوعات کا آغاز ہوتا ہے اس کے علاوہ محققین کو چاہیے کہ اخبار تحقیق کے شائع شدہ شمارہ جات کو اپنے مطالعہ کا حصہ بنائیں جس کے 2017 تک سینتیس شمارہ جات شائع ہو چکے ہیں اس کے بعد یہ سلسلہ بند ہو چکا ہے۔

اس کے علاوہ سہ ماہی اخبار علمیہ اپریل جون 2008 کا پہلا شمارہ شیخ زید اسلامک سینٹر جامعہ پنجاب لاہور سے پروفیسر ڈاکٹر محمد عبد اللہ کی ادارت میں شائع ہوا جس میں انہوں نے حالیہ سالوں میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تحقیقی موضوعات کو شامل اشاعت کیا اور دیگر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

سیمینارز/کانفرنسز رسائل و جرائد کی دنیا، سلسلہ بزم رفتگان، مطبوعات جدیدہ، مطبوعات و رسائل شیخ زید اسلامک سنٹر لاہور کے عناوین سے تحقیقی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا مگر پہلا شمارہ شائع ہونے کے بعد یہ سلسلہ تاہنوز جاری نہ رہ سکا۔

راقم کی دلچسپی چونکہ تحقیقات فقہ الحدیث والسیرۃ، الشرعیہ والقانون، علم السیر، کے ساتھ ہے اس لیے ان موضوعات پر مقالہ جات کی فہارس اور عصر حاضر کے تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے نئے موضوعات کی تلاش میں اس فن پر مہارت رکھنے والی شخصیات خصوصا پروفیسر ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ حیدر آباد، پروفیسر ڈاکٹر یسین مظہر صدیقی بالمشافہ ملاقات مطالعہ کتب، پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز، استاذ محترم پروفیسر ڈاکٹر عبد الروف ظفر بالمشافہ ملاقات مطالعہ کتب، پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی، پروفیسر عبد الجبار شاکر رحمہا اللہ بالمشافہ ملاقات اور مطالعہ کتب، ڈاکٹر حافظ عبد الرحمان مدنی، پروفیسر ڈاکٹر محمد سہیل حسن، پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد منصوری، پروفیسر ڈاکٹر محمود اختر، پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، پروفیسر ڈاکٹر حمید اللہ عبد القادر، پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی، پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، پروفیسر ڈاکٹر مشتاق احمد، پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد سجاد، پروفیسر ڈاکٹر معین الدین شاہ ہاشمی، پروفیسر ڈاکٹر محمد عبد اللہ، ڈاکٹر عبد الغفار بخاری، ڈاکٹر حافظ مبشر حسین لاہوری، ڈاکٹر حافظہ شاہدہ پروین، ڈاکٹر رانا خالد مدنی اور پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد اشرف کی رہنمائی شامل ہے مزید اس فن پر منعقد ہونے والی مختلف ورکشاپس، سیمینارز، کانفرنسز میں شرکت سے بھی خوب استفادہ کیا گیا۔

موضاعات پر کام کا آغاز کرنے کے لیے موضوع تحقیق کا انتخاب اور خاکہ تحقیق پر رہنما اصول، تحقیق حدیث وسیرت کے بنیادی مصادر ومراجع، مختلف ویب سائٹس اور سافٹ ویئرز اور تحقیق حدیث وسیرت کے لیے کتب معاجم کا تعارف بالتفصیل دیا گیا ہے۔

امید واثق ہے کہ ہماری یہ ادنی کاوش سے نئے آنے والے محققین کے لیے علم وتحقیق کی نئی راہیں کھلیں گی جو دین ومعاشرہ کے لیے مفید ثابت ہوں گی۔

اس منصوبہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں حافظ انتظار احمد ریسرچ اسسٹنٹ مجلہ الاضواء شیخ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

زید اسلامک سنٹر جامعہ پنجاب لاہور، ایم فل علوم اسلامیہ تخصص سیرت النبی ﷺ اور حافظ محمد احمد ریسرچ فیلو ایم فل علوم اسلامیہ تخصص سیرت النبی ﷺ یو ایم ٹی لاہور کی شبانہ روز محنت شامل ہے۔(جزاھما اللہ خیرا)

ڈاکٹر عبد الغفار

شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف اوکاڑہ، اوکاڑہ

فون نمبر:03004881087 ای میل:aghaffar488@gmail.com

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بی ایس/ ایم اے/ ایم فل/ پی ایچ ڈی شعبہ علوم اسلامیہ کے خاکہ تحقیق (حدیث وسیرت) اور مقالہ کی تیاری کے لیے رہنما اصول

شعبہ علوم اسلامیہ میں تحقیق کے حوالے سے ایک اہم اور بنیادی شعبہ مطالعات حدیث وسیرت کا ہے اور اس میں تحقیقی عمل کا اولین قدم موضوع کا انتخاب ہے، پھر خاکہ تحقیق مرتب کیا جاتا ہے اور اس کے مطابق تحقیق مکمل کر کے مقالہ کی صورت میں پیش کی جاتی ہے۔ بی ایس، ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے محققّ طلبہ وطالبات کے لیے ضروری ہے کہ وہ موضوع کے انتخاب، خاکہ تحقیق کی تیاری اور بعد ازاں تحقیقی مقالہ کو آخری شکل دیتے وقت متعلقہ یونیورسٹی کے متعین کردہ طریق کار کا خیال رکھیں۔ اس طریق کار کے اہم نکات ذیل کے صفحات میں دیے جا رہے ہیں۔

موضوع تحقیق کا انتخاب

تحقیق کے ذریعے یا تو نئے حقائق دریافت کئے جاتے ہیں یا موجود حقائق کی ایسی نئی تعبیر وتشریح پیش کی جاتی ہے جس سے انسانی علم میں معتد بہ اضافہ ہو۔ اس لیے ایسا موضوع منتخب کریں جو نیا ہو۔ تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ اس موضوع پر کافی مواد دستیاب ہو اور اس مواد تک رسائی بھی ممکن ہو۔ موضوع زیادہ وسیع اور بہت عمومی بھی نہ ہو کہ اس پر تحقیق مکمل نہ کی جا سکے اور نتائج ہی قریب نہ ہو سکیں۔

موضوع کا عنوان منتخب کرتے وقت اختصار اور جامعیت کا خیال رکھیں۔ مثلاً پاکستان میں شرعی حدود کے نفاذ اور اس ضمن میں حائل مشکلات اور ان کے حل کو موضوع بنانا ہو تو اس کے لیے ''پاکستان میں شرعی حدود کے نفاذ کی صورت حال اور اس ضمن میں حائل مشکلات اور ان کے حل کا تحقیقی مطالعہ'' کی بجائے ''پاکستان میں شرعی حدود کا نفاذ: صورت حال، مسائل

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

اور حل ''عنوان بنائیں۔

اپنے تخصص کے متعلق جدید و قدیم مصادر کا مطالعہ از حد ضروری ہوتا ہے اور مصادر و مراجع کی انواع واقسام سے واقفیت نہایت ضروری ہے مختلف دائرہ ہائے معارف، کتب، رسائل وجرائد خصوصاً HEC سے چھپنے والے رسائل وجرائد وغیرہ جامعات کی لائبریریاں علمی خزانے ،مختلف ویب سائٹس، علمی وتحقیقی گروپس، تحقیقی مقالات کے نگران مختلف مضامین کے ماہرین اساتذہ ومحققین مختلف ذرائع کے ساتھ ان تک پہنچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

مختلف قسم کے مجلّات (جرنلز) جرائد ورسائل کے شمارہ جات اوران کے اشاریہ جات پر گہری نظر رکھیں مثلاً علم حدیث وسیرت کے موضوعات پر پاکستان سے چھپنے والے مجلّات۔

ان میں بہت گراں قدر مضامین شائع ہوتے ہیں ان کا مطالعہ بہت مفید ہے علوم سیرت پر شائع ہونے والا رسالہ السیرۃ انٹرنیشنل اور رسائل وجرائد کے خاص نمبر خصوصاً فکر ونظر کا بر صغیر میں مطالعہ حدیث جلد 42، 43، 2005، اسی طرح فکر ونظر کا خاص شمارہ سیرت نگاری میں جدید رجحانات جلد 49 / 2011 وغیرہ، جسے ادارہ تحقیقات کے محقق ڈاکٹر حافظ مبشر حسین نے مرتب کیا ہے۔

اسی طرح تمام مجلّات میں حدیث وسیرت کے موضوع پر چھپنے والے مضامین کا مطالعہ خصوصی طور پر کیا جائے جہاتِ اسلام، فکر ونظر، البصیرۃ، القلم، العلم، سیرت سٹڈی، تحقیقات، محدّث کے حدیث وسیرت نمبرز وغیرہ

ہفتہ روزہ الاعتصام کا خصوصی شمارہ حجیّت حدیث نمبر نے خاص شہرت حاصل کی ان رسائل میں چھپنے والے اہم مضامین کی فہرست بطور نمونہ (منصوبہ جات میں دی جائے گی)

عنوان کی عبارت مختصر، جامع، مؤثر اور جاذب نظر ہو عبارت کے تقاضے اور مرکزی بحث میں موافقت اور مکمل ہم آہنگی ہونا ضروری ہے۔

سیمینارز اور کانفرنسز، خصوصاً حدیث وسیرت کے متعلقہ موضوعات پر عالمی سطح پر گہری نظر رکھی جائے مقالہ نگار: ان سے خصوصی رابطہ کر کے مشاورت مفید ثابت ہوتی ہے ۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

خاکہ تحقیق (Synopsis(Research Proposal) خُطّۃ البحث)

خاکہ تحقیق ایسی دستاویز ہوتی ہے جس کے ذریعے محقق بتاتا ہے کہ وہ کیسے اور کن مراحل سے گزر کر کیا تحقیق کرے گا۔ یہ تحقیقی عمل کا نقشہ ہوتا ہے جو نہ صرف تحقیق کروانے والے ادارہ اور محقّق کے درمیان معاہدہ کی حیثیت رکھتا ہے بلکہ تحقیق کے قابل عمل ہونے کی نشاندہی بھی کرتا ہے منزل کو حاصل کرنے کا راستہ تحقیقی مقالہ کا خاکہ اچھی طرح تیار ہونا چاہیے۔ خاکہ تحقیق درج ذیل عناصر پر مشتمل ہونا چاہیے:

1۔ ٹائٹل صفحہ (Title Page)

الف..... اس پر موضوع تحقیق، مقالہ نگار: ،نگران مقالہ (Bold)، فیکلٹی اور سیشن تحریر کریں۔ عنوان مقالہ جلی حروف میں تحریر کریں۔ اس کے نیچے دوسری لائن میں (خاکہ برائے تحقیقی مقالہ ایم اے/ BS / ایم فل/ پی ایچ ڈی شعبہ علوم اسلامیہ) لکھیں۔

ب:..... اس کے نیچے دائیں جانب نگران مقالہ کا نام، عہدہ (پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسسٹنٹ پروفیسر، لیکچرار) اور پتہ تحریر کریں۔ نگران مقالہ کے نام کے ساتھ دوسرے القاب مثلاً حضرت، محترم، صاحب اور مولانا وغیرہ تحریر نہ کریں۔ اس کے بائیں جانب مقالہ نگار: کا نام، رول نمبر اور پتہ تحریر کریں۔

ج:..... سب سے نیچے صفحے کے درمیان میں کلیہ/ شعبہ، یونیورسٹی، اور سیشن (.....) لکھیں۔

د:..... خاکہ نگار اپنے نام کے اوپر دستخط کرے اور نگران مقالہ (Supervisor) کے نام کے اوپر ان سے دستخط کروائے۔ سپروائزر کے دستخط سے اس بات کی نشاندہی ہوگی کہ وہ مقالہ کی رہنمائی کے لیے آمادہ ہے نیز خاکہ تحقیق سے مطمئن ہے۔

2۔ موضوع تحقیق کا تعارف (Introduction)

ا۔ موضوع تحقیق کے تعارف میں اپنے عنوان تحقیق کی وضاحت کریں۔ یہاں روایتی قسم کی معلومات سامنے آئیں گی یا سابقہ معلومات میں گراں قدر اضافہ ہوگا یا سابقہ معلومات کے

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

متبادل ایک نیا نقطہ پیش ہوگا۔عمومی اور خصوصی پہلوؤں کے حوالے سے بحث کی جائے گی جو جامعیت پر مبنی ہوگی۔

ب:..... موضوع اختیار کرنے کے اسباب ،موضوع کی ضرورت واہمیت ،اس سے مقالہ نگار: کی دلچسپی اور کے مصادر ومراجع سے مقالہ نگار: کی واقفیت وغیرہ ایسے امور کی نشان دہی کریں۔

ج:.....تعارف میں جو بھی معلومات درج کریں یا آیات واحادیث شامل کریں ،ان کے حوالہ جات فُٹ نوٹس کی شکل میں دیں ۔(حوالہ دینے کے طریقہ کے لیے دیکھیے عنوان: اقتباسات ،حواشی ،حوالہ جات اور کتابیات)

3۔موضوع تحقیق کا بنیادی سوال (Statement of research problem)

الف:.....موضوع تحقیق کے بنیادی سوال یا سوالات شامل کریں جن کا جواب آپ کی تحقیق میں تلاش کیا جانا مطلوب ہے۔موضوع تحقیق صرف ایک سوال پر بھی ہوسکتا ہے اور کئی سوالات پر بھی ۔ یہ سوالات ایسے ہوتے ہیں جو عنوان کے ساتھ گہرا ربط رکھتے ہوں اور موضوع پر سابقہ کام کے نتیجہ کے طور پر سامنے آتے ہوں اور یہ حل طلب مسئلہ ہو مثلا صحیح بخاری کی کتاب الأطعمة کے مطالعہ سے دور جدید میں کھانے پینے کے کونسے اصول وضع ہوتے ہیں وغیرہ اصلا اس مسئلہ کے حل کیلئے تحقیق کی جاتی ہے۔

ب:..... یہ سوال/سوالات آپ کے موضوع سے متعلق ہونے چاہئیں اور ان میں ایک منطقی ترتیب ہونی چاہیے۔سوالات جن کے جوابات پہلے سے موجود ہیں یا ضمنی نوعیت کے ہیں ،انہیں شامل نہ کیا جائے۔

4۔فرضیات (Hypotheses)

الف:.....فرضیات ،موضوع تحقیق کے بنیادی سوال کے وہ ممکنہ جوابات ہوتے ہیں ، تحقیق مکمل ہونے پر جن کی تصدیق یا تردید ہوتی ہے۔اصلا سوالات کے جوابات کی تلاش ہی تحقیق ہے سوال کے مطابق ہی جواب تیار کرنا چاہیے سوال اور جواب نتیجہ میں مطابقت ہی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تحقیقی مقالہ ہوتا ہے۔

ب:.....فرضیات کی تعین احتیاط کے ساتھ کریں۔فرضیات سوالیہ انداز میں ہرگز نہ لکھیں۔فرضیات موضوع کی مناسبت سے بنائے بھی جاسکتے ہیں اور نہیں بھی۔

5۔اہداف تحقیق (Objectives of Research)

اہداف تحقیق میں بتائیں کہ اس تحقیق کے ذریعے آپ کیا مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں اوران کی اہمیت کیا ہے۔تحقیق کسی نئے مسئلے کا حل بتاتی ہے یا موجود حل سے بہتر حل تجویز کرتی ہے۔یہاں محقق بتاتا ہے کہ وہ مقاصد کو کیسے حاصل کرے گا۔

6۔موضوع پر ہونے والے سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ (Literature Review)

یہاں موضوع تحقیق کے متعلق تحریر کی جانے والی بنیادی کتب مصادر و مراجع ،تحقیقی مجلّات میں طبع شدہ مقالات اور یونیورسٹیوں میں پیش کیے گئے مقالات کا ذکر کرتے ہوئے بتایئے کہ ان میں کون سی کمی یا ایسا پہلو ہے جس کی تشنگی کو آپ کی تحقیق مکمل کرے گی۔یہ حصہ اگرچہ تفصیل طلب ہوتا ہے مگر یہاں جامعیت اور اختصار سے کام لینا چاہیے۔موضوع کے متعلق سابقہ کام کا تجزیہ وتحلیل کرتے ہوئے نئے کام کرنے کا جواز پیش کرنا چاہیے کہ پہلے سے موجود کام کس نوعیت کا ہے کونسا پہلو تشنہ ہے اس کی وضاحت ضروری ہے۔ مقالہ نگار: اپنے موضوع کے متعلق دستیاب مواد کا اچھی طرح مطالعہ کرے۔

7۔منہج تحقیق (Methodology of Research):

اس میں ان تحقیقی اصولوں اور طریقہ کار کی وضاحت کریں جو آپ دوران تحقیق اختیار کریں گے۔مثلاً طریق کار کون سا استعمال کیا جائے گا، تاریخی ،بیانیہ، استقرائی،استنباطی، تحلیلی، تقابلی ،کلای تنقیدی ،وصفی، منطقی یا تجرباتی ؟مواد کیسے حاصل کیا جائے گا اور اس کے تجزیہ کے لیے کیا طریق کار اختیار کیا جائے گا۔حدیث وعلوم حدیث یا سیرت کے لیے اسی کے مطابق منہج اختیار کرنا چاہیے مقالہ میں فقط جمع نہیں ہونی چاہیے بلکہ ایک منہج اختیار کرنا چاہے موضوع کی مناسبت سے ایک سے زائد مناہج بھی اختیار کیئے جاسکتے ہیں۔سروے طریق کی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

صورت میں کون سے آلات استعمال کیے جائیں گے جیسے انٹرویو اور سوال نامہ وغیرہ۔ آپ نے اپنے کورس ورک میں جن اصولوں کا مطالعہ کیا ہے ان میں سے جو اصول آپ کے موضوع تحقیق سے متعلق ہوں، ان کا ذکر کیجئے۔ مثلاً:

اس مقالہ کے منہج تحقیق کے اہم نکات درج ذیل ہوں گے:

الف:..... یہ مقالہ بیانیہ اسلوب میں تحریر کیا جائے گا۔

ب:..... مواد جمع کرنے کے لیے لائبریری کے علاوہ سروے کا طریقہ اختیار کیا جائے گا۔

ج:..... سروے کی حدود کے تعین کے لیے سیمپلنگ (Sampling) کی جائے گی۔

د:..... احادیث نبویہ e کی تحقیق کے لیے اصول روایت استعمال کیے جائیں گے۔ احادیث کے اقتباسات اور ان پر حکم کا طریقہ کار ضروری ہے۔

ر:..... معاصر معاملات ومسائل کے بارے میں شرعی نقطہ نظر معلوم کرنے کے لیے مسلمہ فقہی آراء، مقاصد شرعیہ، معاصر مسلم فکر اور اصول فقہ کو مدنظر رکھا جائے گا۔

ز:..... اصطلاحات کی لغوی تشریح کے لیے لغت کی کتب اور اصطلاحی مفہوم کے لیے کتب اصطلاحات کو استعمال کیا جائے گا۔ محدثین متقدمین اور متاخرین کی کتب کے تناظر میں

س:..... سیرت رسول e کے واقعات کا تجزیہ کرنے کے لیے اصول سیرت نگاری کو استعمال کیا جائے گا۔

ص:..... تاریخی واقعات کا تجزیہ اور تحلیل کرنے کے لیے تاریخ نگاری کے اصولوں کو مد نظر رکھا جائے گا۔

8۔ ابواب وفصول

خاکہ تحقیق ابواب، فصول اور مباحث پر مشتمل ہونا چاہیے۔ تمام ابواب کی فصول میں توازن رکھیں، یہ نہ ہو کہ ایک باب میں آٹھ فصول ہوں اور دوسرے میں دو فصول میں دو فصول ہوں۔ ابواب میں منطقی ترتیب کا خیال رکھیں اور او تمام ممکنہ ذیلی عنوانات کو اجاگر کریں جن پر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

آپ نے تحقیق کرنی ہے۔

9۔فہارس مقالہ

خاکہ تحقیق میں مقالہ کی ممکنہ فہارس کا بھی اندراج کریں ۔عموما فہارس میں فہرست آیات، فہرست احادیث ،فہرست اعلام، فہرست اماکن ،فہرست مصطلحات اور فہرست مصادر ومراجع شامل ہوتی ہیں۔

10۔فہرست مصادر ومراجع

یہاں ان کتب اور مضامین کی الفبائی فہرست دیں جو آپ کے موضوع تحقیق کے ضمن میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔اس سے نشان دہی ہوتی ہے کہ مجوزہ موضوع تحقیق سے متعلق آپ کا مناسب مطالعہ ہے اور یہ کہ اس موضوع پر تحقیق ہوسکتی ہے۔فہرست مصادر مراجع میں انتہائی ضروری مصادر کو شامل کریں ۔یہ فہرست دو تین صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ (کتابیات مرتب کرنے کے طریقہ کے لیے دیکھیے عنوان: اقتباسات، حواشی ،حوالہ جات اور کتابیات)

خاکہ تحقیق کی تسوید

الف:..... خاکہ تحقیق inpage میں کمپوز کرتے وقت متن 14 فونٹ سائز پر جبکہ عنوانات 18 فونٹ سائز پر کمپوز کریں ۔عنوان مقالہ جلی (Bold) حروف میں تحریر کریں اور فونٹ سائز 22 رکھیں ۔خاکہ برائے تحقیقی مقالہ بی ایس/ ایم اے/ ایم فل/ پی ایچ ڈی شعبہ علوم اسلامیہ اور کلیہ/ شعبہ، یونیورسٹی اور سیشن (.....) کا فونٹ سائز 18 رکھیں ۔کاغذ کا سائز (A-4) رکھیں۔

ب:..... MSWord میں کمپوزنگ کرتے وقت متن اور سرخیوں میں فونٹ سائز Inpage کے فونٹ سائز سے ایک پوائنٹ زیادہ رکھیں ۔مثلا متن In page میں ہو تو 14 فونٹ سائز جبکہ MSWord میں 15 فونٹ سائز میں رکھیں۔

ج:.....اردو خاکہ تحقیق میں دائیں طرف ڈیڑھ انچ اور انگریزی خاکہ میں بائیں طرف

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ڈیڑھ انچ حاشیہ چھوڑیں۔صفحہ کے باقی تینوں اطراف میں ایک انچ کا حاشیہ چھوڑیں۔حاشیہ ظاہر کرنے کے لیے لائن نہ لگائیں۔خاکہ تحقیق کے ہر صفحہ کے اوپر یا نیچے درمیان میں صفحہ نمبر درج کریں۔

د:.....خاکہ تحقیق بالعموم 8۔10 صفحات سے زیادہ نہ ہو۔

تحقیقی مقالہ (Research disertation)/ پراجیکٹ کا فارمیٹ (Formate of project)

تحقیقی مقالہ/ پراجیکٹ میں طویل تمہید، تبصرے یا تقریظات شامل نہ کریں۔مقالہ / پراجیکٹ کا آغاز براہ راست موضوع سے کریں، حقائق سادہ اور عام فہم زبان میں بیان کریں۔تصنع، تکلف اور مقفع و مسجع نثر سے گریز کریں۔تکرار الفاظ، غیر ضروری الفاظ اور غیر متعلقہ معلومات شامل کرنے سے اجتناب کریں۔اختصار کا خیال رکھیں مگر ایسا نہ ہو کہ مختصر کرتے کرتے عبارت مبہم ہو جائے۔

مبالغہ آرائی، افسانہ طرازی، عامیانہ وسطحی بیانات، غیر سنجیدہ اور شاعرانہ رنگین بیانی سے اجتناب کریں تاکہ غیر جانبداری متاثر نہ ہو۔تحقیق میں محقق حقائق کو ہو بہو بیان کرتا ہے، ذاتی رائے سے اجتناب کرتا ہے اس لیے ضمائر متکلم مثلاً میں، ہم یا ہمارے وغیرہ کا استعمال مناسب نہیں۔کسی کی غلطی کی نشان دہی کرنی ہو تو طنز و حقارت کی بجائے سنجیدہ اور نرم لہجہ میں اس طرف اشارہ کریں، مبالغہ آمیز مدح سرائی یا دل آزاد تنقید سے گریز کریں۔تحقیقی مقالہ درج ذیل عناصر پر مشتمل ہونا چاہیے۔

1۔سرورق (Title Page):

الف:.....سرورق پر مقالے کا عنوان، امیدوار کا نام، پتہ اور تعلیمی قابلیت وغیرہ، اس ادارے کا نام جس کو مقالہ پیش کیا جائے گا، ڈگری کا نام جس کے حصول کے لیے مقالہ پیش کیا جا رہا ہے اور سال (یا سیشن) جس میں ڈگری ملنی ہے، کا ذکر کریں۔اس حصہ میں اسماء کے ساتھ انتہائی ضروری القابات کے علاوہ تفصیلی القابات نہ دیں۔عنوان ایک سے زائد سطروں میں ہو تو پہلی سطر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بڑی جبکہ دوسری چھوٹی رکھیں تاکہ خوبصورتی رہے۔(دیکھیے: تحقیقی مقالہ کے سرورق کا نمونہ)

ب:.....مقالہ/ پراجیکٹ کے دوسرے ورق بنائیں، ایک طرف اردو اور دوسری طرف انگریزی میں۔انگریزی کے سرورق پر اپنے مقالہ کا عنوان احتیاط سے اور درست انگریزی میں تحریر کریں کیونکہ آپ کی ڈگری پر آپ کے مقالہ کا عنوان انگریزی میں تحریر کیا جائے گا۔

2۔سرورق کے بعد ایک صفحہ خالی چھوڑیں۔

3۔عنوانی صفحہ:

اس میں عنوان مقالہ کے علاوہ اس بات کا ذکر کیا جائے کہ یہ مقالہ کس ڈگری کے لیے پیش کیا جارہا ہے۔(دیکھیے: تحقیقی مقالہ کے عنوانی صفحہ کا نمونہ)

4۔بسم اللہ کا صفحہ۔اس صفحہ پر عربی میں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں۔

5۔سپروائزر کی طرف سے فارورڈنگ لیٹر (Forwarding Letter)

فارورڈنگ لیٹر یونیورسٹی کے نمونہ کے مطابق دیں۔(دیکھیے: Forwarding Letter کا نمونہ)

6۔Acceptance Certificate by the Vica Voce Committee

(دیکھیے: AcceptanceCertificatebytheVivaVoceCommittee کا نمونہ)

7۔یہ حلف (Declaration) کہ آپ کا کام اوریجینل (Original) ہے نیز یہ کسی اور ڈگری کے حصول کے لیے پیش نہیں کیا گیا ہے۔

(دیکھیے: حلف نامہ (Declaration) کا نمونہ)

8۔ملخص مقالہ (Abstract):

ایک صفحہ پر مشتمل مقالہ کا ملخص (Abstract) لکھیں (انگریزی میں بھی ہونا چاہیے) جس کے جملے بہت طویل اور گنجلک نہ ہوں۔اس میں جن امور کا تجزیہ کیا گیا ہے، ان کا مختصر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ذکر کریں اور ابواب میں اخذ کیے گئے نتائج کی جانب بھی مختصراً اشارہ کریں۔

9۔اظہار تشکر:

یہاں دوران تحقیق علمی تعاون کرنے والے افراد/اداروں کا شکریہ ادا کیا جاسکتا ہے۔ اس سلسلے میں مبالغہ آرائی اور طویل فہرست سے گریز کریں

10۔فہرست ابواب:

مقالہ کے عمومی مندرجات کی فہرست جتنی مفصل ہو،نگران مقالہ اور عام قاری کے لیے اتنی ہی مفید ہوتی ہے۔فہرست ابواب کے بعد دیگر فہارس (اگر کوئی ہوں تو وہ) بھی شامل کریں جیسے:

فہرست جلد اول　　فہرست نقشہ جات　　فہرست اختصارات واشارات وغیرہ

12۔مقدمہ لکھنے کا طریقہ کار:

مقدمہ کے مندرجات خاکہ تحقیق کے مشابہ ہوتے ہیں خاکہ کے برخلاف یہاں محقق کو اپنے خیالات کے اظہار کی نسبتاً زیادہ آزادی ہوتی ہے۔مقالہ کے مقدمہ میں درج ذیل نکات شامل ہونے چاہیں:

الف: موضوع تحقیق کا تعارف، اہمیت اور پس منظر

یہاں موضوع تحقیق کی نوعیت،طریق کی حدود اور ماخذات کی نشاندہی کریں۔تحقیق کے مقاصد اور محرکات کے ذکر کے ساتھ موضوع کا پس منظر اور افادیت بھی بتائیں۔

ب: موضوع تحقیق کا بنیادی سوال

(Statement of the Research Problem)

ج: فرضیات (Hypotheses)

مسئلے کا حل شروع میں فرضیہ ہوتا ہے اور تحقیقی مواد کے تجزیے کے بعد اس کی تصدیق ہو جاتی ہے اور یہ اب حقیقی طور پر مسئلے کا حل بن جاتا ہے۔محقق قاری کو تجسس میں نہیں رکھتا وہ اس مقام پر مسئلے کا حل بھی بتا دیتا ہے جو اس کی تحقیق سے سامنے آیا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

و: موضوع پر ہونے والے سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ

موضوع سے متعلق اہم لٹریچر کا جائزہ لے کر بتائیں کہ اس میں کون سی ایسی کمی تھی یا کون سا ایسا پہلو تھا جس کی تشنگی کو آپ کی تحقیق نے مکمل کیا۔

ر: دوران تحقیق پیش آمدہ مشکلات

یہاں بتائیں کہ اس تحقیقی مطالعہ کے دوران آپ نے کیا طریق اختیار کیا، اس کی اس تحقیقی مطالعہ میں اہمیت کیا ہے نیز اس طریق کار کے دوران اگر کچھ مشکلات پیش آئی ہوں تو ان کا بھی تذکرہ کریں۔

13۔ تحقیقی مواد کا تجزیہ:

ا: تحقیقی مقالہ کا اصل متن اس حصہ میں شامل کریں۔ یہ حصہ خاکہ تحقیق میں دی گئی ابواب وفصول کی ترتیب کے مطابق مرتب کریں۔ (اس حصہ میں اقتباسات، حواشی اور حوالہ جات دینے کے طریقہ کے لیے دیکھیے عنوان: اقتباسات، حواشی، حوالہ جات اور کتابیات) (اصول تحقیق پر لکھی گئی کتب کی طرف مراجعت کریں)

ب: مواد کا تجزیہ اور وضاحت کرتے وقت، جہاں ضروری ہو، جداول (Tables) تصاویر (Illustration)، گراف اور نقشہ جات بھی شامل کریں۔ تصاویر ونقشہ جات وضاحتی نوٹ کے ساتھ متن کے درمیان متعلقہ مقام پر رکھیں۔

ج: مقالہ/ پراجیکٹ کے آخر میں ابواب کے بعد اور فہارس سے پہلے تحقیق کی روشنی میں ثابت ہونے والے نتائج کو نمبروار لکھیں۔ ان نتائج کی روشنی میں تحقیق کے بنیادی سوال /سوالات کا جواب دیں اور درست ثابت ہونے والے فرضیہ (Hypotheses) کی نشان دہی کریں۔ ان نتائج کی روشنی میں سفارشات بھی مرتب کریں اور موضوع تحقیق سے متعلق ایسے گوشوں کی نشاندہی کریں جن پر مستقبل میں اور محققین کام کرسکیں۔

14۔ حوالہ جاتی مواد حصہ:

تحقیقی مقالہ کے اس حصہ میں مختلف فہارس شامل کریں، جیسے:

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فہرست آیات فہرست احادیث فہرست مصطلحات

فہرست شخصیات ضمیمہ جات

تحقیقی مقالہ میں استعمال ہونے والی ایسی دستاویزات جن کو ہو بہو متن کا حصہ نہ بنایا جاسکتا ہو مگر مقالہ کے ثبوت کے طور پر ان کا دیا جانا ضروری ہو، انہیں بطور ضمیمہ شامل کی جا سکتا ہے۔ان میں مخطوطات اور دستاویزات وغیرہ کی نقوش ونقول شامل ہیں۔

مصادر ومراجع کی فہرست:

مراجع ومصادر میں ایسی کتب، رسائل وجرائد اور الیکٹرانک وسائل کی تفصیل دیں جن سے آپ نے دوران تحقیق استفادہ کیا اور ان کا حوالہ بھی اپنے مقالہ میں دیا۔یہ فہرست الف بائی ترتیب میں دیں۔فہرست اگر طویل ہو تو مصادر کے لحاظ سے مختلف حصوں میں مرتب کی جا سکتی ہے مثلاً مطبوعات، مخطوطات اور رسائل وجرائد کی فہرست وغیرہ۔مختلف زبانوں کے مراجع ومصادر کی فہرست الگ الگ مرتب کریں جیسے انگریزی اور اردو کے مراجع کی فہرست وغیرہ۔ (فہرست مصادر مرتب کرنے کے طریقہ کے لیے دیکھیے عنوان: اقتباسات، حواشی، حوالہ جات اور کتابیات)

مقالہ کی تسوید:

1۔صفحہ کے ایک طرف لکھیں

2۔انگریزی مقالہ/ پراجیکٹ کے ابتدائی صفحات (حلف نامہ، تصدیق نامہ، ملخص مقالہ اور فہارس وغیرہ) رومن اعداد سے ظاہر کریں اور اردو مقالہ/ پراجیکٹ ک ابتدائی صفحات تہجی (ا، ب، ج۔۔۔) سے ظاہر کریں۔

3۔انگریزی مقالہ میں اصل متن اور ضمیمہ جات کے صفحات کو انگریزی اعداد (1، 2، 3....) اور اردو مقالہ/ پروجیکٹ میں اردو اعداد سے ظاہر کریں۔

4۔ ہر باب نئے صفحے سے شروع کریں۔باب کا عنوان سطر کے مرکز (Centrealigned) میں رکھیں۔عنوان کے اوپر کی جانب بھی وقفہ (space) رکھیں اور

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نیچے کی جانب متن شروع کرنے سے قبل بھی وقفہ (space) چھوڑیں۔

ایک صفحہ پر باب کا عنوان اور ذیلی فصول کے عنوانات لکھیں جائیں ہر باب کے آغاز میں تمہیدی پیراگراف لکھیں اور آخر میں خلاصہ بحث بھی تحریر کیا جائے تو مناسب ہوگا

مقالہ کے کاغذ کا سائز، حواشی (Margins) اور فونٹ

A4() سائز کا فوٹو کاپی والا 90 گرام وزن کا کاغذ استعمال کریں۔اردو مقالہ پراجیکٹ میں کاغذ کے دائیں جانب ڈیڑھ انچ (1.5 = 3.8cm)، نیچے ایک انچ ("1) جبکہ اوپر اور بائیں جانب ایک ایک انچ (1 = 2.5cm) حاشیہ (Margin) رکھیں۔ انگریزی مقالہ پراجیکٹ میں بائیں جانب ڈیڑھ انچ (1.5 = 3.8cm)، نیچے ایک انچ ("1) جبکہ اوپر اور دائیں جانب ایک انچ (1 = 2.5cm) کا حاشیہ (margin) رکھیں۔

اردو مقالہ پراجیکٹ کی صورت میں Inpage پروگرام میں باب نمبر اور عنوان باب 24 فونٹ سائز، عنوان فصل 22 فونٹ سائز، عنوان مباحث 20 فونٹ سائز، ذیلی عنوان 19 فونٹ سائز جبکہ متن 16 فونٹ سائز میں ٹائپ کریں۔MSWord میں باب نمبر اور عنوان باب 23 فونٹ سائز، عنوان فصل 21 فونٹ سائز، عنوان مباحث 19 فونٹ سائز، ذیلی عنوان 18 فونٹ سائز جبکہ متن 15 فونٹ سائز میں ٹائپ کریں۔

اردو مقالہ پراجیکٹ میں نوری نستعلیق یا علوی فونٹ جبکہ انگریزی مقالہ میں Times New Roman فونٹ استعمال کریں۔تمام سرخیوں کے لیے جلی (Bold) فونٹ استعمال کریں۔حوالہ جات اور براہ راست اقتباسات کے سوا جملہ متن کی سطروں کے درمیان دہرا وقفہ (Double Space) رکھیں۔

مقالے کی کمپوزنگ کا املائی نظام

مقالے کی کمپوزنگ کرتے وقت مندرجہ ذیل امور کا مدنظر رکھنا ضروری ہے

ا:..... اردو میں جن الفاظ کے آخر میں الف مکسورہ ہے، ان کا املا دو طرح ملتا ہے؛ ی کے ساتھ اور الف کے ساتھ، جیسے عیسیٰ اور تماشا۔اس میں کسی ایک طرز کے بجائے عمومی رواج

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کو ترجیح دی گئی ہے اور الفاظ کو دونوں مشہور اسالیب میں تحریر کیا جاتا ہے، جیسے اعلیٰ، ادنیٰ، عیسیٰ، موسیٰ اور تماشا، تمنا، تقاضا، مدعا، مولا وغیرہ

۲:..... عربی کی تائے مدرہ (ۃ) کو اردو میں 'ت' کے ساتھ لکھنے کی سفارش اکثر املا نگاروں کے ہاں ملتی ہے اس لیے تنوین کی صورت میں ان کو اسی طرح لکھا جاتا ہے جیسے: نسبتاً م مرویتا، کنایاتا، ضرورتا، ارادتا، البتہ بعض مشہور الفاظ کا املا عمومی طریقے پر رہنے دیا گیا ہے جیسے: صلوۃ، زکوۃ، مشکوۃ

۳:..... ہائے مخلوط کے بارے میں املا نگار تقریباً متفق ہیں کہ یہ ہا دوچشمی ہوگی چنانچہ اس طرح کے الفاظ دوچشمی ہا سے لکھے جاتے ہیں جیسے، چودھواں، سولھویں، تمھیں، انھوں، جنھیں وغیرہ، اس کے مقابلے میں ہائے ملفوظ ہمیشہ کہنی دار ہوگی جیسے: بہت، کہنا تہوار وغیرہ

۴:..... اعداد نسبتی، ہائے دوچشمی سے لکھے جائیں گے، جیسے گیارھواں، بارھواں وغیرہ

۵:..... اضافت کے مسائل:

(الف) اردو میں جو الفاظ الف پر ختم ہوتے ہیں (اصول نمبر ایک) اضافت کے وقت وہ یائے مجہول سے لکھے جاتے ہیں اور اس پر ہمزہ نہیں لکھی جاتی جیسے: تمنائے دل، دوائے درد وغیرہ

(ب) ہائے مختفی پر ختم ہونے والے الفاظ کی علامت اضافت، ہمزہ کے ساتھ ہوگی، نہ کہ کسرہ کے، جیسے: قصۂ پارینہ، گوشۂ عافیت وغیرہ

(ج) یائے معروف پر ختم ہونے والے کلمات پر کسرہ اضافت آئے گی، جیسے: بندگی خدا، سرخی حنا وغیرہ، یائے مجہول کے لیے بھی یہی اصول ہے جیسے: مے شبانہ وغیرہ

(د) اس کے علاوہ الفاظ میں علامت اضافت کسرہ ہوگی، جیسے: کتاب زندگی، طوفان حیات وغیرہ

(ھ) جن کلمات میں قواعد کی رو سے اضافت مقلوب ہے ان میں اضافت کی کوئی علامت نہیں آئے گی، جیسے: سرورق، پس منظر وغیرہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

۶:.....انصراف/ املہ کے مسائل

اردو میں انصرافا یا امالہ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے کہ کلام میں الف یا ہائے ہوز پر ختم ہونے والے اسما پر حرف جر (کا، کے، کو، میں، نے وغیرہ) آنے سے کیا تبدیلیاں واقع ہوں گی اس کے لیے دو معروف اور کثیر الاستعمال اصول سامنے رکھے جاتے ہیں:

(الف) تمام اردو مصادر میں امالہ ہوگا، جیسے: آنا، جانا، کرنا وغیرہ مجردی حالت میں آنے، جانے، کرنے وغیرہ بن جائیں گے۔

(ب) عربی فارسی اسمائے ذات، جو الف یا ہا پر ختم ہوتے ہیں ان میں امالہ ہوگا، جیسے: مجلہ، قبیلہ، سلسلہ وغیرہ میں مجروری حالت میں امالہ ہوگا، جیسے: اس مجلّے میں، قبیلے کا، سلسلے میں وغیرہ

۷:..... جو الفاظ الف پر ختم ہوتے ہیں ان کے آخر میں ہمزہ لکھنا عربی قاعدے کے مطابق ہے لیکن اردو کے املا نگار یہاں ہمزہ نہ لکھنے کی سفارش کرتے ہیں جیسے علما ارتقا وغیرہ

۸:..... مرکب الفاظ کو جوڑ کر لکھنے کے بجائے جدا لکھنے کے اسلوب کی سفارش اکثر نام در املا نگاروں نے کی ہے اور پڑھنے کی سہولت کے پیش نظر اسے اختیار کیا گیا ہے جیسے: خوب صورت، خوش رنگ، نیک بخت، گل بدن، آج کل، دل لگی، گل دستہ وغیرہ

۹:.....ہمزہ سے پہلے کسرہ ہو تو اسے یا سے لکھا جائے، جیسے: لیے، کیئے، چاہیے، سنیے، دیجیے وغیرہ

نوٹ:..... املا کے دیگر کئی مسائل ہیں لیکن اختصار کے پیش نظر یہاں معروف اور کثیر الاستعمال صورتیں بیان کی گئی ہیں۔

۱۰:.....مقالہ/ پروجیکٹ کی جلد بندی

مقالہ/ پروجیکٹ گہرے سرخ (maroon) رنگ کی (rexine) یا کپڑے کی جلد میں ہونا چاہئے جس پر سنہری حروف میں لکھائی کی گئی ہو۔ (نیز دیکھیے: تحقیقی مقالہ کے سرورق کا نمونہ) ہر یونیورسٹی یہ رنگ متعین کر سکتی ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اقتباسات، حواشی، حوالہ جات اور کتابیات

اقتباسات اور حواشی:

۱:..... کسی دوسرے کے خیالات کو اسی کے الفاظ میں دینا براہ راست اقتباس کہلاتا ہے۔ براہ راست اقتباس تین سے کم سطروں پر مشتمل ہو تو اسے متن کے اندر ہی دیا جاسکتا ہے۔ ایسی صورت میں اسے واوین ("۔۔۔") میں بند کرنا ضروری ہے۔

۲:..... براہ راست اقتباس تین یا زائد سطروں پر مشتمل ہو تو متن سے الگ نئی سطر سے شروع کیا جائے، اس کا سائز متن کے فونٹ سائز سے کم اور متن کے مقابلہ میں اس کا دونوں اطراف پونے انچ حاشیہ بھی زائد ہو۔ ایسی صورت میں اقتباس کو واوین میں بند کرنا لازم نہیں۔

۳:..... براہ راست اقتباس طویل ہو تو اس کے پیراگراف بھی اصل ہی کی طرح دیے جائیں۔ اقتباس کے اندر بھی اقتباس ہو تو اسے الٹے اور سیدھے سکتہ ('۔۔۔') میں بند کریں۔

۴:..... اقتباس کے اندر کچھ حصہ حذف کیا گیا ہو تو تین نقطوں (۔۔۔) سے اس کی نشاندہی کریں۔ متن کے اندر اگر کوئی تصحیح مقصود ہو تو اسے بڑی بریکٹ [] میں بند کریں۔ اگر کسی متن میں کوئی متن میں کوئی ناقابل فہم لفظ ہو تو اس کے آگے "[کذا]" یا "[sic]" لکھیں۔

۵:..... عام طور پر براہ راست اقتباس کا استعمال اچھا نہیں سمجھا جاتا اور اس پر زور دیا جاتا ہے کہ دوسروں کے خیالات کو اپنے الفاظ میں بیان کیا جائے۔ اس لیے براہ راست اقتباس تب دیں جب خیال ہو کہ عبارت میں بیان کیے گئے خیالات کو خود اچھے انداز میں بیان نہیں کر پائیں گے یا کسی دوسرے کے موقف کا ثبوت یا اس کی تردید مطلوب ہو یا دو متضاد خیالات کا موازنہ مطلوب ہو اور اصل عبارت نقل کیے بغیر پوری وضاحت نہ ہوسکتی ہو۔

۶:..... اقتباسات میں بے سبب طویل اور بے ربط عبارات نقل نہ کریں۔ وہی جملے دیے جائیں جو براہ راست موضوع تحقیق سے متعلق ہوں۔ جو بھی اقتباس دیا جائے اصل

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عبارت کے عین مطابق ہو۔ اس میں کسی قسم کا تصرف یا غلطی نہ ہو۔ اقتباس میں معمولی غلطی بھی مفہوم بگاڑ سکتی ہے۔

۷:..... دوسروں کے خیالات کو اپنے الفاظ بیان کرتے وقت بہت احتیاط کریں۔ دوسرے کی غلط ترجمانی یا غلط تفہیم تحقیقی مطالعہ کے نتائج کو تو متاثر کرتی ہی ہے اس سے خود محقق کی علمی اور فنی مہارت بھی مشکوک ہو جاتی ہے۔

۸:..... جہاں ضروری ہو، حواشی یا تعلیقات میں متن کی وضاحت کریں، مثلاً تمام شخصیات کا تعارف کروائیں اور اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتب سے حوالہ جات دیں۔ اصطلاحات کی وضاحت اور علاقوں کا تعارف بھی کروائیں اس کے لیے معجم البلدان سے رہنمائی حاصل کریں۔ حاشیہ میں ایسے نظریات یا معلومات کا بھی ذکر کیا جا سکتا ہے جو متن میں شامل کرنے سے متن کی روانی میں خلل واقع ہوتا ہو مگر آپ کا خیال ہو کہ قاری کو ان کا علم ہونا چاہیے۔

حوالہ جات:

حوالہ جات میں مقالہ میں مستعار لیے گئے براہ راست یا بالواسطہ اقتباسات کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کریں کہ وہ کہاں سے لیے گئے ہیں؟ حوالہ جات کے ذریعے نگران یا قاری مقالہ میں دیے گئے اقتباسات کو اصل مصادر سے دیکھ کر ان کے اصلی اور درست ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ حوالہ دیتے وقت درج ذیل امور کا خیال رکھیں:

۱:..... حوالہ دیتے وقت مصنف کا پورا نام (پہلے معروف نام کا باقی حصہ) کتاب کا عنوان، مدیر، مترجم، مولف اگر ترجمہ، جمع یا تالیف پر مبنی کتاب ہو ایڈیشن، طباعتی تفاصیل مقام اشاعت ناشر، سال اشاعت اور جلد وصفحہ نمبر دیں۔ مصنف کے حوالہ میں غیر ضروری القابات مثلاً حضرت مولانا وغیرہ اور پبلشر کے ساتھ Co., Corp., Inc., Ltd., a, an, the وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔ مخطوطہ کا حوالہ دیتے وقت ''مخزونہ'' یا ''مشمولہ'' لکھ کر اس مقام

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

یالائبریری کی تصریح کریں جہاں وہ مخطوطہ ملاحظہ کیا گیا ہو۔

۲:..... تحقیق کی نوعیت کے لحاظ سے امات الکتب اور موضوع تحقیق سے براہ راست یا قریبی رکھنے والے مصادر یعنی بنیادی ماخذوں سے حوالہ دیں۔ کتاب کا ترجمہ ثانوی ماخذ شمار ہوتا ہے اسلیے ترجمہ کی بجائے اصل متن کا حوالہ دیں۔ بنیادی مصدر یا ماخذ سے مراد ایسی کتب ہیں جو کسی ماخذ سے مراد وہ ماخذ ہیں جو چشم دید شہادت پر مبنی نہیں ہوتے بلکہ بنیادی مصادر کو بنیاد بنا کر مرتب کئے گئے ہوتے ہیں۔

۳:..... حوالہ جات ہر صفحہ کے نیچے دیں۔ ایک ہی ماخذ کا حوالہ دوسری بار دینا مقصود ہو تو مصنف کا معروف نام، مختصر عنوان اور صفحات کی تفصیل دیں۔ انگریزی نام کے آخری حصہ کو شروع میں لائیں۔ اردو مصنف کے معروف نام کے تعین کے ضمن میں پاکستانی مسلم ناموں کے درست اندراج کے لیے بین الاقوامی کانفرنس برائے اصول کیٹلاگ سازی، پیرس (1961) میں منظور شدہ آٹھ اصولوں اور انکی بنیاد پر ڈاکٹر انیس خورشید کے وضع کردہ قوانین سے مدد لی جاسکتی ہے (دیکھیے: خورشید احمد، ڈاکٹر۔ جدید کیٹلاگ سازی۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان)

۴:..... کسی کتاب یا مضمون وغیرہ کے تین مصنّف ہوں تو حوالہ دیتے وقت سب کا ذکر کریں۔ اگر مصنّفین چہار یا زائد ہوں تو پہلی بار حوالہ دیتے وقت سب کا ذکر کریں۔ دوسری بار یا اس کے بعد حوالہ دیتے وقت صرف پہلے مصنف کا مشہور نام دیں اور اس کے آگے "ودیگر" لکھ دیں۔

۵:..... جہاں ضروری ہو، معیاری مخففات استعمال کریں۔ مثلاً صفحہ کے لیے ص یا p.، مسلسل کئی صفحات کے لیے pp.، پبلشر مذکور نہ ہو تو م۔ن یا p.n. تاریخ طباعت مذکور نہ ہو تو ت۔ن یا n.d.، متصل قبل والے حوالہ کی جانب اشارہ کے لیے ایضا یا ibid.، متصل قبل حوالہ سے اوپر والے حوالہ کی جانب اشارہ کے لیے محولہ بالا یا op cit.، مترجم کے لیے trans.، مرتب کے لیے comp.، مدیر کے لیے Ed اور نظر ثانی شدہ ایڈیشن کے لیے ed.rev وغیرہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حوالہ جات کی مثالیں

حوالہ جات دینے کے لیے درج ذیل اسلوب اختیار کریں۔ مثالوں میں دیے گئے رموز واوقاف کی بھی پابندی کریں۔

قرآن مجید کا حوالہ (قرآن مجید کے حوالہ میں سورت کے نام کے بعد آیت نمبر لکھیں، سورت کا نمبر لکھنا ضروری نہیں البتہ بہتر ہے۔)

﴿وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝﴾ (الشوریٰ : 32)

(بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۚ وَ اَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۝۱۱)

(الفرقان: 11)

حدیث کا حوالہ (حدیث کے حوالہ میں کتاب اور باب کا ذکر ضرور کریں تاکہ حدیث تک آسانی سے رسائی ہو سکے حدیث نمبر درج کرنا یہ آسانی کا باعث ہوتا ہے)

بخاری، محمد بن اسماعیل۔ ابوعبداللہ۔ الجامع الصحیح المسند المختصر من امور رسول اللہ e وسننہ وایامہ۔ بیروت : دار ابن کثیر ، 1987ء۔ کتاب الصلوۃ ، باب کیف فرضت الصلوۃ فی الاسراء، رقم الحدیث 188، کتاب العلم ، بَابُ مَنْ سُئِلَ عِلْمًا وَهُوَ مُشْتَغِلٌ فِي حَدِيثِهِ، فَأَتَمَّ الحَدِيثَ ثُمَّ أَجَابَ السَّائِلَ، رقم الحدیث 115

ابوداؤد، سلیمان بن اشعث۔ سنن ابی داود ۔ بیروت : دار الفکر ، 2001 ء ۔ کتاب الجہاد ، باب فی ثواب الجہاد ، رقم الحدیث210

کتاب کا حوالہ:

جصاص ، ابوبکر احمد بن علی رازی ، احکام القرآن، باب تحریم الخمر، (بیروت ط، احیاء التراث العربی، 1405ھ 2:2

دوبارہ حوالہ کے لیے صرف مصنف کا مشہور نام اور کتاب کا مختصر نام لکھا جائے مثلاً:

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جصاص، احکام القرآن 26:1

ایک ہی مصنف کی دو کتابوں کا حوالہ:

سیوطی، جلال دین۔ الدر المنثور۔ بیروت: دار الفکر، 1993ء۔ ج2 ص190۔

۔۔۔الاتقان فی علوم القرآن مصر : الهئية المصرية العامة للكتاب، 1974ء- ج2 ص 123-

مدون کتب کا حوالہ

مشتاق حسین، مرتب باقیات شبلی، لاہور مجلس ترقی ادب، 1965ء، 26

ظفر، عبد الروف، ڈاکٹر، مرتب مقالات سیرت، سیرت چیئر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، 2007، 370

انگلش کتاب کے حوالہ کا طریقہ:

1. Fazlur Rahman. Islamic Methodology in History. Islamabad: Institute of Islamic Research, 2009.P.123.Islam. Chicago: University of Chicago, 1979.P.78,Op cit. P.130.

یہاں یہ فرق ملحوظ رہے کہ اردو میں ۔۔۔ کے ذریعے نشاندہی کی گئی ہے کہ مصنف وہی ہے جو سابق حوالہ میں ہے۔ جبکہ انگریزی میں تین hyphens اور ایک وقفہ کے ذریعے یہ نشاندہی کی گئی ہے۔ انگریزی کی تیسری مثال Op cit. P.130 سے مراد یہ ہے کہ یہ حوالہ متصل حوالہ سے اوپر کے حوالہ یعنی Islamic Methodology in History کے صفحہ 130 کا ہے۔

مجموعہ مضامین پر مبنی کتاب میں سے کسی مضمون کا حوالہ:

2. Tariq Ramadan"The Way (Al-Shariah) of Islam".The New voices of Islam: Reforming Politics and Modernity. Ed.

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

MehranKamrava. London: I.B. Tauris, 2006.P.72.

مدیر/مرتب کا حوالہ:

3. Cooper, John Ronald L. Nettler and Mohamed Mahmoud(Eds.(.Islam and Modernity: Muslim Intellectuals Respond. London: I.B. Tauris, 2006.P.12.

یہاں مذکور دونوں مثالوں میں رموز واوقاف نیز edاور edsکے استعمال پر خاص توجہ کریں۔عنوان کو Italicize کیا گیا ہے

ترجمہ کا حوالہ:

یوسف قرضادی، ڈاکٹر۔ اسلام اور سوک لرزم۔ مترجم ساجد الرحمان صدیقی، اسلام آباد عالمی ادارہ فکر اسلامی 1997ء۔کتابیات میں اصل زبان کا عنوان بھی دیا جا سکتا ہے تاہم حوالہ عنوان نہ دینا ہی بہتر ہے۔

مستقل کتاب کا حوالہ:

ابو بکر محمد بن احمد السرخسی ، اصول السرخسی، (بیروت، دار المعرفۃ: 1997ء) ، 350:1۔

مدون شدہ کتاب کا حوالہ:

خلیق احمد نظامی ، مرتب شاہ ولی اللہ کے سیاسی مکتوبات(لاہور ، ادارہ اسلامیات، 1978ء)52

رسالے کا حوالہ:

ندوی ،محمد اسجد۔" قوموں کا عروج وزوال :قرآن وحدیث کی روشنی میں"۔ الرشاد 43:4(2002)ص12۔مثال میں 43:4 سے مراد شمارہ نمبر 4 اور جلد نمبر 43 ہے۔

لغات کا حوالہ:

"الشرح"۔ فیروز آبادی ،محمد بن یعقوب ۔ القاموس المحیط ،لبنان : مؤسسۃ الرسالۃ،

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

2005ء۔ج1ص195۔

"الارز"۔ قاسمی ، وحید الزمان ، القاموس الوحید۔ لاہور: ادارہ اسلامیات ، 2001 ء۔ص122۔

انسائیکلوپیڈیا کا حوالہ:

"تفسیر"۔ دانش گاہ پنجاب۔ اردو دائرہ معارف اسلامی ۔ لاہور : دانش گاہ پنجاب ، 1980ء۔جلد6ص504۔

4. 1.Boyer, jay".Modernism".International encyclopedia of social sciences. New York:

5. The gale, 2008.V.5,p.228.

6. 2.Ch pellat,'Hayawan' The Encyclopedia of Islam, eds, B Lewis, V.L Manage.

7. Ch pelleat and J. Schacht(Leiden E.J brim 1986) 3:307

قابل ذکر ہے کہ دوسری مثال میں مضمون نگار کا نام بھی مذکور ہے۔ انسائکلو پیڈیا کے حوالہ میں جہاں مضمون نگار کا نام دستیاب ہو ذکر کریں

ویب سائٹ کا حوالہ:

https//:www.islamqa.info/ur/answers/12292

آن لائن مقالے کا حوالہ :

8. Fukuyama, Francis. The End of History The National Interest, summer 1989 ,available at: http//:www. wesjones.com/eoh.htm(accessed on: 14.06.2008)

حوالے کے ماخذ کی نوعیت:

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بنیادی ماخذ کے لیے 'مصدر' اور ثانوی ماخذ کے لیے مرجع کے الفاظ استعمال کیے جائیں۔

فہرست مصادر ومراجع:

فہرست مصادر ومراجع میں بھی مصنفین مولفین کے مشہور ناموں کا ہی لحاظ رکھیں اور یہ فہرست الفبائی ترتیب کے مطابق درج کریں۔ اس ترتیب میں بن، ام، ال کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔ مثال کے طور پر ابن خلدون "خ" میں درج ہوگا نہ کہ "الف" میں۔ فہرست مصادر و مراجع میں حوالہ جات کے برخلاف صفحہ نمبر یا مادہ کا حوالہ شامل نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر:

قاسمی، وحید الزمان، القاموس الوحید۔ لاہور: ادارہ اسلامیات 2001۔

Forwarding Sheet by Supervisor

I Prof/.Dr.....Supervisor of The research student Mr./Mrs .....do hereby solemnly declare that the thesis entitled.....being submitted as a partial fulfillment of M. Phil. Islamic Studies has been completed under my/our guidance and supervision and is an original work of the student except where otherwise acknowledged in the text. It has not been submitted or published earlier for obtaining any degree from this or any other University or Institution.

The thesis is complete in all respects and I/We are fully

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

satisfied with the quality of student's research work. Now it is ready to be evaluated by external subject experts.

Date.....:

Signature.....:

Name in full.....:

Address.....:

Phone.....:

E.Mail.....:

(University Name)

Department.....

Approval by the Viva Voce Committee

Title of Thesis.....:

Name of Student.....:

Accepted by the Faculty of Islamic Studies,.....

University....., for partial fulfillment of the requirements for the Master of Philosophy Degree in Discipline ..... with specialization in (where applicable).....

Supervisor

Viva Voce Committee

External Examiner

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Chairperson/Director

Dean: .....

Members: ....

Date .....

DECLARATION

I.....Son/Daughter of ..... Roll No..... Registration No. ..... Student of M. Phil Islamic Studies, Faculty of Islamic Studies, ... University,..... do hereby solemnly declare that the thesis entitled..... is submitted by me in partial fulfillment of M. Phil Islamic Studies Degree, is my original work except where otherwise acknowledged in the text, and has not been submitted or published earlier and shall not, in future, be submitted by me for obtaining any degree from this or any other university of institution.

Signature: .....

Name: .....

Date: .....

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تحقیقی مقالہ کے سرورق کا نمونہ:

الجامع الصحیح میں امام بخاری a کی اجتہادی بصیرت اور عصری اطلاقات
عصر حاضر میں قانون سازی اور اجتہاد محدثین کے منہج سے استفادہ کی صورتیں
(تحقیق وتجزیہ)

یونیورسٹی کا لوگو

نام طالب علم

.....

رول نمبر: .....

نام نگران مقالہ و

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ادارہ/ یونیورسٹی کا نام

اصول تحقیق کے دیگر مباحث کے لیے درج ذیل کتب کی طرف مراجعت مفید ہوگی

1. الاحصاء و طرق تطبیقہ فی میادین البحث العلمی، انیس کونجو، موسسۃ الرسالہ 1977ھ
2. ادبی تحقیق، ڈاکٹر جمیل جالبی، مجلس ترقی ادب کلب روڈ، لاہور، 1994ء
3. اردو اسلامی طریقہ ہائے تحقیق، ڈاکٹر سلیم آغا
4. اردو میں فنی تدوین، ڈاکٹر ایم ایس ناز، ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد، 1991ء
5. اسالیب تحقیق اسلامیات، منقاد احمد فیضی، ایور نیو بک پیلس، اردو بازار لاہور، 2009ء
6. اسلام میں تحقیق کا تصور، ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
7. اسلام میں تحقیق کے اصول ومبادی،)مطالعاتی رہنما، ایم۔فل اسلامیات(، ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، 1987ء
8. اسلامی اصول تحقیق، پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خاکوانی، ادارہ مطبوعات سلیمانی، لاہور، مارچ 2013ء
9. اسلامی اصول تحقیق، ڈاکٹر محمد اکرم رانا، بیکن بکس، غزنی سٹریٹ، لاہور، 2013ء
10. اسلامی تحقیق کا مفہوم، مدعا اور طریق کار، ڈاکٹر محمد رفیع الدین ، دارالاشاعۃ الاسلامیہ، لاہور، اپریل 1969ء
11. اصول بحث وتحقیق علوم شرعیہ، ڈاکٹر سراج الاسلام حنیف، دار القرآن والسنہ، ہوسٹی، شہباز گڑھی، مردان اشاعت دوم، 2014ء
12. اصول تحقیق،)جدید ریسرچ کے اصول وضوابط(، ڈاکٹر ظفر الاسلام خان، یورپ اکادمی اسلام آباد، 2015ء
13. اصول تحقیق، پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی، سابقہ ڈائریکٹر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، جامعہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

پشاور، این بی پرنٹرز، 1992ء

14. اصول تحقیق، ڈاکٹر افتخار احمد خان، شمع بکس، بھوانہ بازار، فیصل آباد، اکتوبر 2014ء

15. اصول تحقیق، ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی، نیشنل بک فاونڈیشن، وزارات تعلیم، اسلام آباد، 2007ء

16. علمی تحقیقات کیوں اور کس طرح؟ مولانا مودودی، مرکزی مکتبہ دہلی، 1984ء، صفحات 27

17. اصول کتابۃ البحث العلمی وتحقیق المخطوطات، الدکتور یوسف المرعشلی، دار الالمعرفۃ للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان، 2003ء

18. آپ مقالہ کیسے لکھیں۔ مترجم: مولانا شمس الحق کاکڑ، الفلاح، کراچی،) تحقیقی مقالات کی ترتیب تدوین اور تیاری کے اصول (، پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحمن، مکتبہ یادگار شبیر احمد عثمانی، اورنگی ٹاون کراچی، طبع اول 2008ء

19. البحث الادبی، طبیعۃ مناہج، اصولہ، مصادر، الدکتور ضیف شوقی، دار المعارف، القاہرہ، مصر 1986ء

20. تحقیق اور اصول وضع اصطلاحات پر منتخب مقالات،

21. تحقیق کے اصول وضوابط، احادیث نبویہ کی روشنی میں، ڈاکٹر کرنل) ریٹائرڈ (عمر فاروق غازی، سابقہ ڈائریکٹر سید مودودی انسٹی ٹیوٹ لاہور، طبع دوم فروری 2007ء

22. تحقیق کے اصول، احادیث نبویہ کی روشنی میں، ڈاکٹر ایم ایس ناز، فاران کمیونی، کیشنز، لاہور

23. تحقیق کے بنیادی عوامل وارکان، قرآن کی نظر میں، ڈاکٹر کرنل) ریٹائرڈ (عمر فاروق غازی، سابقہ ڈائریکٹر سید مودودی انسٹی ٹیوٹ لاہور، دسمبر 1999ء

24. تحقیق کے طریقے، ڈاکٹر نثار احمد زبیری، فضلی سنز پرائیوٹ لمیٹڈ، کراچی، مارچ 2003ء

25. تحقیق نگاری،) مطالعاتی رہنما، ایم۔ فل اسلامیات (، ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی، علامہ اقبال

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد،

26. تحقیق وتدوین کا طریقہ کار) عربی، اسلامی علوم اور سوشل سائنسز میں (پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک، اورینٹل بکس 2012ء

27. تہذیبی کشمکش میں علم تحقیق کا کردار، سید ابو الاعلی مودودی اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔اکتوبر 2012ء

28. رہبر تحقیق علوم اسلامیہ، ڈاکٹر سعید الرحمن بن نور حبیب، اسلامی ابلاغ و تحقیق فورم، مردان، جنوری 2016ء

29. رہنمائے تحقیق) علوم اسلامیہ میں ایم۔اے، ایم۔فل، اور پی ایچ ڈی کے محققین کے لیے تحقیقی اسالیب اور موضوعات پر مشتمل کتابچہ (، پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز، ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء، انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اینڈ اریبک سٹڈیز، جامعہ پشاور، 2009ء

30. كيف تكتب بحثاً ، الدكتور محمد علی الخولی،، دار الفلاح لنشر والتوزيع، اردن، الطبعة الاولى 1996ء

31. كيف تكتب بحثاً أو رسالة دراسة منهجيه۔از پروفیسر ڈاکٹر احمد شلبی کا اردو ترجمہ

32. كيف تكتب بحثاً أو تحقق نصاً، الدكتور محمد نغش، مطبعة الحلبی، القاهرة، مصر، الطبعة الاولى 1990ء

33. مسلمان مورخین کا اسلوب تحقیق: عصر خلفائے راشدین، ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، قائد اعظم لائبریری، باغ جناح لاہور، 1988ء

34. کناشہ تحقیق، اسلامی علوم میں تحقیق وتالیف کے آداب واخلاق، ڈاکٹر محمد فیروز الدین شاہ کھگہ، مجلس تحقیق علوم قرآنی، لاہور، 2018ء

35. منهج البحث فی الدراسات الاسلامیہ، تالیفہا وتحقیقہا، الدکتور، فاروق حمادہ، منشورات کلیہ الآداب والعلوم الانسانیۃ جامعہ محمد الخامس، الرباط 1416ھ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

36. منهج كتابة التاريخ الاسلامي، لماذا؟ وكيف؟ جمال عبدالهادی، مسعودہ، دارالوفاء، 1407ھ

37. علوم اسلامیہ میں تحقیقی مقالہ نگاری، پروفیسر، خورشید احمد سعیدی، عکس، لاہور 2018ء

38. منهج كتابة التاريخ الاسلامي، محمد بن سامل العلیانی، دار طیبہ، 1406ھ

تحقیق حدیث وسیرت کے بنیادی مصادر

شعبہ علوم اسلامیہ کی تحقیق میں حدیث شریف کی حیثیت بنیادی مصادر کی ہے قرآن مجید کی تفسیر ہو یا کوئی فقہی احکام ومسائل حدیث مبارکہ کے بغیر وہ تحقیق وجستجو ناممکن ہے کیونکہ آپ ﷺ ہی اللہ تعالی کی جانب سے شرح تبیین کے لیے مامور تھے ارشاد باری تعالی ہے:

(وَ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الذِّكْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْهِمْ وَ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ۴۴)

(النمل: 44)

''اور ہم نے آپ e کی طرف یہ ذکر نازل کیا ہے تاکہ آپ لوگوں کے سامنے وہ سب کچھ بیان کریں جو ان کے لیے اتارا گیا ہے تاکہ وہ غور وفکر کریں۔''

نبی e کی حیات طیبہ ہی سے صحابہ کرام نے اس ذخیرہ/خزانے کو اپنے سینوں میں محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ لکھنا بھی شروع کر دیا تھا (حضرت رافع بن خدیج t نے رسول اللہ e کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ e ہم آپ e کے ارشادات سن کر لکھ لیا کرتے ہیں تو آپ e نے فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں۔

دور تابعین اور تبع تابعین میں تو اس کی اہمیت اور زیادہ ہوتی چلی گئی چنانچہ پہلی صدی ہجری کے آواخر میں امیر المومنین عمر بن عبد العزیز a نے سرکار کی سرپرستی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جس نے اس کام کو منظم انداز سے شروع کیا بالآخر تیسری صدی ہجری میں حدیث کی جانچ پڑتال کے ساتھ کتب ستہ کی تدوین شروع ہوئی۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

یہ کام صدیوں پر محیط رہا بعد ازاں، مستدرکات، مستخرجات اور دوسری کتب کی تدوین سے لاکھوں احادیث مبارکہ کو محفوظ کر لیا گیا جمع وتدوین حدیث کے سلسلے میں محدثین نے جس درجہ احتیاط سے کام لیا ہے دوسرے مذاہب اور علوم میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔

ڈاکٹر حمید اللہ لکھتے ہیں: ''ہم آج بھی یہ کہہ سکتے ہیں کہ حدیثوں کی صحت جانچنے کا جو وسیلہ ہمارے پاس ہے اس کا عشر عشیر بھی کسی اور قوم کے پاس نہیں پایا جاتا میں اپنے عیسائی بھائیوں کو ناراض کئے بغیر یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان کے انجیل پر اتنا اعتماد نہیں کیا جا سکتا جتنا ہماری بخاری وترمذی پر کیا جا سکتا ہے کیونکہ انجیل کی تدوین انجیل کا تحفظ انجیل کا نسل بعد نسل منتقل ہونا اس طریقے سے عمل میں آیا جس طریقے سے احادیث کی کتابوں میں عمل ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔

ابتدائی دور میں تو ان کے نسخے ہاتھوں سے لکھوائے جاتے تھے لیکن جوں جوں کتب کی ترویج واشاعت کے نت نئے طریقے ایجاد ہوتے چلے گئے تو خزانہ احادیث مزید پھیلتا پھولتا رہا اور علماء ومحققین اس سے استفادہ کرتے رہے فی زمانہ جب لوگوں کی یادداشت میں نقص واقع ہونا شروع ہوا تو یہ امر نہایت اہم تھا کہ محققین وعلماء کی آسانی کے لیے ایسے ٹولز ایجاد کئے جائیں جس کی مدد سے وہ لاکھوں احادیث میں سے درپیش مسئلہ کے متعلق حدیث چند لمحوں میں تلاش کر سکے تاکہ اس کی روشنی میں اجتہاد کر کے کسی نتیجے تک پہنچنا ان کے لیے ممکن ہو سکے۔

90 کی دہائی میں جب انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی کا نیا دور شروع ہوا تو اہل علم نے اس سے بھی خوب خوب استفادہ کیا جس کی وجہ سے دین اسلام کی ترویج وترقی اور حفاظت وصیانت کے لیے کمپیوٹر اور نیٹ کا استعمال عام ہونے لگا۔

کچھ حساس نوجوان اس جانب متوجہ ہوئے کہ قرآن وحدیث میں بکھرے موتیوں سے استفادے کو آسان بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی یعنی کمپیوٹر سے فائدہ اٹھانے کے لیے الگ الگ سوفٹ ویئرز بنائے جائیں اس میدان میں اہل علم کو خاطر خواہ کامیابی اور ترقی ملی آج اسلام سے متعلقہ ہر موضوع پر بے شمار سوفٹ ویئرز اور ویب سائٹس موجود ہیں ان اسلامی سافٹ ویئرز کی وجہ سے اسلامی کتب سے استفادہ کرنا آسان سے آسان تر ہو گیا عرب دنیا

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

میں پچھلے پچاس برس میں حدیث پر غیر معمولی کام ہوا ہے حدیث سے متعلق کئی ایسے سافٹ ویئرز وجود میں آچکے ہیں جن سے دنیا بھر میں استفادہ کیا جا رہا ہے اردن کے ''دار التراث الاسلامی'' کا ''موسوعۃ الحدیث''، ''مکتبہ الفیۃ السنۃ النبویہ'' اور ''مکتبہ شاملہ'' کے تیار کردہ سافٹ ویئرز اس کی واضح مثالیں ہیں۔

ذیل میں کچھ اہم اور مشہور سافٹ ویئرز کا تعارف اور تجزیہ پیش کرتے ہیں جو تحقیق کے لیے بہت ہی زیادہ ممد ومعاون ثابت ہوتے ہیں:

مکتبہ شاملہ

یہ اسلامی کتب کی سب سے مشہور لائبریری ہے اس میں قرآن حدیث سمیت بے شمار اسلامی موضوعات پر بے شمار کتابیں موجود ہیں اس مکتبے کی شہرت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کی سرکاری ویب سائٹ کو ہر ماہ تقریبا دو لاکھ پچاس ہزار لوگ دیکھتے ہیں جن میں سے ساٹھ فیصل پہلی بار آنے والے ہوتے ہیں سائٹ پر موجود کتابوں کو چیک کرنے والوں کی تعداد 30 لاکھ ہے 24 لاکھ 38 ہزار بار سائٹ سے ڈاؤن لوڈنگ ہوئی ہے ہر مارہ Torrent پر 5 ہزار سے 10 ہزار کے درمیان لوگ اس مکتبے کو ڈاون لوڈ کرتے ہیں۔

ابتدا اور ارتقاء:

یہ موسوعۃ کویت میں اوقاف واسلامی امور کی وزارت کے درمیان تعاون کا نتیجہ ہے جس نے یہ انسائیکلو پیڈیا کاغذی ورژن میں جاری کیا کویت میں اوقاف اسلامی کی وزارت نے 1386ھ بمطابق 1967ء میں اس منصوبے کو فرض کفایہ کے طور پر اپنایا تھا اس کے سافٹ کاپی پر درج ذیل ادوار گزرے ہیں:

1: اس کا پہلا سافٹ ویئرز ورژن صفر 1426ھ بمطابق اپریل 2005 میں منظر عام پر آیا اس ورژن میں موجود کتابوں میں اضافہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔

2: اس کے بعد دوسرا ورژن 1426ھ بمطابق جنوری 2006ء کو لانچ ہوا اس ابریوزر کے

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

لیے کتابوں کو حذف کرنا یا اس میں اضافہ کرنا ممکن بنا دیا گیا۔

3: جمادی الثانی 1429ھ بمطابق جون 2008 میں تیسرا ورژن اپ لوڈ کیا گیا اس بار کتابوں کی عبارات کو کاپی پیسٹ کرنے کے بھی سہولت دی گئی۔

4: ربیع الثانی 1433ھ بمطابق مارچ 2012 کو "المکتب التعاونی للدعوۃ والارشاد وتوعیۃ الجالیات بسجی الروضۃ" نے اس پروگرام کو وسعت دینے کے لیے تعاون کیا تاکہ I phone, tablet,linux اور Mac وغیرہ کے لیے بھی سافٹ ویئرز بنائے جا سکے اسی ماہ نیٹ سے مکتبے کو براہ راست استعمال کرنے کو بھی ممکن بنا دیا گیا۔

خصوصیات (Third Edition)

1: عالم اسلام کا سب سے ضخیم الیکٹرونک کتب خانہ ہے جس میں تقریباً 16100 کتابیں ہیں۔

2: مکتبہ کی ویب سائٹ سے ہر وقت نت نئی کتب کی بآسانی ڈاون لوڈنگ کی سہولت ہوتی ہے۔

3: فہرست کتب اور مجموعات میں مرضی کے مطابق تبدیلی کر سکتے ہیں اس فیچر کو Customize کرنا کہتے ہیں اس میں اپنی مرضی کے مطابق ذاتی کتب کا اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔

یہ مکتبہ آپ کو تیز ترین اور آسان ترین سرچنگ کی سہولت دیتا ہے اس تیسری ایڈیشن میں گزشتہ ایڈیشن کے مقابلے میں 61 فیصد سرچ کی رفتار میں اضافہ کیا گیا ہے اس میں آپ کو ابجدی اور موضوعاتی اعتبار سے کتب تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔

اجمالی اعداد وشمار

علوم وموضوعات کی تعداد: 70 کل کتابوں کی تعداد: 16100

تفصیلی اعداد وشمار

(علوم وموضوعات کے نام اور ان میں موجود کتب کی تعداد)

1۔قرآن عظیم کی تفاسیر 231 2۔قرآنی علوم 481

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

3۔تجوید وقرآت 105 4۔متون حدیث نبوی e 321

5۔کتب حدیث کی شروحات 194 7۔علوم الحدیث 450

8۔العلل والسوالات 78 9۔علم رجال الحدیث 50

10۔کتب تخریج الاحادیث 136 11۔شیخ البانی کی کتابیں 157

ڈاون لوڈ لنک:

یہ سافٹ ویئر بھی فری ہے اس سافٹ ویئر کو مندرجہ ذیل لنک سے ڈاونلوڈ کیا جا سکتا ہے:

http//:www.shamila.library.com/

مکتبہ شاملہ کو انسٹال کرنے کا طریقہ

مکتبہ شاملہ عربی زبان میں بنایا گیا سوفٹ ویئر ہے جو کمپیوٹر میں انسٹال ہو کر استعمال ہوتا ہے اسی طرح اس کا تمام مواد بھی کمپیوٹر کی ہارڈ ڈسک میں رکھا جاتا ہے اس صورت میں اسے استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ وغیرہ کی بھی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اگر اس میں مزید کتابوں کا اضافہ کرنا ہو تو اپڈیٹ کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت پڑے گی مندرجہ ذیل میں سطور میں ہم اس کو انسٹال کرنے کا مکمل طریقہ درج کرتے ہیں:

پہلا مرحلہ (کمپیوٹر زبان کی تبدیلی):

اوپر دیئے گئے لنک سے جب آپ مکتبہ شاملہ کو اپنے کمپیوٹر میں ڈاؤنلوڈ کر لیتے ہیں تو اس کو انسٹال کرنے کے لیے سب سے پہلے آپ کے کمپیوٹر کو عربی زبان میں منتقل ہونا چاہیے جس کے لیے آپ کمپیوٹر کی سکرین کے بائیں جانب بالکل نیچے سٹارٹ () بٹن پر کلک کر کے کنٹرول پینل (Control Panel) میں جائیں۔وہاں پر ڈیٹ ٹائم، ریجنل لینگوئج (Date, Time, Region and Languages) آپشن پر کلک کریں جس سے تاریخ تبدیل کرنے کی آپشن ہوگی اور اس کے نیچے لینگوئج اور ریجن (Region and Languages)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لکھی ہوں گی آپ نیچے والی آپشن پر کلک کریں گے تو سامنے ایک ڈبہ (Box) کھلے گا جس پر مختلف کمانڈز ہوں گی ان میں سے آپ نے ایڈمنسٹریشن (Administration) والی کمانڈ پر کلک کرنا ہوگا اس کے بعد چینج سسٹم لوکیشن (Change system location) والی آپشن پر کلک کریں سامنے مختلف زبانیں کھل جائیں گی آپ نے ان میں سے عربیک سعودی عربیہ (Arabic Saudia Arabia) زبان تلاش کر کے اپنے کمپیوٹر کو اس لوکیشن میں تبدیل کر دینا ہے۔ اس کے بعد آپ کا کمپیوٹر ایک بار ریسٹارٹ ہو جائے۔ اب آپ کا کمپیوٹر مکتبہ شاملہ انسٹال کرنے کے لیے تیار ہے۔

دوسرا مرحلہ (شاملہ کی انسٹالیشن):

زبان کو تبدیل کرنے کے بعد آپ نے جہاں پر شاملہ ڈاؤنلوڈ کرنے کے بعد رکھا ہے وہاں جا کر اس پر کلک کریں سامنے ایک سکرین (Windos) کھل جائے گی جہاں پر لکھے ہوئے ایک لفظ وزرڈ (Wizard) پر آپ نے کلک کرنا ہے جس کے کمپیوٹر آپ سے پوچھے گا کہ آپ شاملہ کو انسٹال کرنے کے بعد کمپیوٹر میں کس جگہ پر رکھنا چاہتے ہیں وہاں سے اپنی مطلوبہ جگہ کا انتخاب کریں۔ جگہ انتخاب کرنے کے بعد اسی سکرین پر نیچے لکھے ہوئے بٹن فنش (Finish) پر کلک کر دیں۔ اب آپ کے کمپیوٹر میں مکتبہ شاملہ انسٹال ہونا شروع ہو گیا ہے جو آپ کے کمپیوٹر کی رفتار کے لحاظ سے کچھ وقت لے گا۔

تیسرا مرحلہ (شاملہ کو استعمال کے لیے کھولنا کرنا):

آپ کے کمپیوٹر میں مکتبہ شاملہ انسٹال ہو چکا ہے اب آپ اپنے کمپیوٹر کی اس جگہ پر جائیں جہاں شاملہ انسٹال کرتے ہوئے آپ نے اس کی جگہ منتخب کی تھی وہاں پر شاملہ کے آئی کان (I con) پر ڈبل کلک کریں گے تو شاملہ کھل (Open) جائے گا جسے اب آپ استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹ:..... شاملہ کو انسٹال کرنے کے اور بھی طریقے ہیں یہ طریقہ انتہائی زیادہ آسان اور سادہ ہے جسے بلا کسی پریشانی کے انسٹال کیا جا سکتا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ جبریل

مکتبہ جبریل کی خصوصیات:

یہ مکتبہ اردو کتب کا سب سے بڑا اور نہایت کارآمد سوفٹ ویئر ہے جس کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں:

اس میں المکتبہ الشاملہ کی طرز پر تفسیر، حدیث، فقہ، فتاوی، ادب، تاریخ اسلامی و دیگر علوم وفنون کی متعلقہ کتب کے عکسی صفحے (پی ڈی ایف) میں موجود ہیں اور ایک ہزار کے قریب کتب یونیکوڈ (قابل تعین و قابل تلاش) مواد کی صورت میں موجود ہیں اس میں کتاب کی تلاش کے تینوں طریقے (کتاب کے نام، مصنف اور عنوان کے اعتبار سے) نہایت آسان کر کے ڈیجٹالائز کئے گئے ہیں جس سے ہزاروں نتائج میں سے مطلوبہ کتاب تک با آسانی رسائی ممکن ہے۔

سافٹ ویئر میں موجود مذکورہ تقریبا ایک ہزار یونیکوڈ کتب کی کسی بھی اردو اور عربی عبارت تک تلاش کے ذریعے بآسانی پہنچا جا سکتا ہے بلکہ ایک مضمون کو مذکورہ بالا تمام کتابوں میں بیک وقت تلاش کیا جا سکتا ہے

کسی بھی آیت کی تفسیر تک بیت وقت سافٹ ویئر میں موجود تمام تر تفاسیر و میں چند سیکنڈوں میں رسائی ممکن ہے خصوصا تفسیر پڑھانے والوں اور درس قرآن دینے والے تمام حضرات کے لیے یہ بہترین تحفہ ہے۔

درس نظامی کی کتمام کتب وشروحات سے باسانی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

سافٹ ویئر سے کتاب کو نکالنے کی سہولت موجود ہے جس سے کوئی بھی کتاب با آسانی اپنی مرضی سے دوسری جگہ یا یو ایس بی وغیر میں منتقل کی جا سکتی ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کسی بھی کتاب کے کچھ مخصوص صفحات یا مخصوص مضامین کو محفوظ کر کے پرنٹ کیا جا سکتا ہے۔

اس سافٹ ویئر کی اہم ترین اور حیران کن خصوصیت (جو کہ مکتبہ شاملہ میں بھی نہیں ہے۔) یہ ہے کہ اگر کوئی محقق کسی خاص عنوان پر تحقیق کرنا چاہتا ہے اور ہزاروں صفحات کے مطالعے کے دوران اس تحقیق سے متعلقہ خاص مواد یکجا کرنا چاہتا ہے تو وہ با آسانی کر سکتا ہے اسی طرح ایک وقت میں ایک سے زیادہ تحقیقات قائم کر کے دوران مطالعے مختلف تحقیقات سے متعلق مختلف صفحات کو مقررہ تحقیقات کے سپرد کرنا چاہے تو یہ سہولت کر سکتا ہے۔

جس کے بعد ہر ہر تحقیق سے متعلق مواد اس خاص تحقیق میں بہ سہولت ملاحظہ کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر مسافر کے احکام ومسائل، مریض کے احکام ومسائل، جہاد کے احکام ومسائل کو یکجا کرنا چاہتا ہے اور اس غرض سے کتب فقہ کا مطالعہ کرتا ہے اور جہاں متفرق طور پر کہیں مسافر کا مسئلہ مل گیا تو کہیں مریض یا کہیں جہاد کا کوئی مسئلہ مل گیا دوران مطالعہ محقق یہ چاہتا ہے کہ مسافر سے متعلق مسئلہ قائم کردہ تحقیق مسافر کے احکام ومسائل کے سپرد ہو جائے اسی طرح مریض سے متعلق مسئلہ مریض کے احکام ومسائل کے سپرد اور جہاد سے متعلق مسئلہ جہاد کے احکام و مسائل کے تحت آئے تو با آسانی وہ اپنی قائم کردہ تحقیق تک متعلقہ مواد پہنچا سکتا ہے جس سے ضبط وترتیب نہایت آسان ہو جاتی ہے اور مطالعہ کی طرف توجہ مرکوز رہتی ہے نہ کہ یہ فکر کہ کس طرح اسے ضبط کیا جائے نیز اپنی اسی تحقیق کو ایم ایس ورڈ فائل کی صورت میں محفوظ کر کے پرنٹ بھی لیا جا سکتا ہے۔

اگر کوئی نئی کتاب مکتبہ میں داخل کرانا چاہے تو درآمد کے آپشن کے ذریعے شامل کی جا سکتی ہے لیکن کوئی بھی مصنف اپنی مرضی سے اس سافٹ ویئر میں اپنی تصنیف شامل کرنا چاہتا ہے تو وہ علم دین کی ٹیم سے مشورہ کر کے شامل کر سکتا ہے۔

مکتبہ جبریل کی آن لائن سہولت:

اللہ کے فضل سے علم دین ویب سائٹ انتہائی قیمتی اضافوں کے ساتھ اپ ڈیٹ ہو چکی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہے جن میں اہم یہ ہیں:

مکتبہ جبریل آن لائن لائبریری باقاعدہ مطالعہ کی سہولت کے ساتھ آفیشل ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دی گئی ہے یعنی اب آپ کو مستند دینی کتب کے مطالعہ اور ان میں طاقت ور تلاش سے استفادہ کرنے کے لیے صرف انٹرنیٹ کنکشن کی ضرورت ہے۔

مکتبہ جبریل کا شجرہ احسن طریقے سے دینی علوم وفنون کے اعتبار سے مرتب شدہ شکل میں ہے یہ وہی ترتیب جو کہ مکتبہ جبریل ونڈوز میں موجود ہے۔

ہر قسم کی کتاب کتاب نام کتاب، نام مصنف، نام ناشر سے اسے با آسانی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

اب آن لائن مکتبہ میں مجوودہ کتب یونیکوڈ اور پی ڈی ایف دونوں صورتوں میں مطالعہ کی جاسکتی ہے اسی طرح تلاش کے نتائج بھی دونوں طرح کی کتب سے مطالعہ کیئے جاسکتے ہیں

مطالعہ سے پہلے کتاب کی تفصیلی معلومات دیکھی جاسکتی ہے تاکہ کوئی وقت نہ اٹھانی پڑے۔

کتاب کے عناوین کی فہرست کتاب کے ساتھ موجود ہے تاکہ متعلقہ موضوع تک پہنچنا مطالعہ کے وقت آسان ہو۔

پی ڈی ایف کتب ڈاون لوڈ ممکن ہو چکی ہے اب اپنی ضرورت کی ایک یا اس سے زیادہ کتب کی پی ڈی ایف فائلیں علم دین ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں

تلاش کی قوت میں پہلے سے کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔

نئی شامل کردہ کتب کی سہولت کے ذریعے مکتبہ میں اضافہ شدہ نئی کتب کے بارے میں باقاعدگی سے خبر ملتی رہے گی

مکتبہ کے اعداد وشمار کے ذریعے مکتبہ میں موجودہ کتب کا طائرانہ جائزہ ممکن ہوگا۔

ڈاؤن لوڈ پیج کی ترتیب نو، جس میں مکتبہ جبریل ونڈوز کا خالی نسخہ فراہم کیا گیا ہے تاکہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مخصوص کتب کا ڈاؤن لوڈ ممکن ہو سکے مکتبہ جبریل ونڈوز میں اور تازہ ترین مکمل نسخہ چھوٹے چھوٹے حصوں میں بھی فراہم کیا گیا ہے تاکہ کم رفتار انٹرنیٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ باسہولت رہے۔

مکتبہ جبریل ورژن 2 میں اہم فیچرز: انڈیکس کی سہولت:

مفہرس اور گولڈن ڈکشنری فتاوی استعمال کرنے والے احباب جانتے ہیں کہ ان دو مکتبات میں ایک خوبی یہ ہے ان میں تلاش کے وقت ایک تو تجاویز آتی ہیں جس کی مدد سے تلاش کے لیے الفاظ کے انتخاب میں بہت سہولت ہو جاتی ہے اور دوسرا تلاش کے نتائج لمحہ بھر میں سامنے آجاتے ہیں الحمدللہ مکتبہ جبریل ونڈوز ورژن 2 میں انڈیکس کی خوبی شامل کی گئی ہے۔

مکتبہ کی رپورٹ کا حصول:

جیسے المکتبۃ الشاملۃ میں مکتبہ کی کتب کی رپورٹ حاصل کی جاسکتی ہے اسی طرح کی سہولت مکتبہ جبریل میں اضافہ کی گئی ہے جس کی مدد سے کسی خاص فن، مجموعے یا پھر پورے مکتبہ کی رپورٹ حاصل کی جاسکتی ہے اس سہولت کا فائدہ خاص سطور پر ان حضرات کو ہوگا جو ڈیجیٹل چیزوں کی جامعیت سے واقف نہیں ان کے سامنے جب یہ لسٹ رکھی جائے گی تو ان کے لیے اندازہ کرنا آسان ہوگا کہ کتب کی کتنی بڑی تعداد مکتبہ کے ذریعے سے حاصل ہو جاتی ہے۔

تحقیق میں شامل اندراجات اور عکسی صفحات ایک ہی آپشن سے:

یوں کہیے کہ اگر آپ کسی موضوع پر پی ڈی ایف کتاب تیار کرنا چاہیں تو یہ کام 10 سے 30 منٹ پورا ہونے میں لے گا تقریباً 30 منٹ میں آپ کی کتاب تیار اور نشر کے لیے دستیاب ہوگی۔

تلاش کے نتائج کی سہولت میں اضافہ:

المکتبۃ الشاملہ کی طرح اگلی تلاش کرنے پر گزشتہ تلاش کے نتائج ختم نہیں ہوں گے بلکہ اگلی تلاش کے ساتھ ساتھ پچھلی تلاش کی ونڈوز اپنے نتائج کے ساتھ باقی رہیں گی جب تک کہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ان کو بند نہ کر دیا جائے۔

وقت کی بچت:

اگر آپ چند کتب کا مطالعہ کر رہے ہیں اور کمپیوٹر یا مکتبہ کسی وجہ سے بند کرنا چاہتے ہیں مگر چاہتے ہیں کہ جب دوبارہ مکتبہ کھولا جائے تو بند کرنے سے پہلے جو کتب کھلی ہوئی تھیں وہ تمام وہیں سے کھل جائیں تو اب یہ ممکن ہوگا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس سہولت سے کتنا وقت اور فکر بچے گی غالبا یہ سہولت المکتبۃ الشاملۃ میں موجود نہیں۔

ناشر سے کتاب کی تلاش:

کتاب کی تلاش کے لیے پہلے کی طرح کتاب کے نام، مصنف کے نام اور زمرہ کے ساتھ ساتھ ناشر سے کتاب کو تلاش کرنے کی سہولت کا اضافہ کیا گیا ہے۔

ایک وقت میں ایک سے زیادہ کتب کو کھولنا:

ایک سے زیادہ کتب کو منتخب کر کے ایک وقت میں کھولا جا سکتے گا غالبا یہ سہولت المکتبۃ الشاملہ میں موجود نہیں۔

مقصود کی تلاش میں سہولت:

قرآن کی آیات، احادیث مبارکہ اور عربی عبارتوں کی تلاش بہت آسان ہو جائے گی جیسے پہلے ذکر کیا گیا ہے آپ اگر یہ دیکھنا چاہیں کہ جو الفاظ آپ کے ذہن میں موجود ہیں ان سے آپ کو نتائج ملیں گے یا نہیں تو اس کا اداز ہ آپ کو تلاش کے الفاظ داخل کرتے ہوئے ہی ہو جائے گا۔

شجرہ پر فلٹر کی سہولت:

المکتبۃ الشاملہ کی طرح کتاب اور کھلی ہوئی کتاب کے عنادین میں کسی خاص لفظ کو فلٹر کرنے کے لیے کتب کے شجرہ اور کتاب کی فہرست کے شجرہ پر فلٹر کا اضافہ کیا گیا ہے۔

تحقیق کو ورڈ میں ایکسپورٹ کے وقت عکسی صفحہ کے سائز کا اختیار:

تحقیق کو مائکروسافٹ ورڈ میں ایسپورٹ کرتے ہوئے اس بات کی تعیین ممکن ہوگی کہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عکسی صفحہ کا سائز کیا ہونا چاہیے۔

لغات سیکشن کا اضافہ:

مکتبہ کے اندر ہی لغات کا سیکشن بنایا گیا ہے جس کی مدد سے لغت کی ضرورت کافی حد تک مکتبہ ہی میں پوری ہو جائے گی یعنی قاموس الوحید، مصباح الغات، المنجد وغیرہ اردو عربی اور عربی لغات جو گولڈن ڈکشنری وغیرہ میں استعمال ہوتی رہی ہیں وہ اب مکتبہ جبریل میں ہی رہتے ہوئے استعمال کرنا ممکن ہوگا۔

کھلی ہوئی ونڈوز کو ایک ساتھ بند کرنا:

ایک سے زیادہ کتب اور تلاش کی ونڈوز کو ایک وقت میں بند کرنا ممکن ہوگا تا کہ ایک ایک کر کے تمام ونڈوز کو بند نہ رنا پڑے۔

مطلوبہ ونڈوز کو چھپانا اور ظاہر کرنا:

مکتبہ کے شجرہ، کتاب کے عناوین کے شجرہ اور لغات والی ونڈوز کو چھپانا اور پھر اپنی مرضی سے ظاہر کرنا ممکن ہوگا کہ اگر پوری سکرین پر کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیں تو ممکن ہو سکے۔

مینیو بار کا اضافہ:

نئے ورژن میں مینیو بار کا اضافہ کیا گیا ہے تا کہ ایک طرح کی سہولتوں کو ایک جگہ رکھنا اور تلاش کرنا آسان ہو۔

مکتبہ جبریل کی عام اشاعت:

مکتبہ جبریل ورژن 2 کو انٹرنیٹ پر ڈاؤن لوڈ کے لیے فراہم کیا جا رہا ہے لہٰذا یہ پہلا موقع ہے کہ مکتبہ کی آفیشل ویب سائٹ پر ڈاؤن لوڈ کے لیے عام موجود ہوگا۔

کی بورڈ شارٹ کٹس:

کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ آپشنز کے لیے کی بورڈ شارٹ کٹس متعین کئے جائیں تا کہ سہولت اور تیزی سے کام کرنا ممکن ہو سکے

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ بند کرنے پر تصدیق:

مکتبہ بند کرنے پر تصدیق لی جائے گی کہ کیا آپ واقعہ مکتبہ بند کرنا چاہتے ہیں تا کہ حادثاتی طور پر مکتبہ کے بند ہونے پر کسی جاری کام کا نقصان نہ ہو۔

تحقیقات سے افادہ اور استفادہ:

ایک اور اہم بات کی کوشش کی جائے گی کہ مکتبہ کی تحقیق کی سہولت سے جو تحقیقات بنائی جائیں ان کا دوسرے اہل علم کے ساتھ شیئر کرنے کا ایک جامع نظم ویب سائٹ پر بنایا جائے تا کہ ایک دوسرے کے مطالعہ، تحقیق سے استفادہ، اس کی تنقیح اور اس پر مفید اضافہ ممکن ہو سکے یقیناً اگر اس نظم کو موثر طور پر قائم کیا جائے تو تحقیقی ذوق جو کہ ختم ہوتا جا رہا ہے اس کو دوبارہ سے بیدار کیا جا سکتا ہے اور اپنی تحقیقی محنت کو احسن انداز ہ میں دوسروں کے سامنے پیش کرنا ممکن ہو سکے گا۔

وائلڈ کارڈز کا استعمال:

ایک اور اہم چیز وائلڈ کارڈ کا استعمال کر سکنا ہے انڈیکس سرچ کے ساتھ وائلڈ کارڈ حقیقت میں علامات ہوتی ہیں یعنی ہم تلاش میں الفاظ کے ساتھ ان علامات کو جوڑتے ہیں خاص فوائد حاصل کرنے کے لیے سب سے زیادہ فائدہ مند علامت * ہے اگر آپ کسی لفظ کے آخر میں اس کو جوڑ دیں تو اس کا مطلب ہوگا کہ یہ لفظ جس طرح بھی مکمل ہو اس کو تلاش کے نتائج میں شامل کیا جائے۔

پہلی مثال: روز*:

اس طرح لکھنے پر یہ تمام الفاظ تلاش کے نتائج میں ظاہر ہوں گے، روزہ، روزے، روزوں وغیرہ

دوسری مثال: خراب*:

اس طرح لکھنے پر تمام الفاظ تلاش کے نتائج میں ظاہر ہوں گے، خرابی، خرابیاں،

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

خرابیوں وغیرہ

ایک ہی تلاش میں ایک سے زیادہ الفاظ ان علامات پر مشتمل لکھے جا سکتے ہیں مثال:

روز*، خراب*

مکتبہ کے اعداد وشمار:

مکمل یونیکوڈ کتب: 1144	کل کتب کی تعداد: 3620
پی ڈی ایف مع فہرست: 1142	مصنفین کی تعداد: 525
صرف پی ڈی ایف: 1234	ناشرین کی تعداد: 256

مکتبہ جبریل اینڈ رائیڈ موبائل ورژن: (Android Mobile Version)

عنقریب ان شاء اللہ مکتبہ جبریل اینڈ رائیڈ موبائل ورژن میں اپنی تمام تر سہولیات جو ونڈوز ورژن میں موجود ہے دستیاب ہوگا باقی تفصیل پڑھنے کے لیے مکتبہ جبریل کی ویب سائٹ پر جائیں یا اس کا فیس بک لنک بھی وزٹ کیا جا سکتا ہے:

ویب سائٹ:

Http//:www.elmedeen.com

فیس بک پیج:

Https//:www.faceboo,com/maktabajibreel

استعمال کا طریق کار جاننے کے لیے یوٹیوب چینل:

www.youtube.com/maktabajibreel

جوامع الکلم

تعارف:

یہ سافٹ ویئر حدیث کو سرچ کرنے کے لیے بنایا گیا ہے یہ احادیث نبویہ e کا ایک مشہور اور زیادہ استعمال ہونے والا سافٹ ویئر ہے اس میں دس لاکھ احادیث کا مجموعہ موجود

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہے جو 1400 مکمل کتب اور 2000 مجلد نسخوں پر مشتمل ہے اب اس میں 543 نئے مخطوطات کا بھی اضافہ ہوا ہے۔

مکتبہ میں موجود کتابوں کو مطبوعہ شکل میں خریدنے کے لیے 25 ہزار ڈالر (تقریبا 20 لاکھ روپے) درکار ہوں گے۔

راویوں کی تعداد:

روایات کے ساتھ ہی راوی کے حالات کا لنک بھی موجود ہے جس سے آپ کسی بھی راوی کے تمام حالات با آسانی معلوم کر سکتے ہیں یہ راویوں کے حالات پر مشتمل دنیا کا سب سے بڑا انسائیکلو پیڈیا ہے اس میں 70000 راویوں کے مکمل حالات موجود ہیں ہر راوی سے متعلق علماء جرح وتعدیل کے اقوال بھی درج کئے گئے ہیں۔

گرافیکل چارٹس (Graphical Charts):

اس میں حدیث کی مختلف اسناد و مرویات کی تعداد کے 1200 گرافیکل چارٹ درج کئے گئے ہیں جس کی مدد سے کسی بھی حدیث کے بارے میں جاننا آسان ہو جاتا ہے۔

تخریج احادیث:

ہر حدیث کی مکمل تخریج کی گئی ہے اور سینکڑوں فن رجال کی کتابوں کے حوالے سے اس کی سند پر حکم بھی لگایا گیا ہے۔

لغوی تحقیق:

یہ حدیث نبوی e کا پہلا مکتبہ ہے جسے الفاظ وکلمات کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے اس میں ہر ہر لفظ کے ساتھ لغت کی چھ بڑی کتابوں سے لغوی تحقیق موجود ہے۔

جوامع الکلم کی کچھ اہم خصوصیات

محدثین نے سند کی مختلف کیفیات کے اعتبار سے ان کے لیے مختلف اصطلاحات استعمال کی ہیں جس سے ان روایات کی حیثیت کا اندازہ لگانا نہایت آسان ہو جاتا ہے مثلا مصدر خبر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کے اعتبار سے، تعداد رواۃ کے اعتبار سے یا اپنی قوت کے اعتبار سے۔

جوامع الکلم سافٹ ویئر میں ان اصطلاحات کے اعتبار سے الگ الگ Categories بنائی گئی ہیں تاکہ ہر شخص اس کو آسانی سے استعمال کر سکے۔

باعتبار حدیث اس کے کچھ اہم خصائص:

1: اس میں حدیث قدسی اور مرفوع روایات کے اعتبار سے الگ الگ تقسیم ہے

2: حدیث غریب، عزیز، مشہور اور متواتر کا جداگانہ اظہار ہے۔

3: قولی، فعلی، تقریری اور شمائل پر مشتمل احادیث کو الگ الگ ظاہر کیا گیا ہے۔

4: صحیح وحسن، ضعیف اور موضوع کے اعتبار سے ایک الگ تقسیم ہے۔

باعتبار راوی کے اس کے کچھ اہم خصائص:

محدثین نے نہ صرف نبی e کے اقوال وافعال وتقاریر کو جمع کیا بلکہ رجال حدیث پر بھی بھرپور توجہ کی، علم اسماء الرجال وجود میں آیا جس میں لاکھوں راویان حدیث کے حالات زندگی (نام، کنیت، لقب، شہر، علاقہ، قبیلہ، تاریخ پیدائش، وفات، اسفار، مشائخ اور تلامذہ وغیرہ) کو قلمبند کیا گیا ہے۔

جوامع الکلم میں راویان حدیث کے خصائص کے اعتبار سے مندرجہ ذیل تقسیمات کی ہیں۔

کسی خاص شہر کے تمام روایات کو گراف اور چارٹ کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔

کسی خاص شہر کے تمام راویوں سے مروی روایات کو آپ با آسانی معلوم کر سکتے ہیں۔

کسی خاص علاقے میں وفات پانے والے راویوں کی مرویات الگ ملاحظہ کر سکتے ہیں

کسی خاص قبیلے کے راروبوں کی روایات الگ سے دیکھ سکتے ہیں

اس میں صحابہ کرام [کی مختلف اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔

سرچ:

اس مکتبہ میں تین طرح سے سرچ کی جاسکتی ہے:

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

1: آپ اس میں عمومی سرچ کر سکتے ہیں

2: باعتبار راوی کے بھی آپ سرچنگ کر سکتے ہیں

3: اقوال جرح وتعدیل کے اعتبار سے بھی آپ سرچنگ کر سکتے ہیں

موضوعاتی تقسیم:

آپ اس میں موضوعات کے اعتبار سے جدا جدا تقسیم کر سکتے ہیں مثلا ایمان، معاملات، عقوبات وغیرہ۔

قراۃ متنوعۃ:

اس کی ایک خاصیت یہ ہے کہ اس میں آپ ہر ہر کتاب کو الگ ونڈوز میں پڑھ سکتے ہیں۔

کتب حدیث کا تعارف:

اس میں حدیث کی سینکڑوں کتابوں اور ان کے مصنفین کا مکمل تعارف موجود ہے۔

نوٹ:..... جوامع الکلم نیٹ فریم ورک بیسڈ ہے وار کور ٹو ڈو کے بغیر اسے استعمال کرنا تو بہت ہی مشکل ہے کیونکہ اس کی رفتار سست ہو جاتی ہے البتہ اس میں فیچرز بہت اہم ہیں مثلاً تخریج رسائل، علم روایۃ، علم درایۃ، غیر مطبوع مخطوطات احادیث پر برقی حکم، سند اور متن پر الگ الگ اور تخریج کے ساتھ حدیث کے شواہد تک رسائی وغیرہ

جن لوگوں کے سسٹم کمزور ہیں ان کے لیے الجامع للحدیث النبوی e جوامع الکلم کا بہترین نعم البدل ہے گو کہ اس میں کتب کم ہیں لیکن اس کی سرعت بحث تمام تر سافٹ ویئرز سے زیادہ ہے اس سے زیادہ سریع البحث الجامع الکبیر للتراث العربی الاسلامی ہے لیکن وہ حجم میں بہت بڑا ہے تقریبا 36 جی بی ہارڈ ڈسک سپیس مانگتا ہے

(موسوعۃ الحدیث الشریف المعروف الکتب التسعۃ)

تعارف:

اس سافٹ ویئر میں حدیث کی نو کتابیں موجود ہیں یہ صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابی داود،

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جامع الترمذی، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، سنن دارمی، مسند احمد اور موطا امام مالک پر مشتمل ایک بہترین سافٹ ویئر ہے اس کی مدد سے مذکور کتب میں مختلف انداز سے سرچنگ کی جاسکتی ہے۔

خصوصیات:

اس مکتبہ کی چند ایک اہم ترین خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

1: انہیں با آسانی پڑھا جاسکتا ہے۔

2: احادیث کی تخریج کی جاسکتی ہے ساری کتب کی احادیث پر صحت یا ضعف کا حکم بھی لگایا جاسکتا ہے۔

3: مشکل الفاظ کے معانی اور راویوں کے حالات معلوم کئے جاسکتے ہیں۔

4: اس میں کتب احادیث کی شروحات مثلاً فتح الباری، تحفۃ الاحوذی، عون المعبود وغیرہ میں بھی بحث کی جاسکتی ہے۔

5: اسی طرح اسانید کی تفصیل اور ان کی چھان بین کے علاوہ بہت سے مفید کام لیے جاسکتے ہیں۔ اس سافٹ ویئر کو انٹرنیٹ سے ڈاونلوڈ کر سکتے ہیں۔

6: یہ وی سی ڈی فارمیٹ میں موجود ہے جسے آپ بذریعہ نیرو کسی بھی خالی سی ڈی پر کاپی کر سکتے ہیں اسی طرح ورچول ڈرائیو پروگرام کے ذریعہ سے اسے سی ڈی روم کے بغیر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

موسوعۃ رواۃ الحدیث (Encyclopedia of Narrators)

تعارف:

اس مکتبہ میں رجال سے متعلق تقریباً 50 مجلد مطبوعات کے عظیم ذخیرے کو انسائیکلو پیڈیا کی شکل میں پیش کر دیا گیا ہے بطور مآخذ جن مستند کتب کا سہارہ لیا گیا ہے ان کی تعداد 15 ہے جو ضخیم تصانیف شمار کئے جاتے ہیں اس میں ذکر کردہ راویوں کی تعداد 8858 ہے۔۔

اس مکتبہ میں رجال کی معلومات تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، تہذیب التہذیب اور

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تقریب التہذیب الکاشف سے لی گئی ہیں۔

خصوصیات:

اس مکتبہ کی چند ایک خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

1: اس میں آپ راویوں کے حالات حروف تہجی کی ترتیب سے معلوم کر سکتے ہیں۔

2: القاب، کنیت یا نسب کے ذریعے بھی راوی کی مکمل تفصیل تک رسائی ہو سکتی ہے

3: کسی بھی راوی کے اساتذہ کی مکمل فہرست ملاحظہ کی جا سکتی ہے

4: ہر راوی کے شاگردوں کی فہرست بھی دیکھی جا سکتی ہے

5: علماء فن رجال کا ہر ہر راوی سے متعلق تبصرہ اور اقوال سامنے آجاتے ہیں

(5) آسان قرآن وحدیث Easy Quran wa Hadith

یہ سافٹ ویئر پاکستان میں تیار کیا گیا ہے اس سافٹ ویئرز کے انٹرفیس اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں موجود ہیں اردو زبان میں ملٹی پل سرچنگ فسیلٹی (سہولت) فراہم کرنے والا پہلا سافٹ ویئر ہے جس میں تقریبا درج کے لگ بھگ تراجم وتفاسیر اردو انگریزی زبانوں میں موجود ہیں ساتھ ہی ایک درج کتب احادیث مکمل عربی، اردو اور انگلش سرچنگ فسیلٹی کے ساتھ موجود ہے اس سافٹ ویئر میں موجود کتب کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ترجمہ وتفاسیر:

ترجمہ وتفسیر عثمانی ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا محمود الحسن مفسر مولانا شبیر احمد عثمانی

ترجمہ وتفسیر مدنی ۔۔۔۔۔۔۔مترجم ومفسر مولانا اسحاق مدنی (آزاد کشمیر)

ترجمہ و تفسیر مکی ۔۔۔۔۔۔۔مولانا محمد جونا گڑھی مفسر صلاح الدین یوسف

ترجمہ وتفسیر ابن کثیر ۔۔۔۔۔۔۔حافظ عماد الدین ابو الفداء ابن کثیر

ترجمہ وتفسیر کنز العمال ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا احمد رضا خان مفسر علامہ نعیم الدین مراد آبادی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ وتفسیر الکتاب ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مفسر ڈاکٹر محمد عثمان

ترجمہ وتفسیر، تیسیر القرآن ۔۔۔۔۔۔۔مترجم ومفسر مولانا عبدالرحمان کیلانی

ترجمہ مولانا احمد علی ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا احمد علی لاہور

ترجمہ عرفان القرآن ۔۔۔۔۔۔۔مترجم ڈاکٹر محمد طاہر القادری

ترجمہ فتح محمد جالندھری

ترجمہ جوادی

ترجمہ ابوالاعلی مودودی

باآواز تلاوت ۔۔۔۔۔۔۔الشیخ السدیس والشریم

باآواز ترجمہ ۔۔۔۔۔۔۔فتح محمد جالندھری

کتب احادیث

صحیح بخاری شریف ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا محمد عبداللہ

صحیح مسلم شریف ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا عزیز الرحمان

سنن ابوداود ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا سرور احمد قاسمی

سنن نسائی ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا خورشید حسن قاسمی

جامع ترمذی شریف ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا ناظم الدین

سنن ابن ماجہ ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا قاسم امین

شمائل ترمذی ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا محمد زکریا کاندھلوی صاحب لاہور

موطا امام مالک ۔۔۔۔۔۔۔مترجم علامہ وحید الزمان

مشکاۃ شریف ۔۔۔۔۔۔۔

سنن دارمی شریف ۔۔۔۔۔۔۔

مسند احمد شریف ۔۔۔۔۔۔۔مترجم مولانا ظفر اقبال

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

انگلش تراجم

1. Maulana Taqi Usmani
2. Maulana abdul majid darya Ababdi
3. Dr. Muhsin Khan and Dr. Taqi ud Din Hilali
4. Muhammad Marmaduke Pickthal
5. Muhammad Habib Shakir
6. Abdullah yousaf Ali
7. Irfan Ul Quran
8. Translation and taqsfeer tafhim ul Quran
9. Hindi Translation

اس سافٹ ویئر کو بھی انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

سرچ قرآن اور حدیث سافٹ ویئر

تعارف:

اسلامک سافٹ ویئرز پر کام کرنے والوں میں ایک نام زاہد حسین صاحب کا بھی ہے آپ نے قرآن مجید کے حوالے سے ایک شاندار سافٹ ویئر ڈیزائن کرنے کے بعد احادیث پر بھی سرچ انجن ڈیزائن کیا جس میں انہوں نے صحیح بخاری، صحیح مسلم، جامع ترمذی، سنن ابوداود، سنن نسائی، اور سنن ابن ماجہ کو ایک ساتھ جمع کر دیا جس میں آپ زندگی کے ہر مسئلے سے متعلق احادیث تلاش کر سکتے ہیں اس کام کو مکمل کرنے کے بعد انہوں نے موبائل کے لیے بھی اس طرز کے ایک سافٹ ویئر اور ایپلی کیشن بنانے کے کام کا آغاز کیا آج قرآن و حدیث کی 65 جلدوں پر کام آپ کے ایک چھوٹے سے موبائل فون میں آجاتا ہے جس میں قرآن مجید کے چھ اور احادیث کے 59 تراجم شامل ہیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

آپ نے حال ہی میں ایک موبائل کمپنی کے لیے اسلامک پورٹل کے نام سے ایک اور سافٹ ویئر ڈیزائن کیا ہے اس کے علاوہ موبائل پر کوئی اور اسلامک پورٹل موجود ہیں ہے اس پورٹل میں انہوں نے احادیث کی تمام کتابوں کو بھی جمع کر دیا ہے اس کے علاوہ نماز، روزہ، حج وعمرہ، نماز جنازہ، مسنون دعائیں ترجمے اور تلاوت کے ساتھ موجود ہیں۔

سرچ قرآن نامی موبائل ایپلی کیشن کو مفت ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے جب کہ ایپل آئی فون کے صارفین 2 ڈالر 99 سینٹ میں اس ایپلی کیشن کو ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں اینڈرائیڈ یوزر اپنے موبائل فون سے پلے سٹور میں جا کر زاہد حسین لکھیں تو یہ قرآن وحدیث کی ایپلی کیشن حاصل کر سکتے ہیں آئی فون/ آئی پیڈ کے یوزر ایپ سٹور میں جا کر سرچ قرآن لکھیں تو یہ ایپلی کیشن وہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے جبکہ ونڈو فون پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے زاہد حسین لکھیں تو یہ ایپلی کیشن با آسانی ڈاون لوڈ کی جا سکتی ہے۔

مکتبہ اصحاب الحدیث 3000 جلدیں

یہ حدیث اور اس کے متعلقات مثلا شروحات حدیث، علل الحدیث، تخریج الحدیث، اصطلاحات حدیث وغیرہ پر مشتمل کتب کی ایک آٹو رن سی ڈی ہے جس میں تقریبا 3000 سے زائد جلدوں پر مشتمل ایک ضخیم مکتبہ ہے دوسرے مکتبات کی طرح اس میں بھی سرچنگ و دیگر سہولیات موجود ہیں اس کو انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

حدیث شریف کے ساتھ مسلمانوں کی محبت کی وجہ سے بھی بے پناہ ہے کہ نبی e سراپہ قرآن ہیں کہ ام المومنین عائشہ r فرماتی ہیں کان خلقہ القرآن۔

مزید کچھ سافٹ ویئرز

1. Sahih Bukhari(Arabic, Urdu and English) Software
2. Sahih Bukhari(Arabic, Urdu) Software
3. Mukhtasar Sahih Bukhari(Arabic,Urdu) Software

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

4. Mukhtasar Sahih Muslim(Arabic, Urdu) Software
5. Sunan Nasai Software ترجمہ واحکام کے ساتھ
6. Abu DAwood(Arabic,Urdu)Software ترجمہ وحکام کے ساتھ
7. Tirmizi(Arabic,Urdu)Software ترجمہ واحکام کے ساتھ
8. Sunan Ibn Majah(Arabic Urdu) Software ترجمہ واحکام کے ساتھ
9. Buluhul Maraam(Arabic Urdu)Software

ان تمام سافٹ ویئرز کو انٹرنیٹ سے ڈاونلوڈ کیا جاسکتا ہے۔

مندرجہ بالا میں بیان کئے گئے سافٹ ویئرز کا تقابلی جائزہ

نام	زبان	کتب کی تعداد	کتب حدیث	عدد الرواۃ
شاملہ	عربی	16100	1386	.....
جوامع الکلم	عربی	1400	1400	70000
موسوعۃ الحدیث	عربی	9	9	.....
موسوعۃ رواۃ الحدیث	عربی	15	15	8858
آسان قرآن وحدیث	اردو/انگریزی	34	11	.....
Search Quran and Hadith	اردو	65	59	.....
مکتبۃ الحدیث	عربی	3000	3000	.....

اہم نوٹ:..... مکتبہ شاملہ سمیت اکثر عربی سافٹ ویئرز کے لیے عربی فونٹ انسٹال کرنا ضروری ہوتا ہے ورنہ اکثر الفاظ آپ کو نظر نہیں آئیں گے عربی فونٹ انسٹال کرنے کے لیے مندرجہ ذیل لنک پر جائیں یا گوگل میں شاملہ فونٹ ڈاؤنلوڈ لکھ کر خود سرچ کرلیں۔

https//:www.google.com/search?q=shamila%20fonts&gws_rd=ssl

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

آنے والی سطور میں ایسی کتب کا تعارف پیش کیا جارہا ہے جو تحقیقی منصوبہ کے انتخاب کے لیے ممد ومعاون ثابت ہوں گی جن کا مطالعہ انتہائی ضروری ہے۔

حضرت محمد e

منتخب کتابیات اردو کتب ومقالات

شیر نوروز خان

تعارف: دنیا میں شاید ہی ایسی کوئی شخصیت ہوگی جس کی ذات پر اتنا کچھ لکھا گیا ہو جتنا رسول اللہ اکرم e کی ذات اقدس پر لکھا گیا ہے سیرت نگاروں نے آپ e کی شخصیت کے ہر پہلو پر دل کھول کر لکھا ہے آپ e کی زندگی کا کوئی شاذ ونادر ہی گوشہ ہوگا جس پر ابھی تک کام نہیں ہوا سیرت پر کام کرنا ایک مسلمان کے تو ایمان کا حصہ ہوتا ہے سو وہ اسے نیکی اور ثواب سمجھتے ہوئے کرتا ہے آپ e کی ذات بابرکات پر غیر مسلم افراد نے بھی مختلف زبانوں میں لکھا ہے اگر ہم صرف ان کتابوں اور مقالات کو شمار کریں تو ان کی تعداد ہزاروں میں پہنچ جاتی ہے۔

سیرت نگاری کے ماہرین نے سیرت پر لکھی گئی کتب ومقالات کو مختلف ترتیب میں اکٹھا کیا ہے تاکہ سیرت کے طالب علم کو اپنا موضوع تلاش کرنے کے لیے سہولت ہو سکے کہ کن موضوعات پر ابھی تک کام ہو چکا ہے اور کونسے موضوعات قابل تحقیق ہیں اسی طرح ان موضوعات کو بھی تلاش کیا جا سکتا ہے جو چھپ کر منظر آپ پر آچکے ہیں اور کن پر ابھی چھپائی کا کام نہیں ہوا آنے والی سطور میں ہم ایسی ہی کتاب کا تعارف پیش کرنے جارہے ہیں جسے شیر نوروز خان لائبریرین قومی مرکز مطالعہ سیرت ولائبریری ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد نے اپنی شب وروز کی انتھک محنت کے بعد مکمل کیا ہے۔

مصنف نے کتاب میں تقریباً سیرت کے متعلقہ موضوعات کو تقریباً اڑتالیس عناوین میں

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

شمار کیا ہے ہر عنوان کے تحت اب تک لکھے گئے تمام مقالہ جات کو درج کیا ہے جس سے مطلوبہ مقالہ اور عنوان ڈھونڈنے میں بھی آسانی ہو جاتی ہے پھر ہر عنوان کے تحت مختلف اوقات اور مختلف جامعات/ یونوریسٹیز میں لکھے گئے مقالات اور کتب کو مندرج کیا ہے ان اڑتالیس عناوین کے تحت درج کئے گئے تمام مقالات وکتب کی تعداد تقریبا بایک ہزار دوسوسات ہے ہر کتاب اور مقالہ کو پیش کرتے ہوئے صاحب مقالہ، عنوان، سن اشاعت اور شائع کرنے والے ادارہ اور جگہ کا نام بھی لکھتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ مرتب نے تقریبا ایک سوچھبیس ان رسائل و جرائد کا نام لکھا ہے جو مختلف جگہوں سے ماہانہ یا ہفتہ وار چھپتے ہیں ہم اندازا یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کتاب کا مطالعہ کر لینے کے بعد سیرت پر لکھنے والے کو کسی اور طرف جانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ عناوین کتاب کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

1۔ سیرت حوالہ جاتی مآخذ (انسائیکلو پیڈیا، فرہنگ، کتابیات، اشاریہ)

2۔ سیرت نگاری اور سیرت ن گاران

3۔ ارض سیرت وآثار وتبرکات نبوی e

4۔ سیرت النبی e (عمومی)

5۔ مولد النبی e

6۔ نبوت اور ختم نبوت

7۔ رسول اللہ e کے متعلق پیشنگوئیاں

8۔ رسول اللہ e کی پیشنگوئیاں

9۔ سیرت اور قرآن

10۔ رسول اللہ e کی مکی زندگی

11۔ معراج النبی e

12۔ ہجرت النبی e

13۔ رسول اللہ e کی مدنی زندگی

14۔ عہد نبوی e میں جنگی حکمت عملی (غزوات، سرایا وجہاد)

15۔ عہد نبوی e میں سیاسی زندگی

16۔ عہد نبوی e میں معاشرت

17۔ عہد نبوی e میں معاشی زندگی

18۔ عہد نبوی e میں قانون اور عدالت

19۔ عہد نبوی e میں تعلیم وتربیت

20۔ عہد نبوی e میں دعوت وتبلیغ

21۔ سیرت النبی e اور ادب

22۔ طب نبوی e

23۔ سیرت النبی e اور سائنس

24۔ سیرت النبی e اور نفسیات

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

25۔سیرت النبی e اور عصر جدید

26۔سرکاری مناصب وذرائع کا ذمہ دارنہ استعمال سیرت النبی e کی روشنی میں۔

27۔ذرائع ابلاغ کا کردار اور ذمہ داریاں سیرت نبوی e کی روشنی میں

28۔خطبات نبوی e 29۔مکتوبات نبوی e

30۔سیرت النبی e اور دیگر ادیان

31۔بین المذاہب عالمی اتحاد اسوہ رسول e کی روشنی میں

32۔بنیادی انسانی حقوق اور تعلیمات نبوی e

33۔سیرت النبی e اور بچے 34۔سیرت النبی e اور خواتین

35۔اخلاق اور شخصیت النبی e 36۔رحمۃ اللعالمین e

37۔حب رسول e

38۔حقوق النبی e (مقام اور اطاعت واتباع)

39۔عبادات رسول e 40۔معجزات النبی e

41۔درود وسلام e 42 تحفظ ناموس رسالت e

43۔وصال النبی e 44۔خاندان رسول e

45۔والدین رسول e

46۔ رسول اللہ e کی عائلی زندگی اور ازواج مطہرات

47۔اولاد رسول e 48۔فہرست رسائل

اطراف سیرت از: پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر

نشریات الحمد مارکیٹ اردو بازار لاہور 2014

آپ علوم اسلامیہ خصوصاً حدیث وسیرت کی تحقیقات میں اتھارٹی کی حیثیت رکھتے ہیں لمبا عرصہ پاکستان کی بڑی یونیورسٹی جامعہ اسلامیہ بہاولپور کے شعبہ حدیث وسیرت کے

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ڈائریکٹر رہے ہیں اور حدیث وسیرت کے عناوین کے تحت چھ بڑی بین الاقوامی کانفرنسز کا انعقاد کروا چکے ہیں۔

حدیث وسیرت کی تحقیق میں علوم الحدیث فنی فکری مطالعہ، اسوۃ کامل، عصر رواں سیرت النبی e کی روشنی میں، میں نمایاں کام ہیں نئے محققین کے لیے ان کتب کی طرف مراجعت انتہائی ضروری ہے۔

موضوع کے انتخاب کے لیے آپ کی کتاب ''اطراف سیرت'' کی طرف مراجعت ضروری ہے جس کے پانچ ابواب بنائے گئے ہیں:

باب اول: سیرت النبی e کا تعارف۔

باب دوم: سیرت النبی e اور فکری وفقہی مسائل

باب سوم: سیرت النبی e اور شخصیات

باب چہارم: سیرت النبی e تاریخ وارتقاء

باب پنجم: کتب سیرت

''اطراف سیرت'' اسم بامسمی کتاب ہے جس میں سیرت النبی e کے مختلف اطراف زیر قلم کئے گئے ہیں۔

نقوش سیرت کا خصوصی تعارف

یہ کتاب ڈاکٹر شیر محمد زمان چشتی کی تصنیف کردہ ہے اس کے کل صفحات 243 ہیں پروگریسو بکس لاہور کی طرف سے شائع کی گئی ہے۔

کتاب کے آغاز میں ڈاکٹر خالد علوی، ڈاکٹر خورشید الحسن رضوی اور پروفیسر عبدالجبار شاکر کے تبصرہ جات شامل کئے گئے ہیں جن کے صفحات کی کل تعداد تقریباً اڑتیس ہے۔ یہ کتاب بھی موضوع تحقیق کی تلاش کے لیے سرگرداں افراد کے لیے بہترین مشعل راہ ہے۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

معارف سیرت ایک محاکمہ از پروفیسر ڈاکٹر محمد یاسین مظہر صدیقی

معارف اپریل 2019

موضوع کے انتخاب کے لیے ایک رہنما دستاویز ہے معارف دار المصنفین میں شائع ہونے والے سیرت پر مبنی مقالات پر تجزیہ وتحلیل پیش کیا گیا ہے جس کی طرف مراجعت ابتدائی محقق کے لیے انتہائی زیادہ سودمند ثابت ہوگی نیز ڈاکٹر صاحب کی دیگر کتب کی طرف مراجعت بھی انتہائی مفید ہوگی چند ایک کتب کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

شاہ ولی اللہ کا رسالہ سیرت، سرور المحزون فی ترجمۃ نور العیون۔

شاہ ولی اللہ کا فلسفہ سیرت

شاہ ولی اللہ کی صوفیانہ شرح حدیث

شاہ ولی اللہ کی خدمات حدیث (مسوی اور مصفی کے حوالہ سے)

مصادر سیرت

مکی عہد عند نبوی میں اسلامی احکام کا ارتقاء

وحی حدیث

مکی عہد نبوی e میں مسلم آبادی ایک تجزیاتی مطالعہ

بعثت سے قبل عصمت نبوی e

عہد جاہلی میں تحنث کی اسلامی روایت

نبوت محمدی کی افاقیت، آغاز اعلان توقیت

مقالات سیرت (3 جلدیں) از ڈاکٹر محمد یاسین مظہر صدیقی مکتبہ اسلامیہ اردو بازار لاہور

عہد نبوی کا تمدن

پاکستانی جامعات میں علم حدیث وسیرت پر دیئے گئے خطبات جو کتابی شکل میں بھی شائع ہو چکے ہیں مثلاً خطبات سرگودھا، خطبات اسلام آباد، خطبات کراچی وغیرہ کا مطالعہ بھی ضروری ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

خطبات ومقالات سیرت از پروفیسر عبدالجبار شاکر

پروفیسر عبد الجبار شاکر (1947ء تا 2009ء) کتاب شناس، کتاب دوست اور صاحب مطالعہ شخصیت تھے کتاب دوستی ان کو وراثت میں ملی تھی ان کی خاندانی لائبریری جو چوتھی نسل کی طرف منتقل ہوئی ہے علم حدیث وسیرت پر خاص ملکہ رکھتے تھے تحقیقی کام کے انتخاب کے لیے آپ کی اس کتاب کی طرف مراجعت بہت ضروری ہے۔

بیت الحکمت کی پروفیسر عبدالجبار شاکر سیرت لائبریری میں دنیا کی پچیس زبانوں میں پانچ ہزار سے زاید کتب سیرت موجود ہیں اسی طرح بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کی ڈاکٹر حمید اللہ لائبریری میں ایک عمدہ ذخیرہ سیرت موجود ہے اس کے علاوہ پروفیسر گل محمد شاہ بخاری شہداد کوٹ انجینئر روف احمد لاہور، حافظ عارف گھانچی کراچی مولانا نذیر علوی لیہ ادارہ علم وتحقیق کراچی مسعود جھنڈیر لائبریری میلسی، محمد عالم مختار حق لاہور کے ذخیرہ سیرت بھی قابل ذکر ہیں۔

محاضرات سیرت، محاضرات حدیث

از پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی

ڈاکٹر محمود احمد غازی (1950ء تا 2010ء) علم حدیث اور سیرت پر خاص ملکہ رکھتے تھے اس موضوع پر آپ کا گراں قدر کام موجود ہے نئے عنوانات کے لیے آپ کی درج ذیل کتب کی طرف مراجعت انتہائی ضروری ہے:

ادب القاضی — اسلام کا قانون بین الممالک

تحقیق وتعلیق السیر الصغیر

The Hijra, Its Philosphy and Message for the modern man

Prophet of Islam, His life and work

اور دیگر پانچ سو کے قریب دنیا کے مختلف مجلات میں شائع ہونے والے مقالہ جات۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عالم عرب کے نامور سیرت نگار پروفیسر ڈاکٹر اکرم ضیاء العمری اور عظیم محدث پروفیسر ڈاکٹر مصطفی اعظمیؒ کی کتب کی طرف مراجعت بھی انتہائی ضروری ہے۔

تحقیق حدیث وسیرت کے لیے کتب معاجم کا تعارف

معجم کا لفظوی معنی: معجم" ع، ج، م" سے مرکب ہے قاموس المعانی کے مطابق لفظ معجم اگر کسی حرف یا لکھی ہوئی چیز کے ساتھ بولا جائے تو اس کا معنی اس حرف پر نقطہ یا اعراب لگانے کے ہوتے ہیں جیسے: عجم الحرف او الکتاب، یعنی اس حرف یا کتاب پر نقطے یا اعراب لگانا، اسی طرح کسی شخص کے ساتھ ملکر استعمال ہو تو مراد ہوگا کہ اس شخص کی زبان میں لکنت ہے جیسے: عجم الشخص، یعنی اس شخص کی زبان میں لکنت ہے۔

مندرجہ بالا تمہید کے بعد ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ معجم حروف سے مراد نقطہ دار حروف اور اسی سے عجم الکلمۃ یعنی کسی کلمے پر نقطے اور اعراب لگانا اسے سے مشتق لفظ 'معجم' سے مراد ایسی دستاویز یا تحریری جس میں الفاظ کو حروف تہجی کی بنیاد پر ترتیب دیا گیا ہو۔

معجم کا اصطلاحی معنی: عربی میں معجم کا معنی ومفہوم اوپر بیان ہو چکا ہے جبکہ انگریزی میں یہ لفظ مندرجہ ذیل اصطلاحات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے:

1۔ڈکشنری (Dictionery): الفاظ کی بلحاظ حروف تہجی ایسی فہرست جو جروز مرہ زندگی میں استعمال ہوتے ہیں جس میں ان الفاظ کی بطور سابقہ یا لاحقہ استعمال کی مثالیں اور وضاحت مندرج ہو۔

2۔لیگزی کان (Lexicon): کسی مخصوص زبان کے الفاظ کی فہرست کو کہتے ہیں۔

3۔تھیسارس (Thesaurus): مفردات وکلمات کے مستعمل باہم مترادف ومشترک الفاظ () پر مشتمل کتاب کو تھیسارس کہتے ہیں۔

4۔ووکیبولری (Vocabulary): کسی مخصوص فرد، پیشہ، گروہ یا طبقہ کے ہاں مستعمل الفاظ کی فہرست ووکیبولری () کہلاتی ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

5۔ گلازری (Glossary): کسی کتاب یا متن میں استعمال ہونے والی اصطلاحات کی فہرست جس میں ان الفاظ واصطلاحات کی وضاحت پیش کی گئی ہو۔

6۔ موسوعہ (Encylopedia): کسی خاص علم یا اس کی شاخ سے متعلق حوالہ جاتی کام یا معلومات کا جامع خلاصہ جو الفبائی ترتیب سے مرتب کیا جائے موسوعہ کہلاتا ہے۔ علم المعاجم کی تعریف:

اہل علم نے معجم کی مختلف تعریفیں کی ہیں جن میں سے کئی مختصر اور نامکمل جبکہ کئی اپنے مدعا کو پوری طرح بیان کرنے والی ہیں انہی میں سے استاذ عبدالرحمان محمد جمال کی تعریف کافی جامع ومانع ہے وہ لکھتے ہیں:

> ''ایسی کتاب جو مخصوص ترتیب کے ساتھ کسی لغت کے بڑے ذخیرہ مفردات پر مشتمل ہو، جس میں ان مفردات کی تشریح، معانی کی وضاحت، ادائیگی کا طریقہ مذکور ہو بسا اوقات اسے قاموس کا نام بھی دیا جاتا ہے جو حروف تہجی یا موضوعاتی ترتیب پر تشکیل دی گئی ہو۔''

معاجم کی تقسیم:

علمائے لغت نے معاجم کی مختلف اعتبار سے مختلف تقاسیم کی ہیں مندرجہ ذیل میں ان کو اختصارا بیان کیا جاتا ہے:

مناہج ومقاصد کے لحاظ سے تقسیم:

عہد آغاز سے عہد موجود تک لکھی گئی معاجم وقت کے علمی، فکری اور لغوی تقاضوں سے ہم آہنگ اور تبدیل ہوتی رہی ہیں دور حاضر کی معجمات یا ڈکشنریاں اپنے مناہج ومقاصد کے اعتبار سے متعدد اقسام کی ہیں جن میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ معاجم بلحاظ مقاصد
2۔ معاجم بلحاظ الفاظ
3۔ معاجم بلحاظ معانی
4۔ معاجم بلحاظ ابنیہ

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

5۔ بلحاظ منہج 6۔ بلحاظ صوت الفاظ

7۔ بلحاظ ترتیب الف بائی آغاز سے

8۔ بلحاظ ترتیب الف بائی آخر سے

زبانوں کے لحاظ سے تقسیم:

یک زبانی معاجم:

معاجم میں یہ مشہور ترین قسم ہے جس میں ایک ہی زبان میں اس معجم کو ترتیب دیا جاتا ہے ایک ہی زبان کے لفظ کی تشریح اسی زبان میں کی جاتی ہے جیسے عربی سے عربی، انگریزی سے انگریزی وغیرہ قدیم عربی معاجم اسی نوع کی ہوتی تھیں۔

2۔ دوزبانی معاجم: ایسی معاجم جن میں کسی منتخب اور داخلی زبان کے الفاظ ومفردات کی تعریف وتشریح کسی دوسری زبان میں کی جائے۔

3۔ وضاحتی معاجم: ایسی معاجم اور ڈکشنریاں جو کسی زبان کے مفردات، مخصوص جگہوں، اشعار، ضرب الامثلہ وغیرہ کی توضیح پر مشتمل ہو، وضاحتی معاجم کہلاتی ہیں۔

4۔ موسوعاتی معاجم: مفردات کی لغوی شرح ووضاحت سے ایک قدم آگے معاجم کی یہ قسم انسائیکلوپیڈیا کی صورت ہے جس میں شخصیات کے نام ان کی مکمل سوانح عمری ان پر مختلف ادبی وماہرانہ آراء وغیرہ ذکر کی جاتی ہیں ایک مسیحی عالم لوئیس معلوف کی منجد اس کی مثال ہے۔

5۔ موضوعاتی معاجم: مفردات کی ترتیب، اقسام، معانی کے برعکس، موضوعاتی معاجم کسی خاص موضوع پر موجود مفردات واصطلاحات کو ایک ہی جگہ ذکر کرنے پر مکتفی ہوتی ہیں جیسے میڈیکل سائنس میں اعضائے جسمانی یا عمومی موضوعات مثلاً رسم ورواج، کھانا پینا وغیرہ۔

6۔ تاریخی معاجم: معاجم کی یہ قسم سب سے زیادہ وسعت کی حامل ہے دوسری تمام اقسام کے برعکس اس میں کسی لفظ کے اشتقاق کے زمانہ سے لے کر روزمرہ زندگی میں استعمال کئے جانے تک کو مکمل بیان کیا جاتا ہے۔ اس میں بحث کی جاتی ہے کہ کسی زبان کا کونسا لفظ کس زبان میں مستعمل ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نوٹ:..... معاجم کی اس کے علاوہ بھی کئی طرح سے تقسیمات کی گئی ہیں لیکن اختصار کے مدنظر ہم انہی کے بیان پر اکتفا کرتے ہیں۔

معاجم اطراف الحدیث کا معروضی مطالعہ

تمہید:

یہ تفوق صرف اسلامی علوم وفنون کو حاصل ہے کہ ان کی تدوین وترقیم کا ایسا نظام وضع کیا گیا ہے کہ جہاں ان کے مصادر اصلیہ کے متون محفوظ ہوئے وہیں ان سے متعلق تشریحات و تعلیقات بھی محفوظ ہوئیں مزید یہ کہ اس نظام کی خصوصیت میں یہ بات شامل ہے کہ آئندہ آنے والی نسلوں کو اس میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

ایسی ہی خدمت علوم الحدیث سے وابستہ سعادت مند ماہرین نے دی جنہوں نے احادیث کی تخریج وتعلیق کا نظام وضع کیا کہ جس میں کسی بھی حدیث کی درایت وروایت کی ایک ایک جزئی سے متعلق منتشر مواد کو یکجا کر دیا گیا ہے جس کی روشنی میں اس کی صحت وضعف کا اندازہ لگانا انتہائی زیادہ آسان ہے مزید براں کوئی حدیث کسی ایک مصدر کی بجائے دیگر مصادر میں مذکور ہو تو اس کا حوالہ بھی نقل کر دیا جائے۔

تخریج کی تعریف:

تخریج کے لغوی معنی دو بظاہر غیر موافق امور کا ایک جگہ جمع ہونا، استنباط، التدریب والتوجیہ۔

تخریج کی تعریف کو بیان کرتے ہوئے ڈاکٹر محمود الطحان لکھتے ہیں:

> ''تخریج سے مراد ایسی راہنمائی ہے جو مصادر اصلیہ میں حدیث کی موجودگی کو بیان کرے جس کے تحت اس حدیث کو اس کی سند سمیت ذکر کیا جائے اور بوقت ضرورت اس حدیث کے درجہ ومرتبہ کو بھی بیان کر دیا جائے۔''

تخریج کے طریقے:

حدیث رسول e کی تخریج کے مختلف طرق ہیں بطور خلاصہ ذکر کئے جاتے ہیں:

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

1: اطراف کے لحاظ سے تخریج یا سند حدیث کے ابتدائی راوی کے تعارف پر تخریج کی جاتی ہے۔

2: حروف معجم کی ترتیب پر اوائل حدیث یعنی متن حدیث کے پہلے لفظ کے اعتبار سے تخریج۔

3: متن حدیث میں سے کسی بھی معروف لفظ پر بناء کرتے ہوئے تخریج کرنا۔

4: متن کی بجائے موضوع حدیث کے تعارف کے لحاظ سے تخریج۔

5: حدیث کی نوعت کے اعتبار سے تخریج

نوٹ:.....تخریج کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ مفید رہے گا:

1: اصل التخریج ودراسۃ الاسلانید، از ڈاکٹر محمود الطحان، مکتبۃ المعارف ، قاہرہ.

2: تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، از یوسف بن عبد الرحمان بن یوسف المزی، المکتب الاسلامی لبنان.

3: کشف اللثام عن اسرار تخریج حدیث سید الانام، از عبد الموجود محمد عبد اللطیف، مکتبہ الازہر، قاہرہ.

4: اتحاف المہرۃ بالفوائد المبتکرۃ من اطراف العشرۃ، از زہیر بن ناصر، مجمع الملک فہد لطابعۃ المصحف الشریف، المدینۃ

5: دراسات فی الحدیث النبوی □ وتاریخ تدوینہ ، از مصطفی الاعظمی، المکتب الاسلامی ، بیروت.

اطراف الحدیث کا معنی ومفہوم:

کتب حدیث کو نوعت کے لحاظ سے ماہرین اصول حدیث نے ان مجموعہ ہائے حدیث

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کوکئی اقسام مثلا جامع، سنن، مسند، جزء، مستدرک، مستخرج، معجم وغیرہ میں تقسیم کیا ہے انہی میں سے ایک قسم "الاطراف" ہے۔

اطراف 'طرف' کی اسم جمع ہے یہ لفظ اجزاء، کنارے، معزز وممتاز سمیت کئی معنوں میں مستعمل ہے اصطلاحی طور پر اطراف کی تعریف یوں کی جاسکتی ہے کہ:

"طرف الحدیث سے مراد کہ جس میں حدیث کا ایک ٹکڑا نقل کیا جائے جو بقیہ حدیث پر دلالت کرے یہ اصطلاح تخریج احادیث کے ساتھ مخصوص ہے"

مندرجہ بالا تعریف سے ملتے جلتے الفاظ اسلاف امت میں سے علوم حدیث کے ماہرین سے بھی منقول ہیں۔

کتب اطراف کی اقسام:

کتب حدیث کی تعداد پر انحصار کرتے ہوئے ان کے اطراف حدیث پر تشکیل دی گئی کتب کو منقسم کیا جاتا ہے:

(1) اطراف الصحیحین:..... ایسی کتب جو صحیح بخاری ومسلم میں منقول احادیث کے اطراف پر مشتمل ہوں جیسے اطراف الصحیحین لابی مسعود ابراہیم بن محمد بن عبید الدمشقی۔

(2) اطراف الکتب الخمسہ:..... ایسی اشارہ جاتی کتب جو بخاری، مسلم، ابوداود، ترمذی اور نسائی کی روایات پر مشتمل ہوں جیسے اللوامع فی الجمع بین الصحاح الجوامت لابی العباس احمد بن ثابت بن محمد الطرقی۔

(3) اطراف الستہ:..... کتب خمسہ جو اوپر مذکور ہوئی ان میں سنن ابن ماجہ کا اضافہ کر کے ان چھ کتب متون کے اطراف حدیث پر مشتمل اشاریہ "اطراف" الستہ کہلاتا ہے جیسے اطراف الستہ للمزی اور الکشاف فی معرفۃ الاطراف لابی المحاسن محمد بن علی بن حمزہ الحسینی الدمشقی

(4) اطراف المسانید العشرۃ:..... ایسی کتاب جس میں دس مسانید کے اطراف/اشاریات ہوں جیسے اطراف المسانید العشرۃ لابی العباس احمد بن ابی بکر الکنانی۔

(5) اطراف الکتب العشرۃ:..... ابن حجر عسقلانی (م 852ھ) کی ایک تصنیف

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اتحاف المهرة بالفوائد المبتكرة من اطراف العشرة کے نام سے آٹھ مجلدات میں موجود ہے جسے انہوں نے موطا، مسند شافعی، مسند احمد، مسند الدارمی، صحیح ابن خزیمہ، منتقی ابن الجارود، صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم، شرح معانی الآثار اور سنن دار قطنی کو پیش نظر رکھ کر ترتیب دیا ہے۔

کتب الفہارس:..... بعض کتب اطراف ایسی بھی ہیں جو دس سے زائد کتب احادیث سے ماخوذ ہیں مثلاً مفتاح کنوز السنۃ جسے محمد فواد عبد الباقی اور وینسنک نے ترتیب دیا ہے یہ چودہ مصادر حدیث یعنی صحاح ستہ، مسند احمد، موطا مالک، سنن دارمی، مسند زید بن علی، طبقات ابن سعد، مسند الطیالسی، سیرت ابن ہشام اور واقدی کی کتاب المغازی سے ماخوذ ہے۔

مذکورہ بالا کتب اطراف حدیث میں اکثر میں یہ ترتیب پیش نظر رکھی گئی کہ پہلے کلمہ کی مناسبت سے الفبائی ترتیب پر انہیں مرتب کیا گیا ہے ایسا منہج مراجعت احادیث کے لیے نہایت سہل ہے تاہم اس کے لیے حدیث کے پہلے کلمہ کا معلوم ہونا ضروری ہے۔

(5)معاجم بحسب الشیوخ:..... ایسی کتب اطراف میں مصنف اپنے اساتذہ اور شیوخ کے الفبائی ناموں کو پیش نظر رکھتا ہے ایسی معاجم اطراف میں محدث کبیر حافظ ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (م360ھ) کی "المعجم الکبیر" اور المعجم الاوسط قابل ذکر ہیں معجم کبیر جو کہ مسانید صحابہ سے متعلق ہے اسے الفبائی ترتیب پر لکھا گیا ہے۔

دیگر کتب اطراف الحدیث: منجملہ مذکورہ اقسام کے کئی دیگر کتب اطراف بھی ہمیں ملتی ہیں جیسے ابو عمر عثمان بن سعید بن عثمان الدانی کی "اطراف الموطا" وغیرہ۔

تحفۃ الاشراف کا تفصیلی تعارف

اطراف الحدیث کے فن میں "تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف" کو خاص امتیاز حاصل ہے جو آٹھویں صدی ہجری کے مشہور شامی محدث حافظ المزی کی تصنیف ہے موصوف کا پورا نام ابو الحجاج یوسف بن الزکی عبد الرحمان بن یوسف بن عبد الملک بن

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

یوسف بن ابی الزہر القضاعی الحلبی الشافعی ہے شامل کے شہر حلب اور دمشق کے مضافاتی علاقے 'مزہ' میں ربیع الثانی 254ھ میں پیدا ہوئے۔ اس کے علاوہ ان کی کتب میں تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، اسی طرح مخطوطہ کی شکل میں المنتقی من الفوائد الحسان فی الاحادیث ، الکنی المختصر من تہذیب الکمال ہیں۔

حافظ شمس الدین ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں لکھتے ہیں:

چار لوگ مجھے ہمیشہ یاد رہتے ہیں: ابن دقیق العید فقہ الحدیث، الدمیاطی انساب، ابن تیمیہ متون کے حافظ اور مزی رجال کے سب سے بڑے ماہر تھے۔

کتاب کی ترتیب میں طریقہ کار:

امام صاحب نے کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے کتاب المسانید اور کتاب المراسیل، اول حصہ کی مسانید صحابہ پر بنیاد رکھتے ہوئے اسماء صحابہ کو ترتیب معجمی میں ذکر کیا ہے جن صحابہ کرام سے کتب ستہ اور دیگر مذکورہ بالا کتب میں مرویات منقول ہیں یہ مسانید 986 جبکہ اس ضمن میں مروی احادیث کی تعداد 18389 ہے ہر کتاب کی ابتداء ہمزہ سے شروع ہونے والے صحابی کی مسند سے کی گئی ہے بعد ازاں ترتیب ابجدی پر دیگر صحابہ کی مسانید کو ذکر کیا گیا ہے۔

تحفۃ الاشراف میں پہلے اسماء کی ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے پھر کنیت کے لحاظ سے پھر ایسے نام جو راویوں کے آباء و اجداد کی طرف منسوب ہیں پھر مبہم راویوں کا ذکر ہے بعد ازاں خواتین راویوں کے حرف اول کے لحاظ سے اسماء، کنیت پھر مبہم راویات اور آخر میں مراسیل کو ذکر کیا گیا ہے۔

کسی ایسی حدیث کو روایت کرنے میں جو کتب ستہ میں موجود ہے اس کو نقل کرنے میں امام مزی نے بکاری کی اسناد کو مسلم سے پہلے ذکر کیا ہے مسلم کی اسناد کو سنن ابی داود، ابوداود کی اسناد کو ترمذی پر اور ترمذی کی اسناد کو نسائی پر مقدم رکھا ہے۔

صحابہ وتابعین کی مسانید اور رواۃ کی ضخیم تعداد کے پیش نظر، راویوں کا تکرار اس کتاب میں موجود ہے جس کی خاطر امام مزی نے اپنی تالیف میں کچھ رموز مقرر کئے ہیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

خ۔ صحیح للبخاری
خت۔ معلقات صحیح بخاری
م۔ الصحیح لمسلم
د۔ سنن ابی داود
مد۔ مراسیل ابی داود
ت۔ شمائل ترمذی
س۔ سنن للنسائی
سی۔ عمل الیوم واللیلۃ للنسائی
ق۔ سنن ابن ماجہ۔
ز۔ جب مصنف نے احادیث پر زائد کلام کیا ہے۔
ک۔ ابن عساکر بن استدراکات
ع۔ کتب ستہ سے لی گئی روایت

امام مزی نے تمام صحابہ سمیت جملہ رواۃ کا ذکر حروف معجم کے لحاظ سے کیا ہے چنانچہ تحفۃ الاشراف میں مروی احادیث کی تعداد 19595 ہے 995 احادیث صحابہ وصحابیات رضوان اللہ علیہم اجمعین کی طرف جبکہ 450 احادیث ائمہ تابعین کی طرف منسوب ہیں مکررات کتاب کی ضخامت کی بنیادی وجہ ہیں تحفۃ الاشراف میں کل 905 مسانید مذکور ہیں جن کا سلسلہ سند صحابہ تک پہنچتا ہے۔ بلاشبہ امام مزی کی تالیف تخریج احادیث میں اولین انسائیکلو پیڈیا اور معجم کی حیثیت رکھتی ہے۔

نوٹ:.....تحفۃ الاشراف کے متعلق مزید معلومات کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل کتب ملاحظہ کی جاسکتی ہیں:

1: الحافظ المزی والتخریج فی کتابہ تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، از محمد عبد الرحمان ، دار عمار ، عمان .

2: تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف ، یوسف بن عبد الرحمان المزی، المکتب الاسلامی ، لبنان.

3: المنتقی من الفوائد الحسان فی الاحادیث، از ابو المنذر سامی بن انور خیل جاہین ، مکتبہ الغرباء الاثریۃ، سعودی عرب.

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

4: فہرس الفہارس ولاثبات ومعجم المعاجم والمشیخات والمسلسلات، محمد عبد الحیی بن عبد الکبیر بن محمد الاحسنی الادریسی المعروف بعبد الحی، ناشر: دار الغرب الاسلامی ، بیروت

5: اصول التخریج ودراسۃ الاسانید ، محمود الطحان طبعۃ الجامعۃ الامریکیۃ المفتوحۃ ، مکتبۃ المعارف الریاض.

6: طرق تخریج حدیث رسول اللہ □ ، عبد المھدی بن عبد القادر، دار الاعتصام، القاھرہ .

7: کیف تدرس علم تخریج الحدیث ، حمزۃ عبد اللہ الملیباری ، دار الرازی ، عمان- اردن.

8: کتاب تحفۃ الاشراف ودراسۃ عملیۃ فی کیفیۃ التخریج منہ، منۃ اللہ مجدی محمد، کلیۃ العلوم الاسلامیۃ، جامعۃ المدینۃ العالمیۃ، مدینہ منورہ.

9: النکت الظراف علی تحفۃ الاشراف، ابن حجر العسقلانی ، مکتبۃ الملک فہد ابو طنیۃ ریاض.

المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی e کا تعارف

ہالینڈ کے مشہور ومعروف مستشرق وینسنک 1 نے چودہ مصادر کی بنیاد پر انگریزی زبان

! آئرنٹ جان وینسنک 7 نومبر 1882ء میں مغربی ہالینڈ کے ایلفن آن ڈن خطہ میں پیدا ہوئے اٹریٹ یونیورسٹی میں علم الکلام میں تخصص کیلئے داخلہ لیا 19 مارچ 1908ء میں انہیں "محمد ویہود مدینہ" کے موضوع پر تحقیقی مقالہ پیش کرنے پر اعلی ڈگری ڈاکٹریٹ پی ایچ ڈی عطا کی گئی۔

اس کے بعد 1912 میں لائیڈن یونیورسٹی میں عبرانی کے پروفیسر مقرر ہوئے عربی، عبرانی، سریانی کے علاوہ کئی دیگر زبانوں کے ماہر استاذ تھے بعد ازاں یونیورسٹی کے ریکٹر وائس چانسلر بھی مقرر ہوئے دنیا میں خصوص بلاد عرب میں کئی تحقیقی سفر کئے کتابیات کے سب سے بڑے ادارے ورلڈ کیٹ کی رپورٹ کے مطابق اے جے وینسنک کی تصنیفی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کاوشیں آٹھ زبانوں میں پبلیکیشنز، 286 تصنیفی کام جو دنیا کی 5004 لائبریریوں میں ریکارڈ موجود ہیں۔

میں 'مفتاح کنوز السنۃ' نامی معجم ترتیب دی جس کی اشاعت کے بعد موصوف نے نو مصادر حدیث کے متعلق ایک اور اشاریہ لکھنا شروع کیا جسے المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی e کا نام دیا گیا یہ کتاب کسی حدیث کو تلاش کرنے کے لحاظ سے کافی آسان اور تیز طریقہ ہے۔

المعجم کی تیاری میں اے جے وینسنک کے ساتھ مستشرقین کی ایک پوری جماعت شریک کار رہی اس کتاب کو محققین کے ہاں ایک بلند مقام حاصل ہے اس کی بنیادی طور پر دو وجوہات ہیں:

1:..... المعجم المفہرس میں منہج استخراج الفاظ حدیث پر رکھا گیا ہے جبکہ مفتاح کنوز السنہ میں طریقہ تخریج الفاظ کی بجائے معانی پر تھا جبکہ یہ بات واضح ہے کہ طریقہ الفاظ، معانی کی نسبت کہیں زیادہ آسان ہے کیونکہ کسی حدیث کے متلاشی کے لیے حدیث کے کسی لفظ کو یاد رکھنا آسان ہے۔

2:..... الفاظ حدیث کے لحاظ سے کسی حدیث کی تلاش میں نسبتاً زیادہ تحدید ہے جبکہ 'مفتاح' میں معنوی اعتبار سے تلاش کے بعد کئی مصادر کی روایات مل تو جائیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ مطلوبہ روایت بھی ان میں شامل ہو۔

یہی وجہ ہے کہ المعجم کو مفتاح السنہ سے زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی حالانکہ موخر الذکر چودہ کتب سیرت سے جبکہ اول الذکر محض نو کتب سے ماخوذ ہے۔

المعجم المفہرس کے منصوبے کے شرکاء افراد وادارے:

المعجم کی تشکیل پر سوچ بچار 1916ء میں ہوئی جبکہ اس پر عملی کام کا آغاز 1340ھ بمطابق 1922ء میں وینسنک کی سربراہی میں استشراقی محققین کی بتیس افراد پر مشتمل ایک جماعت نے کیا جس کے نتیجے میں معجم کی پہلی جلد 1355ھ بمطابق 1936ء منظر عام پر آئی جبکہ مفتاح اس سے دس برس قبل 1345ء میں شائع ہو چکی تھی معجم پر کام کی تکمیل میں

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

1340ء بمطابق 1922 تا 1407ھ بمطابق 1987ء تقریباً پینسٹھ برس خرچ ہوئے جن میں احادیث و آثار کے ایک لاکھ بچانوے ہزار کلمات کو الفبائی ترتیب سے زیر بحث لاتے ہوئے ان کے حوالہ جات مصادر حدیث میں سے رقم کئے گئے اس عرصہ میں اگر ہم وینسنک کے اظہار دلچسپی کی تاریخ کو شامل کریں جو کہ 1334ھ بمطابق 1916ء ہے تو یہ کل بہتر سال بن جاتے ہیں۔

المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث کا منہج:

المعجم کے منہج میں ہم چار امور کی تفصیل پیش کریں گے:

1: کتب حدیث کی تفصیل جن سے احادیث کی تخریج کی گئی۔

2: مستعمل کتب حدیث کے لیے مخصوص رموز

3: المعجم میں مفردات/ الفاظ کی ترتیب کے اصول

4: المعجم میں شامل حدیث کی اصل کتب کی طرف نسبت کے اصول ومنہج۔

المعجم کے مصادر حدیث:

المعجم میں جن مصادر حدیث پر اعتماد کیا گیا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

الصحیح للبخاری ، الصحیح لمسلم ، الجامع للترمذی ، السنن لابی داود، السنن لنسائی ، السنن لابن ماجہ ، موطا امام مالک ، مسند امام احمد اور سنن امام دارمی ۔

المعجم میں احادیث کے حوالے کے لیے رموز:

المعجم میں احادیث کے حوالہ کے لیے مندرجہ ذیل رموز استعمال کئے گئے ہیں:

خ: بخاری، د: سنن ابی داود، ن: سنن نسائی، ت: سنن ترمذی، جہ: سنن ابن ماجہ، دی: سنن داری، م: صحیح مسلم، ط: موطا امام مالک، حم: مسند الامام احمد بن حنبل،

نوٹ:.....مولفین نے ابن ماجہ کے لیے المعجم کی جلد اول کے پہلے بتیس صفحات میں 'ق' کی علامت استعمال کی ہے جبکہ اس کے بعد 'جہ' کی علامت اختیار کی ہے اسی طرح مسند

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

احمد کے لیے جلد اول کے پہلے تیئس صفحات میں 'حل' کی علامت استعمال کی ہے جبکہ اس کے بعد 'حم' کی علامت اختیار کی ہے۔

مفردات کی ترتیب میں مدنظر اصول:

مفردات کی ترتیب میں ار اصول پیش نظر رکھے گئے ہیں جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

(1) کلمات کا انتخاب:

کلمات کے انتخاب کے لیے مولفین معجم نے انہیں دو حصوں میں تقسیم کیا ہے:

الفاظ: ان میں افعال، اسماء المعانی، مشتقات

اسماء: اسماء اعلام، جغرافیائی نام، مقامات کے نام، قرآنی سورتوں اور آیات کے نام، تفسیری متعلقات۔ ان اسماء کی اجمالی فہرست المعجم کی آٹھویں جلد میں رکھی گئی ہے واضح رہے کہ ان اسماء کو بن، بنت، ابو، بنو وغیرہ کے لاحقوں کے بغیر الفبائی ترتیب میں رکھا گیا ہے مثلاً: 'بنی سلمہ' کے لیے 'سلمہ' کی طرف رجوع کرنا پڑے گا۔

(2) الفاظ کے اصل کی طرف رجوع کا منہج:

اس ضمن میں معاجم لغویہ کی ترتیب پر کسی لفظ کے اس کے اصل کی طرف رجوع کو بغیر کسی زوائد کے پیش نظر رکھا گیا ہے۔

(3) اصول الفاظ واسماء:

اس ضمن میں لغوی ڈکشنریوں کی طرح کسی بھی لفظ کے اصل یعنی مادہ کے لحاظ سے باب قائم کیا گیا ہے پھر دوسرے حرف پھر تیسرے حرف کے اعتبار سے۔

(4) ترتیب مواد:

ہر لفظ کے اصل کے تحت آنے والی عبارات اور مواد کی تقسیم کچھ اس طرح سے کی گئی ہے کہ:

افعال: ماضی، مضارع، امر، اسم فاعل، اسم مفعول کے افعال میں سے

پہلے بغیر لاحقہ کے معلوم مبنی افعال یا صیغے

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

دوسرے نمبر پر لاحقہ والے معلوم مبنی افعال یا صیغے

تیسرے نمبر پر بغیر لاحقہ کے مجہول مبنی افعال یا صیغے

چوتھے نمبر پر لاحقہ والے ل مجہول مبنی افعال یا صیغے۔

نوٹ:..... مذکورہ صیغوں میں پہلے مجرد پھر مزید کے صیغے لائے گئے ہیں۔

اسماء معانی: ان میں یہ ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے:

الاسم المرفوع المنون

الاسم المرفوع غير المنون و دون اللواحق

الاسم المرفوع مع لاحقہ

الاسم المجرور بالاضافة المنون

الاسم المجرور بالاضافة غير المنون و دون اللواحق

الاسم المجرور بالاضافة مع لاحقہ

الاسم المجرور بحرف الجر

الاسم المنصوب المنون

الاسم المنصوب مع اللواحق

الاسم المنصوب بدون اللواحق

نوٹ:..... مذکورہ اسماء میں پہلے مفرد، پھر تثنیہ، پھر جمع منکر سالم، پھر جمع تکسیر، پھر جمع مونث سالم ذکر کئے گئے ہیں۔

مشتقات: ان کی ترتیب مندرجہ ذیل ہے:

اولا:..... حروف ساکنہ کی اضافت کے بغیر مشتقات ذکر کئے گئے ہیں۔

ثانیا:..... حروف ساکنہ کی اضافت والے مشتقات ذکر کئے گئے ہیں۔

4۔ نسبت حدیث میں منہج:

مولفین معجم نے حدیث کو اس کے مصدر اصلی کی طرف مخصوص علامت کے ذریعے منسوب

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کیا ہے:

حدیث، مصدر میں جس کتاب کے تحت آئی ہے اس کا ذکر جیسے: کتاب الصلوۃ، کتاب الحج،

اور بخاری، ابوداود، نسائی، ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی کے لیے باب نمبر ذکر کیا گیا ہے۔

صحیح مسلم اور موطا کے لیے حدیث کی کتاب اور رقم الحدیث ذکر کیا گیا ہے۔

مسند احمد کے ئے جلد نمبر اور صفحہ نمبر پر اکتفاء کیا گیا ہے مذکور لفظ کے حوالے سے منسوب حدیث مکمل ذکر کرنے کی بجائے اس کے جزء پر اکتفاء کیا گیا ہے کتب اور ابواب کے ارقام میں ان مخصوص کتابوں پر اعتماد کیا گیا ہے جو انہوں نے منتخب کیں۔

حدیث کے تکرار کی صورت میں (**) دو ستارے اوپر لکھ دیئے گئے ہیں۔

تخریجی اعتبار سے اسلوب یہ ہے کہ وینسنک نے مرفوع، موقوف اور مقطوع احادیث کو نقل کیا ہے اور یہ نقل معانی کی بجائے الفاظ پر ہے۔

نیز واضح رہے کہ مصنف نے کتاب کو حروف ہجاء کی ترتیب پر ترتیب دیتے ہوئے منقول حدیث کے کسی مشہور لفظ یا جملہ کا انتخاب کیا ہے جس پر اس حدیث کا مدار ہے اس لفظ یا کلمے کو لغوی اعتبار سے ایسے حرف کے تحت ذکر کیا ہے جو رسم عرب کے موافق بھی ہو پھر اس حدیث کو مذکورہ مصادر تک سنداً ومتناً ذکر کیا ہے۔

مفتاح کنوز السنۃ کا تعارف

یہ کتاب 1346ھ/ 1927ء میں شائع ہوئی اس بات کا تعین نہیں ہو سکا کہ پروفیسر وینسنک نے اس کتاب کی تالیف کس زمانے میں شروع کی البتہ الشیخ احمد شاکر نے اندازہ ظاہر کیا ہے کہ مفتاح کی تکمیل میں دس برصرف ہوئے چنانچہ اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ مفتاح کی ترتیب کا کام 1335ھ/ 1917ء میں شروع ہوا واضح رہے کہ آغاز میں وینسنک کے پیش

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نظر چودہ مصادر تھے جن پر راہنمائی کی خاطر ترقیم بھی کی گئی وینسنک نے یہ کتاب انگریزی میں لکھی جسے بعد ازاں 1353ھ/ 1934ء میں محمد فواد عبدالباقی 1 نے عربی زبان میں منتقل کر دیا ۔

مفتاح کنوز السنہ کے منہج میں تین باتیں قابل ذکر ہیں:

(1).....وینسنک نے مفتاح کنوز السنہ کو درج ذیل کتب سے ترتیب دیا ہے:

صحاح ستہ، مسند امام احمد، موطا امام مالک، مسند ابی داود الطیالسی، سنن داری، سیرت ابن ہشام، کتاب المغازی للواقدی، طبقات ابن سعد اور مسند زید بن علی۔

(2).....مفتاح کنوز السنہ میں ہر حدیث کا حوالہ ذکر نہیں کیا گیا کہ وہ مصادر مذکورہ میں کس جگہ موجود ہے اگر ایسا کیا جاتا تو اس کتاب کا حکم بھی 'المعجم' کے برابر ہوتا وینسنک نے ایک باب کے تحت مختلف احادیث کو معنا جمع کرنے پر اکتفا کیا ہے۔

! محمد فواد عبدالباقی انیسویں صدی کے مشہور عالم دین ہیں آپ کی پیدائش 1882ء میں قاہرہ کے مضافات القلوبیۃ میں ہوئی پانچ سال کی عمر میں اپنے خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ سوڈان کو ہجرت کر گئے۔ان کے والد وہاں ایک مالیاتی ادارے میں ایک وکیل کی حیثیت سے ملازم بھی تھے پرائمری تک ابتدائی تعلیم انہوں نے سوڈانی پرائمری سکول سے حاصل کی بعد ازاں ان کا خاندان قاہرہ واپس آ گیا۔

یہاں آکر موصوف نے مدرسہ عباسیہ میں اپنی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا اور 1894ء میں سیکنڈری تک اپنی تعلیم پہنچائی۔اس کے بعد موصوف نے ملازمت کی طرف توجہ کی جوان کو 1905 میں قاہرہ کے ایک بینک میں حاصل ہوئی 1933 تک اسی سے وابستہ رہے۔بعد ازاں عربی اور رانسیسی کی امہات الکتب کا مطالعہ کیا جس سے علمی دنیا میں مقام ملا محمد رشید رضا اور محمد عبدہ جیسے شاگردان فواد عبدالباقی کی فکر کے امین ٹھہرے پانچ سال کی محنت کے بعد وینسنک کی کتاب انگریزی تالیف مفتاح کنوز السنۃ کا عربی میں ترجمہ 1933 میں مکمل کیا وینسنک کی المعجم المفہرس کی تالیف کے دوران فواد عبدالباقی نے اینسنک کو خط لکھا جس میں مذکورہ کتاب میں موجود بعض قابل اصلاح اغلاط کی نشاندہی کی گئی وینسنک نے اس درخواست کو فورا قبول کرتے ہوئے المعجم کی پہلی جلد ارسال کی چنانچہ وینسنک کی حیات میں المعجم کی پہلی جلد کی طباعت فواد عبدالباقی کی شراکت سے ہوئی بعد ازاں کتب ستہ کی شروحات وفہارس مرتب کیں۔

" المعجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم ، جامع المسانید'' بھی فواد عبدالباقی کے ناقابل

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فراموش کارنامے ہیں۔1388 بمطابق 1967 کوفواد عبدالباقی اللہ تعالی کو پیارے ہوئے۔

نوٹ:.....فواد عبدالباقی کے بارے مزید تفصیل جاننے کیلئے مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ مفید ثابت ہوسکتا ہے:

الاعلام، لخیرالدین الزکلی، دارالعلم للملایین، بیروت۔

محمد فواد عبد الباقی صاحب فہارس القرآن والحدیث ، از نعمات احمد فراز،

(3).....صاحب کتاب نے کتب اوران کے ابواب کی ترقیم میں تسلسل کو پیش نظر رکھا ہے البتہ صحیح مسلم اور موطا کی احادیث کے اعتبار سے ترقیم کی ہے۔

(4)..... احادیث کے معانی اور موضوعات کو ترتیب دے کر انہیں حروف تہجی کے اعتبار سے درج کتاب کیا گیا ہے چنانچہ اس لحاظ سے ابتدا آدم u سے کی گئی ہے اس کے بعد آل محمد e پھر آمنہ' آمین' اسی طرح اس کتاب کا اختتام یونس u کے لفظ پر ہوتا ہے۔

(5)..... ہر مرکزی عنوان اور موضوع کو ذکر کر کے وینسنک نے اس کے تحت فروعی اور تفصیلی موضوعات کو نقل کرتے ہوئے اس سے متعلق احادیث کا حوالہ دیا ہے۔

7۔مفاتح میں مستعمل رموز حسب ذیل ہیں:

بخ: بخاری بد: سنن ابی داود، تر: سنن ترمذی ، نس: نسائی ، مج: ا بن ماجہ ، می: الدارمی ، مس: مسلم، ما: موطا، حم: مسند احمد ، ط: مسند الطیالسی، ز: مسند زید، هش: ابن ہشام ، قد: المغازی للواقدی ، ک: رقم الکتابب المتسلسل، ح: رقم الحدیث المتسلسل، ج: رقم الجزء، ص: رقم الصفحہ، ب: باب، ق: قسم ،

نوٹ:.....المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور مفتاح کنوز السنہ کے متعلق مزید مطالعہ مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ مفید ہے:

1: المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم و مقدمتہ

2: علم التخریج و ضرورتہ فی خدمۃ السنۃ النبویۃ، عبد الغفور بن

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عبد الحق حسین ، مجمع الملک فہد مدینۃ منورۃ.

3 ممایلاحظ علی کتابی مفتاح کنوز السنۃ والمعجم المفہرس لالفاظ الحدیث ، محمد عبد اللہ حیانی ، ریاض.

4: سوال عن بعض رموز المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم ، عبد العزیز بن صالح اللحیدان، کلیۃ اصول الدین ، جامعۃ الامام ریاض.

5: ترجمۃ المقدمات الفرنسیۃ للمعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم ، جامعہ قطر.

6: التعریف بکتاب مفتاح کنوز السنۃ، احمد شاکر، مطبعۃ مصر.

7: تیسیر المنفعۃ بکتابی مفتاح کنوز السنۃ والمعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم ، فواد عبد الباقی ، دار الحدیث القاہرہ

8: مفتاح کنوز السنۃ ،اے جے وینسنک،تعلیق،محمد فواد عبد الباقی،ادارہ ترجمان السنۃ ،لاہور۔

9: جھود المستشرقین الھولیند یین فی فھرسۃ موضاعات السیرۃ النبویۃ صلی اللہ علیہ وسلم ، عبد العزیز شاکر الکبیسی حمدان ، ریاض.

10: مقدمۃ مفتاح کنوز السنۃ ، احمد محمد شاکر.

اسی طرح المعجم کے بعض تسامحات کی نشاندہی اور تفصیل کے لیے مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ مفید رہے گا:

1: طرق تخریج الحدیث ، عبد الہادی ، عبد المہدی ، دار الاعتصام قاہرہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

2: المعجم المفهرس لالفاظ الحديث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی آٹھویں جلد، ویٹکام

3: بيان اخطاء المعجم المفهرس لالفاظ الحديث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم ، ذیب فیاض شاکر، مجلة جامعة الملک سعود، العلوم التربوية والدرسات الاسلامية.

4: اضواء علی اخطاء المستشرقين فی المعجم ، المعجم المفهرس لالفاظ الحديث النبوی ، ط ، اول ، از: سعد المرصفی، دارالقلم للنشر والتوزيع، الكويت۔

پاکستانی یونیورسٹیز میں حدیث اور سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لکھے گئے مقالات

ایم اے ، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر لکھے جانے والے تحقیقی مقالات کی موضوعاتی فہرست:

کسی قوم یا ملک کی ترقی میں تعلیم اور تحقیق کا کردار اہم ہوتا ہے۔ جس کے لیے بطورِ مسلمان ہمارے لیے سیرت النبی e ہی اُسوۂ حسنہ ہے۔ سیرت النبی e پر انفرادی، ادارہ جاتی کتب ورسائل کی اشاعت کے ساتھ علمی تحقیق کے لیے قومی سطح کی جامعات نہایت اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ پاکستانی جامعات میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر دیگر موضوعات کے علاوہ حدیث وسیرت النبی e پر تحقیقی مقالہ جات لکھوائے جاتے ہیں لیکن ان جامعات میں مقالات کی جامع فہرست منظم انداز میں سامنے نہ آنے کی وجہ سے مختلف

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جامعات میں ملتے جلتے موضوع پر مقالے لکھوائے گئے ہیں جس سے تحقیق کے نئے گوشے سامنے نہیں آتے۔

اس سلسلے میں ضرورت اس اَمر کی ہے کہ ایک جامع فہرست ایسی ہو جس میں تمام جامعات کے مقالات کو موضوعاتی اعتبار سے مرتب کیا جائے کہ کس کس جامعہ میں کن لوگوں نے کتنے موضوعات پر تحقیقی مقالے لکھوائے ہیں اِس سے نہ صرف ان جامعات میں ہونے والا تحقیقی کام سامنے آئے گا بلکہ مزید کام کرنے کے لیے کئی موضوعات بھی سامنے آئیں گے۔ نیز ان مقالات میں سے بعض کی اشاعت کے مواقع بھی ملیں گے۔ اسی سلسلے میں ایک معاون تحقیقی منصوبہ کے تحت پاکستان کی تمام جامعات کے شعبہ علوم اسلامیہ، تاریخ اسلامی، ثقافت اسلامیہ، کلیہ معارفِ اسلامیہ، تاریخ وغیرہ کے تحت لکھوائے جانے والے مقالات کی وضاحتی کتابیات منظر عام پر آئیں ہیں۔ جس میں مقالات کی ابتدائی معلومات کے ساتھ نگران مقالہ، سن تکمیل اور دیگر معلومات کی نشان دہی بھی کی گئی ہے اور آئندہ کے لیے نئے محققین کے لیے تحقیقی منصوبہ جات بھی پیش کئے گئے ہیں تا کہ ان پر آئندہ کام کی منظم بنیاد رکھی جا ئے۔

ان مقالات کو حروف تہجی کے اعتبار سے تیار کیا گیا ہے جو کہ نہایت عمدہ کاوش ہے ذیل میں حدیث وسیرت النبی e کے متعلقہ موضوعات کی فہرست تیار کی گئی ہے تا کہ حدیث و سیرت کے موضوع پر کام کرنے والے، جامعات میں ہونے والے کام سے آگاہ ہو سکیں۔ جس سے اُن کے لیے اس موضوع پر مزید کام کرنے میں نہ صرف آسانی پیدا ہوگی بلکہ حدیث وسیرت کے حوالے سے نئے پہلو بھی سامنے آئیں گے۔

راقم نے اس کتاب میں نہ صرف پاکستان کی مختلف یونیورسٹیز میں لکھے گئے مقالات کو اکٹھا کر دیا ہے بلکہ ان جامعات/ یونیورسٹیز میں جو موضوعات تحقیق کے لیے پیش کئے گئے تھے لیکن کسی وجہ سے ان پر کام نہیں کروایا گیا، ان کو بھی درج کر دیا گیا ہے تا کہ حدیث و سیرت کا طالب علم ان میں سے کوئی موضوع یا کسی موضوع میں تھوڑی بہت کمی بیشی کر کے اپنا

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

موضوع تیار کر لے امید واثق ہے کہ ہماری یہ کاوش حدیث وسیرت کے طلباء کے لیے ایک بہترین ممد ومعاون کے طور پر کام دے گی۔ ان شاء اللہ۔

تحقیقی مقالہ جات برائے پی ایچ ڈی

1. ،عبدالقادر جیلانی، معارفِ اسلامیہ، کراچی
2. 'اعلام الحدیث' از خطابی رحمہ اللہ تعالی اور 'شرح صحیح بخاری' از ابن بطال رحمہ اللہ تعالی کے مناہج و امتیازات (تحقیقی وتقابلی مطالعہ)، مقالہ نگار محمد مشتاق شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور
3. Critical Survey of works on Hadith in Pakistan معین الدین ،شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور
4. The aproach of Oriental's towards the Holy Prophet His Teachings during 7th, 8th9th centuries
5. ابن اثیر کی تاریخ الکامل بحیثیتِ ماخذِ سیرت، حسین فاروق، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور
6. ابن سعد بحیثیت محدث ایک تحقیق وتنقیدی جائزہ، محمد خلیل ادارہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی،
7. ابوالحسن علی ندوی بحیثیتِ سیرت نگار، دلشاد احمد خان، شعبہ علوم اسلامیہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
8. احادیث نبویہ میں تیسیر اسرار وحکم، مقالہ نگار: محمد افضل، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2017
9. احادیث نبویہ ﷺ میں اخلاقی منہیات کے مقاصد اور ان کے عصری اطلاقات،

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مقالہ نگار: محمد شفیق شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

10. احکام زکوٰۃ میں سنن ابی داود اور سنن ترمذی کے تفقہ کا تقابل اور عصر حاضر، مقالہ نگار: محمد ارشد، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2017

11. احکامِ عشرہ، خطبہ کوہ اور خطبہ حجۃ الوداع، فلاح انسانیت کے حوالے سے، زاہد محمد خان ،معارفِ اسلامیہ، کراچی

12. احناف کے نزدیک حدیث کے ردّ وقبول کے معیارات۔ تحقیقی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد سلمان، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2017

13. اردو تفسیری ادب میں احادیث ضعیفہ وموضوعہ سے استدلال کی روایت اور اس کے اثرات، مقالہ نگار: اصغر علی خان، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، تکمیل 2014ء

14. اُردو حمد ونعت پر فارسی شعری روایت کا اثر، شریف احمد عاصی، اُردو، بہاوالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

15. اردو شاعری پر قرآن وحدیث کے اثرات، محقق محمد عبدالمقیت (شاکر علیمی) شعبہ اردو یونیورسٹی آف سندھ جام شورو حیدرآباد سندھ پاکستان سن تکمیل 1974

16. اردو شاعری میں سیرت کی روایت، مقالہ نگار: شفیقہ پروین، اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی، سرینگر 1986

17. اُردو کتبِ سیرت کا تعارفی مطالعہ [کتابیات]، عبدالغفار بیت الحکمت (لاہور)، شعبہ شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب

18. اردو کتب سیرت میں ابحاث خصائص نبوی ﷺ، مقالہ نگار: شائستہ جبین، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2018

19. اُردو کی نعتیہ شاعری میں مولانا احمد رضا بریلوی کی انفرادیت واہمیت، تنظیم الفردوس، اُردو، کراچی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

20. اردو میں احادیث نبوی ﷺ کے ترجمے اور تعلیقات، مقالہ نگار: سید محمد حبیب ا لثقلین، سندھ یونیورسٹی جام شورو، حیدر آباد صوبہ سندھ، پاکستان سن تکمیل 1973

21. اردو میں سیرت نبوی ﷺ کا ادب، مقالہ نگار: سید اسد اللہ کامل، شعبہ اردو، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر، کشمیر 1948

22. اردو میں سیرت نبوی ﷺ کا سرمایہ، مقالہ نگار: ،عبدا الجبار خان بن سخاوت خان یوسف زئی ،، شعبہ اردو یونیورسٹی آف سندھ جام شورو، حیدر آباد، صوبہ سندھ پاکستان سن تکمیل 1979

23. اردو میں سیرت نبوی ﷺ، مقالہ نگار: ، قاضی زین العابدین، شعبہ اردو، ناگ پور یونیورسٹی، ناگ پور، مہارشٹرا انڈیا 1964

24. اردو میں منظوم سیرت نگاری ، محقق طاہر اقبال خان ، شعبہ اردو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد 2006

25. اردو نثر میں سیرت رسول ﷺ، مقالہ نگار: ، انور محمود خالد، شعبہ اردو یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور تکمیل 1982

26. اُردو نعت کے جدید رجحانات، شوکت چغتائی، اُردو، سندھ

27. اردو نعت گوئی میں قرآن وحدیث کی تعلیمات، مقالہ نگار: ریحانہ بیگم، کراچی یونیورسٹی ،کراچی 2003

28. اُردو نعت، مقالہ نگار: ریاض مجید، شعبہ اردو کلیہ علوم اسلامیہ و ادبیات شرقیہ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور، پنجاب۔

29. اسباب و ورود الاحادیث المختارہ فی الجامع الصحیح للبخاری، مقالہ نگار: سعدیہ خالد، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب 2013

30. الاستعراض النقدی للدراسات الخاصۃ بالسیرۃ النبویۃ، محمد علی ، شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی لاہور

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

31. الاسرائیلیات فی تفسیر القرطبی۔ تحقیق وتخریج، مقالہ نگار: حامد علی فاروق، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2018

32. الاسس النبویۃ فی الحضارۃ الاسلامیۃ، مامون محمود احمد، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاولپور

33. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں نعت گوئی کا تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ [پاکستان کے خصوصی حوالے سے]، شہزاد احمد معارفِ اسلامیہ، کراچی

34. اسمائے رسول ﷺ کی اہمیت وفضیلت کا انسانی سیرت وکردار پر اطلاق (ایک تحقیقی مقالہ) مقالہ نگار: ، محمد طاہر مصطفی، کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی کراچی صوبہ سندھ پاکستان سن تکمیل 2007

35. اصلاح معاشرہ کا نبوی طریقہ کار، مقالہ نگار: سید محمد شاہد ترمذی، شعبہ علوم اسلامیہ فیکلٹی آف سوشل سائنسز نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پاکستان

36. اصلاحات نبوی ﷺ اور اس سے استفادہ عصر حاضر کے تناظر میں، مقالہ نگار: حافظ محمد فاروق اعظم، شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پاکستان

37. اصول روایت حدیث اصول فقہ کی روشنی میں، مقالہ نگار: محمد باقر خان خاکوانی، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

38. اصول روایت ودرایت حدیث، کتب اصول حدیث کی روشنی میں مقالہ نگار: حافظ محمد انور بن سکندر، شعبہ تقابل ادیان واسلامک کلچر یونیورسٹی آف سندھ جام شورو تکمیل 1993

39. اُصول شرح حدیث اور برصغیر کی منتخب شروحات حدیث ...تحقیقی وتقابلی مطالعہ) فتح الملہم از عثمانی اور شرح صحیح مسلم از سعیدی)، مقالہ نگار: ظاہر احمد شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

40. اصول نقد روایات۔ محدثانہ اور استشراقی طرزِ تحقیق، مقالہ نگار: محمود احمد، شعبہ علوم

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2016

41. امام ابن کثیر بحیثیت سیرت نگار، تحقیقی وتنقیدی جائزہ مقالہ نگار: محمد اکبر ملک، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، صوبہ پنجاب، پاکستان سن تکمیل 1998

42. امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی، بحیثیت محدث، مقالہ نگار: حافظ محمد خان، شعبہ اسلامیات پشاور یونیورسٹی کے۔پی۔کے۔

43. امام ترمذی کے فقہی منہج کا مطالعہ (ابواب الطہارۃ تا ابواب الجنائز) مقالہ نگار: صائمہ ملک، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی (جی سی یو) فیصل آباد۔

44. امام شافعی اور امام طحاوی کے رفع تعارض کے اصول ('اختلاف الحدیث' اور 'مشکل الآثار' کی روشنی میں)، مقالہ نگار: محمد ثناء اللہ شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

45. امام قسطلانی احمد بن محمد متوفی 923ھ بحیثیت سیرت نگار، محققہ ثمینہ سعدیہ، شیخ زید اسلامک سنٹر یونیورسٹی آف دی پنجاب قائداعظم کیمپس لاہور سن تکمیل 2009

46. امام نودی کا اصلاح معاشرہ میں کردار علم حدیث کے خصوصی حوالے سے، مقالہ نگار: غلام عباس قادری، شعبہ اصول دین کراچی یونیورسٹی، کراچی

47. امتیاز احمد خطباتِ رسول ﷺ کے متون ومقامات کی تحقیق شعبہ عربی، یونیورسٹی آف پنجاب، لاہور

48. امیر مینائی اور محسن کاکروی کی حمد ونعت کا تقابلی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد رضا نقوی، شعبہ اردو الہ آباد یونیورسٹی، اتر پردیش انڈیا

49. انبیاء کی تعلیمات اور عالمی تہذیبی اقدار پر ان کے اثرات، مقالہ نگار: زہرہ پروین، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور،

50. انبیائے کرام اور سیاست ایک مطالعہ، مقالہ نگار: عبدالحق شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

51. آنحضرت ﷺ کی پیغمبرانہ زندگی اور اُمہات المؤمنین کا کردار، زبیدہ جبیں یونیورسٹی آف بلوچستان شعبہ علوم اسلامیہ

52. آنحضرت ﷺ کی تعلیمی پالیسی، گجر خان، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاولپور

53. اندلس میں فن سیرت نگاری کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ تیسری صدی ہجری سے آٹھویں صدی ہجری تک، مقالہ نگار: محمد ادریس لودھی، شعبہ علوم اسلامیہ دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور، بہاولپور صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل 2006

54. اہل سنت اور اہل تشیع کے مشترکہ رواۃ حدیث کا ایک تحقیقی جائزہ، مقالہ نگار: نثار احمد، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور۔

55. البدایۃ والنہایۃ بحیثیتِ ماخذِ سیرت، عطاء الرحمن، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور

56. برصغیر پاک وہند کی شروحات سنن ابی داود (تحقیقی وتنقیدی جائزہ) مقالہ نگار: محمد نعیم صدیقی بن عبید اللہ، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور،

57. برصغیر پاک وہند میں تحریک ختم نبوت، ایک تاریخی وتجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: ظفر اللہ بیگ، شعبہ تاریخ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور،

58. برصغیر میں سیرت نگاری کا منہج، قرآن وسنت کی روشنی میں تحقیقی وتنقیدی جائزہ، مقالہ نگار: محمد اشرف، شعبہ علوم اسلامیہ بہاوالدین زکریا یونیورسٹی ملتان، صوبہ پنجاب، پاکستان، سن منظوری 2015

59. برصغیر میں شمائل النبی ﷺ پر ہونے والے کام کا تاریخی وتنقیدی جائزہ، مقالہ نگار: منیر احمد، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، پنجاب، پاکستان سن تکمیل 2009

60. برصغیر پاک وہند میں سیرت نگاری کے رجحانات 1857 تا 1987 مقالہ نگار: محمد شکیل صدیقی، شعبہ اسلامی تاریخ کراچی یونیورسٹی، کراچی صوبہ سندھ پاکستان سن تکمیل 2005

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

61. برصغیر پاک وہند میں عربی نعتیہ شاعری، اسحاق قریشی، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب
62. برصغیر میں حدیث وسنت کی جدید تعبیرات محرکات اور اسلامی معاشرہ پر اثرات، مقالہ نگار: راشد منیر، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2013
63. بیسویں صدی میں ہند کے اردو سیرت نگارانِ رسولe مقالہ نگار: ایس اے سرگوہ سید قدیر عبدالرحمان شعبہ اردو، گنانہ سہیادری کوئمپور یونیورسٹی شنکر گٹہ ضلع شیموگہ کرناٹک سٹیٹ انڈیا 2002،2003
64. بین الاقوامی تعلقات کے اصول، مکاتیب ووثائق رسول اللہ کی روشنی میں، مقالہ نگار: سعدیہ جبیں شعبہ مطالعات سیرت پشاور یونیورسٹی پشاور خیبر پختونخوا پاکستان سیشن 2014
65. بیوروکریسی کا اسلامی ومغربی تصور (خلافت راشدہ کے تناظر میں پاکستانی سول سروس کا تجزیاتی مطالعہ)، مقالہ نگار: محمد افضل شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور
66. پاکستان میں تحریک ختم نبوت کے مذہبی اور سماجی اثرات، مقالہ نگار: گل محمد بن در ایمان کان شعبہ تقابل ادیان واسلامک کلچر یونیورسٹی آف سندھ جام شورو پاکستان سن تکمیل 1996
67. پاکستانی آئین اور قانون میں غیر مسلم شہریوں کے حقوق فرائض، معاہدات نبویe کی روشنی میں مقالہ نگار: صابر اللہ، شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد سیشن 2014
68. پروفیسر منٹگمری واٹ کے مطالعہ سیرت النبی ﷺ کا تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: عابد حسین قیصرانی، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، صوبہ پنجاب، پاکستان
69. پنجابی وچ سیرت رسول، سعیدہ رشم، پنجابی، پنجاب، لاہور۔
70. پہلی چار صدیوں میں سیرت نگاری کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، مقالہ نگار: لیاقت علی، شعبہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

علوم اسلامیہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور صوبہ پنجاب، پاکستان سن تکمیل 2011

71. پیر محمد کرم شاہ الازہری بحیثیتِ سیرت نگار، محمد رمضان، زکریا، ملتان

72. پیغمبر اسلام اور مستشرقین مغرب کا انداز فکر، محقق عبد القادر جیلانی، کلیہ معارف اسلامہ کراچی یونیورسٹی کراچی صوبہ سندھ پاکستان

73. تاریخ وعقائد منکرین حدیث، تاریخ منکری الحدیث و اختلافھم فی المسائل الشریعۃ المختلفۃ فی شبہ القارۃ الہندیۃ، محقق حافظ صلاح الدین، شعبہ عربی یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور سن تکمیل 1994

74. تاریخی واقعات اور سیرت کا تقابلی جائزہ، مقالہ نگار: صابر اللہ، شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد، پاکستان سیشن 2013

75. تدوین حدیث کے اسالیب ومناہج (آغاز اسلام سے 458ھ تک) مقالہ نگار: عبد الحمیدی خان عباسی، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور صوبہ پنجاب، پاکستان سن تکمیل 2006

76. تکملہ فتح الملہم۔ منہج کا تحلیلی جائزہ، مقالہ نگار: ظل ہما، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2017

77. الجامع الصحیح کے تراجم ابواب میں امام بخاری کی اجتہادی بصیرت تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: عبد الغفار شعبہ علوم اسلامیہ، ادارہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور، 2013ء۔

78. حجیت حدیث پر برصغیر کے ادب کا تنقیدی جائزہ مقالہ نگار: محمد عبد اللہ، شعبہ عربی اورینٹل کالج یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور، صوبہ پنجاب، پاکستان سن تکمیل 1994

79. حدیث مناکحات کے متون کی واقعاتی جمع وتدوین، مقالہ نگار: ملک کامران، شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا، 2019۔

80. حدیث میں سید مودودی کی خدمات، مقالہ نگار: محسنہ عظیم، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ،

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

یونیورسٹی وی پنجاب، لاہور، صوبہ پنجاب، پاکستان سن تکمیل 2008

81. حدیث نبوی ﷺ اور سلطان باہو کی صوفی فکر، تجزیاتی و تطبیقی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد امین، شعبہ علوم اسلامیہ بہاوالدین زکریا یونیورسٹی ملتان، صوبہ پنجاب، پاکستان سیشن 2011 تا 2015

82. حدیث نبوی ﷺ سے متعلق مستشرقین کے اعتراضات کا علمی جائزہ (آراء میں باہمی تضادات کا تحقیقی جائزہ) مقالہ نگار: محمد شہزاد، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، سیشن 2009

83. حدیث نبوی ﷺ کا تمثیلی اسلوب، سنن اربعہ کا خصوصی مطالعہ مقالہ نگار: شکیل احمد شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

84. حدیث نبوی ﷺ کی عمرانیاتی اہمیت محققہ نسیم سحر صمد، شعبہ علوم اسلامیہ، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور 2007

85. حدیث نبوی ﷺ میں اسالیب استدلال اور عصر حاضر، مقالہ نگار: حافظ عابد اکرم، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور، صوبہ پنجاب پاکستان 2009

86. حضرت محمد ﷺ کی مکی زندگی، معاصر استشراقی فکر کا تجزیاتی مطالعہ، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور پاکستان 2016

87. حقوق الرسول ﷺ کے بارے میں فقہاء کی آراء کا تحقیقی وتقابلی جائزہ (پی ایچ ڈی سیرت سٹڈیز) محقق محمد نور الحق قادری، اسٹی ٹیوٹ آف اسلامک و اریبک سٹڈیز، پشاور یونیورسٹی پشاور 2014

88. حقوق الرسول ﷺ منتخب ادب سیرت کا تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد رفیق، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2019

89. حقوقِ انسانی کے بارے میں عصری رجحانات۔ عہد نبوی وخلافت راشدہ کی روشنی میں، مقالہ نگار: عبدالسلام صابر، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2017

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

90. خارجہ پالیسی کے بین الاقوامی اصول وقوانین اور عملی صورتحال (اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تحقیقی جائزہ)، مقالہ نگار: محمد یونس جاوید شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

91. خصوصی افراد اور ان کے حقوق کا تعین سیرت النبی ﷺ اور خلفائے راشدین کے اسوہ کی روشنی میں، مقالہ نگار: ناصر محمود، شعبہ علوم اسلایہ، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور، بہاولپور، صوبہ پنجاب، پاکستان

92. خطب النبی الامی جمع وتدوین، تحقیق وتخریج، شرح، حل الغریب، تعیین التاریخ، مقالہ نگار: سید عزیز الرحمان، نعمانی، شعبہ قرآن وسنہ کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی کراچی 2004

93. خطبات رسول ﷺ کے متون ومقامات کی تحقیق، مقالہ نگار: امتیاز احمد شعبہ عربی، یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور، صوبہ پنجاب، پاکستان

94. خواتین کی اُردو نعتیہ شاعری کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، طیبہ خانم، اُردو، اوپن

95. دبستان کراچی میں نعت رسول ﷺ کا ارتقاء محقق تنویر عارف خان، نگران ڈاکٹر اسلم فرخی، شعبہ اردو کراچی یونیورسٹی کراچی 2003

96. درایت حدیث کا تفصیلی جائزہ، مقالہ نگار: ، محمد سلیم شعبہ سنی دینیات علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اتر پردیش انڈیا 1992

97. دور نبوی ﷺ میں تعلیم کا نشوارتقاء اور اس کے عمرانی اثرات، مقالہ نگار: ایم اے عمران کلیہ معارف اسلامیہ فیکلٹی آف اسلامک لرننگ کراچی یونیورسٹی کراچی، صوبہ سندھ پاکستان سن تکمیل 1997

98. ڈاکٹر محمد حمید اللہ بطور سیرت نگار، مقالہ نگار: فاروق حمید نگران تحقیق پروفیسر ڈاکٹر محمد گجر خان شعبہ علوم اسلامیہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل 2011

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

99. ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی اردو سیرت نگاری، مقالہ نگار: عائشہ مریم، شعبہ اردو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد پاکستان

100. رحمۃ للعالمین (جلد سوم) تدوین متن اور تنقیدی جائزہ، محمد یاسین، شعبہ علوم اسلامیہ، اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

101. رسول اکرم ﷺ کی دعوت میں منتخب صحابیات کا کردار، نصیر خان، معارف اسلامیہ، کراچی

102. رسول اکرم ﷺ کے طریق دعوت میں انسانی نفسیات کا لحاظ، مقالہ نگار: حافظ محمد سجاد، شعبہ علوم اسلامیہ بہاو الدین زکریا یونیورسٹی ملتان صوبہ پنجاب، پاکستان سن تکمیل 2005

103. رسول اکرم ﷺ کی عسکری اور سیاسی زندگی میں صلح حدیبیہ کا کردار اور عصر حاضر میں اس کی ضرورت واہمیت علمی وتحقیقی جائزہ مقالہ نگار: محمد طیب خان شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون سائنس وٹیکنالوجی اسلام آباد عبد الحق کیمپس کراچی سن تکمیل 2011

104. رسول اللہ اکرم ﷺ کی سفارتی حکمت عملی ایک تجزیاتی اور تحقیقی مطالعہ، مقالہ نگار: شمیم ہاشمی نگران کار ڈاکٹر عبد الرشید، کلیہ معارف اسلامیہ (فیکلٹی آف اسلامک لرننگ) کراچی یونیورسٹی کراچی صوبہ سندھ پاکستان سن تکمیل 2007

105. رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین کا سفارتی نظام، مقالہ نگار: حافظ محمد یونس نگران کار ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل 1986

106. رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین کے اجتہادی فیصلے عصر حاضر کے تناظر میں تحقیقی جائزہ محققہ فرحت نثار، شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

107. رسول اللہ ﷺ کا تمثیلی اسلوب کنز العمال کی روشنی میں مقالہ نگار: شگفتہ پروین بنت نفیس احمد، شعبہ علوم اسلامیہ دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور بہاول پور صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل 2013

108. رسول ﷺ اور خلفائے راشدین کا سفارتی نظام محمد یونس، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب

109. روایات سیرۃ النبی ﷺ جرح وتعدیل کی میزان میں مقالہ نگار: عطاء الرحمان، شعبہ اسلامیات پشاور یونیورسٹی پشاور صوبہ خیبر پختونخوا پاکستان سن تکمیل 2008

110. ساسانی، بازنطینی اور نبوی ﷺ کے اصول نظم مملکت کا تقابلی جائزہ مقالہ نگار: رفعت اللہ، شعبہ مطالعات سیرت پشاور یونیورسٹی پشاور صوبہ خیبر پختونخوا پاکستان جمع شدہ برائے جائزہ 2016

111. سنت سے استنباط مسائل میں فقہاء کے اسالیب۔ تقابلی وتجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد امجد، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب 2012

112. سندھ میں سیرت نگاری، علی احمد انصاری، ثقافت اسلامی، سندھ

113. سیّد المدائح النبویۃ فی شعر النبہانی، اسرار حسین، عربی، پنجاب

114. سیرۃ النبی ﷺ اردو نثر میں محقق محمد ضیاء الدین مجاہد شعبہ اردو کرناٹک انڈیا

115. السیرۃ النبویہ عند الہیثمی فی کتابہ مجمع الزوائد ومنبع الفوائد جمعاً وتحقیقاً ودراسۃ، مقالہ نگار: مدثر اقبال، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2018

116. سیرت الرسول ﷺ صحابیات کی روایات کی روشنی میں تحقیقی جائزہ مقالہ نگار: شاہین کوثر بنت عبد العزیز ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک ورلیجئس سٹڈیز ہزارہ یونیورسٹی ڈھوڈیال مانسہرہ پاکستان

117. سیرت النبی ﷺ برصغیر کے مسیحی سکالرز کی علمی کاوشوں کا علمی جائز مقالہ نگار: محمد طیب بن عبد الشکور شعبہ علوم اسلامیہ دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور، بہاول پور صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل 2012

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

118. سیرت النبی ﷺ اور برصغیر کا تفسیری ادب تحقیقی وتقابلی مطالعہ مقالہ نگار: رانا زاہد محمود بن رانا عبدالسلام، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور، صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل 2014

119. سیرت النبی ﷺ اور مستشرقین کا علمی وتنقیدی جائزہ مقالہ نگار: دوست محمد شعبہ اسلامیات پشاور یونیورسٹی پشاور صوبہ خیبر پختونخواہ پاکستان

120. سیرت النبی ﷺ کی عصری اور بین الاقوامی اہمیت اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کے منشور کے تناظر میں ایک تحقیقی مطالعہ محقق سید مظہر حسین شعبہ علوم اسلامیہ کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی کراچی

121. سیرت رسول ﷺ روایت صحابیات، تخریج وتحقیق مقالہ نگار: خاور سلطانہ نگران تحقیق ڈاکٹر شبیر احمد منصوری شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور پاکستان سن تکمیل 2012

122. سیرت طیبہ، اسماء النبی ﷺ کے تناظر میں عملی وتحقیقی مطالعہ مقالہ نگار فائزہ بلال شعبہ علوم اسلامیہ وعربی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی جی سی یو فیصل آباد صوبہ پنجاب پاکستان

123. سیرت نبوی ﷺ کے اعتراضات کا ایک تحقیقی جائزہ Muhammad and the Rise of Islam کے حوالے سے، محققہ عالیہ شاہ شعبہ علوم اسلامیہ مالاکنڈ یونیورسٹی چکدرہ مالاکنڈ ڈویژن

124. سیرت نگاری پر اہل بیت عظام کے اثرات کا علمی وتحقیقی جائزہ مقالہ نگار: فطر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک واریبک سٹڈیز پشاور یونیورسٹی پشاور، خیبر پختونخواہ پاکستان

125. سیرت نگاری کے جغرافیائی اسلوب کا تحقیقی مطالعہ، مقالہ نگار: نازیہ ممتاز شعبہ علوم اسلامیہ وعربی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی جی سی یو فیصل آباد صوبہ پنجاب پاکستان

126. سیرت نگاری میں اصول درایت کے استعمال کا تحقیقی جائزہ مقالہ نگار: عطاء اللہ شعبہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مطالعات سیرت یونیورسٹی آف پشاور، پشاور صوبہ خیبر پختونخوا پاکستان سن تکمیل 2013

127. سیرت نگاری میں فقہ السیرۃ کے اسلوب کا تحقیقی تنقیدی وتقابلی جائزہ امہات کتب کی روشنی میں، مقالہ نگار: حافظ محمد نعیم، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پنجاب سن تکمیل 2014

128. سیرت نگاری میں تجدد پسندی کا رجحان، تجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: عبدالغفار، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2016

129. شیعہ سنی مشترکہ روایات اور احادیث میں سیرت پیغمبر اکرم e، مقالہ نگار: علامہ محمد جواد ہادی شعبہ مطالعات سیرت پشاور یونیورسٹی پشاور، صوبہ خیبر پختونخواہ پاکستان سن تکمیل 2016

130. صحابہ کرام احادیث کی روشنی میں مقالہ نگار: سید محبوب حسن واسطی، کلہ معارف اسلامیہ یونیورسٹی آف کراچی، کراچی صوبہ سندھ پاکستان

131. صلح الحدیبیۃ والمعاہدات بین المسلمین والکفار، حکمت الحریری ثقافت اسلامی، سندھ

132. طب نبوی ﷺ قرآن وسنت کی روشنی میں ایک تحقیقی وعلمی مطالعہ، مقالہ نگار: غزالہ علیم کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی کراچی تکمیل 2008

133. عزت العبادات دراسۃ ومقارنۃ من الجزء الخامس من کتاب سیرت النبی، عبدالعزیز، معارفِ اسلامیہ، کراچی

134. عصر حاضر کے معاشرتی نظام کا عہد نبوی ﷺ کے معاشرتی نظام کی روشنی میں جائزہ، مقالہ نگار: وثیق احمد خان، شعبہ علوم اسلامیہ دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور، بہاول پور صوبہ پنجاب پاکستان

135. عصر حاضر میں حقوق مصطفی ﷺ پر تحریری سرمایہ تحقیقی جائزہ، مقالہ نگار: کوثر پروین، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد صوبہ پنجاب پاکستان

136. عقائد عبادات اور اعمال کی تقسیم قرآن کریم اور سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں مقالہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نگار: قیصر جہاں ہاشمی شعبہ سنی دینیات علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ انڈیا 1994

137. علم الحدیث میں امام محمد شیبانی کا منہج، اصول اور اس کے اثرات (تحقیقی جائزہ)، مقالہ نگار: حافظ فیض رسول شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

138. علمائے برصغیر کا مکتوباتی ادب اور اصلاحِ معاشرہ (گیارہویں، بارہویں صدی ہجری میں)، مقالہ نگار: نادیہ عالم شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

139. عمدۃ الفقہ، کتاب الحج کی قرآنی آیات، احادیث رسول ﷺ فقہی نکات علمیہ و فقہیہ کی تحقیق وتخریج، مقالہ نگار: ثناء محمود کلیہ معارف اسلامیہ (فیکلٹی آف اسلامک لرننگ) کراچی یونیورسٹی کراچی، صوبہ سندھ پاکستان

140. عہد اکبری میں سیرت نگاری کے مناہج اور حقوق النبی کے مباحث ایک تجزیاتی مطالعہ مقالہ نگار: عبد القیوم شعبہ علوم اسلامیہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان، صوبہ پنجاب پاکستان

141. عہد نبوی ﷺ اور خلافت راشدہ میں عسکری نظام اور اس کا جدید علمی نظام ہائے ملٹری انٹیلی جنس پر اثر مقالہ نگار: محمد خان ملک بن فتح محمد شعبہ تقابل ادیان اسلامک کلچر یونیورسٹی آف سندھ جام شور 1998

142. عہد نبوی ﷺ کے اقطاع اور عطایا کے معاشی، سیاسی اور دوتی اثرات کا علمی جائزہ، مقالہ نگار: ادیبہ صدیقی شعبہ مطالعات سیرت، پشاور یونیورسٹی پشاور، صوبہ خیبر پختونخوا، پاکستان

143. عہد نبوی ﷺ کی شاعری مقالہ نگار: عبد الحمید اطہر ندوی بھٹکلی شعبہ عربی لکھنو یونیورسٹی لکھنو اتر پردیش انڈیا

144. عہد نبوی ﷺ کے منظوم عربی ادب میں سیرت نگاری، تحقیقی وتحلیلی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد فضل شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پاکستان سن تکمیل 2013

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

145. عہد نبوی ﷺ کی نعتیہ شاعری مقالہ نگار: شاہ محمد، شعبہ علوم اسلامی کلیہ معارف اسلامیہ یونیورسٹی آف کراچی، کراچی صوبہ سندھ پاکستان 2008

146. عہد نبوی ﷺ میں ریاست کا نشو وارتقاء مقالہ نگار: نثار احمد شعبہ اسلامی تاریخ کراچی یونیورسٹی، کراچی صوبہ سندھ پاکستان سن تکمیل 1976 مقالہ شائع ہو چکا ہے۔

147. عہد نبوی ﷺ میں ریاست کا نشووارتقا، نثار احمد، تاریخ اسلامی، کراچی

148. عہد نبوی ﷺ میں قانون سازی کا ارتقاء محقق علی اصغر سلیمی شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان صوبہ پنجاب پاکستان

149. عہد نبوی ﷺ میں مخالفت اسلام محرکات ونوعیت اور عصر حاضر مقالہ نگار: محمد رفیق، ادارہ شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف وی پنجاب لاہور، صوبہ پنجاب پاکستان سن تکمیل دسمبر 2011

150. عہد نبویe اور عہد خلفائے راشدین میں اسلامی ریاست کا مالیاتی نظم ونسق (تحقیقی مطالعہ) مقالہ نگار: محمد علی کلیہ عربی وشعبہ علوم اسلامیہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد سن تکمیل 2016

151. عہدِ نبوی ﷺ کی نعتیہ شاعری، شاہ محمد، معارفِ اسلامیہ، کراچی

152. فتح الباری (حافظ ابن حجر) میں واقدی کی مرویات سیرت تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ، مقالہ نگار: منشاء طیب، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2016

153. فہم حدیث میں اسباب ورود حدیث کی اہمیت، تحقیقی مطالعہ مقالہ نگار: محمد رمضان، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی (جی سی یو) فیصل آباد پنجاب پاکستان

154. قاموس سیرت: اساسی ماخذ کی روشنی میں [حروف، رتاع]، نثار الحق، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور

155. قاموس سیرت: اساسی ماخذ کی روشنی میں [حروف، اتاذ]، حسن، سیّد، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

156. قرآن حکیم میں مذکور قصص الانبیا سے فقہی احکام ومسائل کا استنباط، عبدالعلی اچکزئی، اسلامیات، بلوچستان

157. قرآن کریم اور سیرت طیبہ کی روشنی میں عہد حاضر میں مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان تعلقات کا تحقیقی جائزہ، مقالہ نگار: محمد افضل، کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی کراچی سندھ، پاکستان سن تکمیل 2015

158. قرآن کریم میں مذکور منتخب انبیا کے قصص سے فقہی احکام ومسائل کا استخراج، ایچ اے رشید، معارف اسلامیہ، کراچی

159. قرآن مجید میں ذکر رسول اکرم ﷺ کے مختلف اسالیب (عربی تفاسیر کی روشنی میں تحقیقی جائزہ)، مقالہ نگار: احسان احمد شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

160. قرآن وحدیث کی روشنی میں مسلم امہ کی اقتصادی وحدت کے امکانات کا علمی جائزہ، مقالہ نگار: حمید الدین، شعبہ اسلامیات پشاور یونیورسٹی پشاور، صوبہ خیبر پختونخوا پاکستان سن تکمیل 2007

161. قرآن وسنت کا باہمی تعلق سرسید احمد خان کی تفسیر القرآن کے تناظر میں مقالہ نگار: ریحانہ کوثر زیر، کلیہ عربی وشعبہ علوم اسلامیہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

162. قراءت شاذہ کی استنادی درجہ بندی اور استشراقی نظریہ تحریف قرآن، مقالہ نگار: محمد اسلم، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب 2013

163. کتاب الأحکام لسیاق ما لسیّدنا ومولانا محمد من الایات البیّنات والمعجزات الباہرات والاعلام، دراستہ وتحقیق، مقالہ نگار: محمد منیر اظہر، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2014

164. کتب خصائص نبوی ﷺ کے مناہج واسالیب تحلیلی مطالعہ مقالہ نگار: محمد رمضان، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی جی سی یو فیصل آباد صوبہ پنجاب

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

پاکستان

165. کتب درود وسلام میں مجموعہ صلوات الرسول ﷺ (از عبد الرحمٰن چھوروی) کے امتیازات وتفرّدات، مقالہ نگار: مدثر فاطمہ شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

166. کلام اقبال میں انبیا کا تذکرہ، زیب النسا، اُردو، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

167. متونِ اقبال میں رسولِ آخرالزمان حضرت محمد ﷺ کا تذکرہ، کلثوم سلیم، تحقیقی وتوضیحی مطالعہ اُردو، اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

168. المحاجاۃ بین شعراء قریش بشعراء الرسول، فیصل حسین، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب

169. مرتکبین بدعت سے اخذ حدیث کا حکم اور منہج شیخین، مقالہ نگار: محمد عبد الرحمٰن ناصر، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، 2014

170. مرویاتِ امام ابو حنیفہ کا تحقیقی جائزہ، مقالہ نگار: احمد رضا خان شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

171. مصنف ابن ابی شیبہ کی کتاب الطب کا جدید طب سے تقابلی مطالعہ، مقالہ نگار: محمد راشد شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

172. مطالعاتِ سیرت کے حوالے سے ابن قیم کی زاد المعاد کا علمی اور تقابلی مطالعہ، سلطان محمود، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور

173. مطالعہ سیرت اور تحریک استشراق کا تنقیدی مطالعہ، مقالہ نگار: نوید شکیل، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک ہسٹری کراچی یونیورسٹی دربھنگا بہار انڈیا 1985

174. مطالعہ عہدِ نبوی: ابن الکلبی کی کتاب الاصنام کا مقام اور اس کی اہمیت، سلطان محمد، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور

175. معاصر مستشرقین اور حضور ﷺ کی مدنی زندگی۔ ایک تنقیدی جائزہ، مقالہ نگار: غلام

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حسین، شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب 2011

413: ہندوستان اور علم حدیث: درس حدیث کے طرق ہائے تدریس کا جائزہ وتجزیاتی مطالعہ عصر حاضر کے تناظر میں

414: ہندوستان اور علم حدیث: کتب حدیث کے اردو تراجم کا تنی جائزہ

415: ہندوستان اور علم حدیث: کتب ہائے احادیث میں ہندوستانی محدثین کی مرویات

416: ہندوستان اور علم حدیث: محدثین ہندوستان کی فکر وفلسفہ میں توسع کا پہلو

417: واقعات سیرت کی توقیت/ اختلاف اور اختلافات میں تطبیق

418: واقعات سیرت میں بنیادی شیعہ اور سنی مصادر میں اختلافات

419: وسائل الاعلام واثرھا فی سلوک المسلم الواقع والمامول

420: وقائع سیرت سے استنباط احکام میں مباحث اصولیہ کا اطلاق

421: وھم صاغرون کی تفسیر کا تحقیقی مطالعہ، سیرت طیبہ کی روشنی میں، تعامل نبوی ﷺ و تعامل صحابہ کرام]

422: پاکستان میں پنشن کے قوانین اور ان کا نفاذ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے تناظر میں

423: تہذیبی کشمکش: عہد رسالت وخلافت اور عصر حاضر (تقابلی جائزہ)

424: اسلامی قانون وقف کا معاشرتی ترقی میں کردار؛ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے تناظر میں

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

425: ہنگامی حالات میں بنیادی انسانی حقوق کی معطّلی؛ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے تناظر میں

426: قومی وسائل کے استعمال کی حدود وقیود؛ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے تناظر میں

427: پنجاب کی دیہی خواتین کے مسائل؛ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے تناظر میں ان کا حل

428: اراضی سے متعلّق خرید وفروخت اور زکوٰۃ کے عصری مسائل؛ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے تناظر میں ان کا حل

429: Fundamental human rights in the light of seerah UNO charter of human rights a critical analysis in the light of seera:

430: Lack of tolerance: A behavioral issue in the contemporary life in the light of seerah:

431: Intra-Religion marriages in light of Seerah:

تعلیم کی ضرورت واہمیت اور افادیت ہر دور میں مسلم رہی ہے تعلیم ہی کے ذریعے مذہب سماج کی تشکیل اور اقوام کی بالادستی اور ترقی واستحکام ہے مسلم ائمہ کے زوال کا اہم سبب علم و تحقیق کے میدان میں ان کی پسماندگی ہے حالانکہ انہیں پہلا سبق ہی اقراء کا دیا گیا ہے صدیوں سے چھایا ہوا جمود، سیاسی اور تہذیبی غلبے کے حصول میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے ہم ایسا نظام تعلیم اور نصاب تعلیم مرتب کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے جو معاشرے کی تعمیر و ترقی اور مادی وروحانی فلاح کا ضامن بن سکے وقت کی ضروریات اور زمانے کے تغیرات نے جو مسائل اور چیلنجز ہمارے سامنے کھڑے کئے ہیں موجودہ تعلیم ان کا حل پیش کرنے سے قاصر ہے اسلامی ریاست میں نصاب تعلیم کی تشکیل وتدوین اور اس کے مقاصد واہداف کا تعین وقت

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کی ضرورت ہے مسئلہ صرف یہ نہیں کہ نصاب تعلیم ہماری قومی وملی ضروریات اور تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں بلکہ مسئلہ یہ بھی ہے کہ دینی اور عصری تعلیم دو اور متوازی دھاروں کی شکل میں باہم متصادم نظر آرہی ہے اور یہ تعلیمی معنویت ہماری قوم کو بھی وحدت فکر ونظر سے محروم کر رہی ہے المیہ یہ ہے کہ عصری نصاب تعلیم ہماری تہذیب اور چیلنجز اور ادراک رکھتے ہوں اور متوازن سوچ کے حامل ہوں ان حالات میں اس امر کی شدید ضرورت ہے کہ نظام تعلیم اور نصاب تعلیم کے اہداف و مقاصد کو قومی اور ملی ضروریات اور تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے عصری علوم چاہے طبعی سائنسی سے متعلق ہوں یا سماجی علوم سے اسلامی تناظر میں مدون کیا جائے مغربی علوم کا تنقیدی مطالعہ کیا جائے اور ایسا نصاب تشکیل دیا جائے جو تعمیر سیرت اور تہذیب شخصیت کے ساتھ افراد کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، اسلامی ذہنیت کی تشکیل اور انہیں اسلامی اقدار وروایات کا خوگر بنانے میں مفید اور معاون ثابت ہو سکے۔

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مکی اور مدنی تسلسل اور ارتقاء

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ دراصل اسلام کے ارتقاء اور مسلمانوں کو ترقی کی تاریخ ہے مگر سیرت نگاروں نے سیرت طیبہ کے مکی اور مدنی ادوار میں پیش اور نازل ہونے والے احکامات میں موجود تسلسل اور ارتقاء بالعموم نظر انداز کیا ہے جس کے نتیجے میں نہ صرف مکی اسلام اور مدنی اسلام کے فرق وامتیاز کی صورت میں دین وشریعت میں بھی زمانی اور مکانی محویت پیدا کر دی گئی ہے بعض معاصر محققین سیرت کا نقطہ نظر یہی ہے کہ مکی اور مدنی اسلام کی اصطلاحیں صرف دونوں ادوار اور ان کے امتیاز ار بتانے کے لیے کی گئی ہے ان ادوار میں کوئی تضاد نہیں مکی تعلیمات اصل ہیں اور انہی پر مدنی تعلیمات کا انحصار ہے اور ادونوں میں کوئی مستشرقین نے بھی اسلام کی مخالفت میں مکی اور مدنی اسلام میں مماثلت اور تسلسل کو تلاش کرنے کے بجائے انہیں الگ الگ نظر سے دیکھا اور تسلسل اور ارتقا کر دیا انہوں نے پیغمبر کی شخصیت کو بھی مکی اور مدنی حصوں میں منقسم کر دیا اور مکی دور کی پیغمبرانہ شخصیت کو بھلا بیٹھے تعلیمات دین و شریعت اور واقعات سیرت اور مدنی میں تناظر میں دیکھا جائے تو اس سے نہ صرف یہ احکام

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

شریعت کے نزول میں تدریج وارتقاء کے عمل کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے بلکہ واقعات سیرت کو صحیح متعدد سیاسی، سماجی اور اخلاقی مسائل کے حل میں مدد ملتی ہے مختلف معاشرتی احوال وظروف کی روشنی میں نزول احکام میں تدریج واقعاتا سیرت کی ترجیحات ضرورت ہے تاکہ دین وشریعت کی تکمیل، اقلیت کی اکثریت میں تبدیلی اور محکومیت سے حاکمیت تک کے سفر کو بخوبی سمجھنے کے ساتھ ساتھ ہر طرح کی صورتحال طیبہ سے حقیقی راہنمائی اور استفادہ کی راہ ہموار ہو سکے۔

مکی اور مدنی آیات کے مضامین سیرت

مکی ومدنی آیات سورت میں قصص انبیاء

مکی اور مدنی آیات احکام کا ارتقاء

مکی احادیث آیات کا تسلسل وترسیل

مدنی رواوۃ حدیث اور ان کے مکی ماخذ

مکی ومدنی معاشرت اور ہجرت اسلامی

ہجرت حبشہ ومدینہ کے مقاصد وامتیازات

مقاصد ہجرت نبوی

ہجرت مدینہ کے بعد مراکز اسلام کا مکہ مکرمہ سے ارتباط

مکی اور مدنی معاشرت، خصائص، امتیازات

مکی اور مدنی موخات اور ارتقائی شکل

سوانحی سیرت اور واقعات حیات طیبہ

مدنی مراحل حیات سے تجزیہ روایات

ازواج، اولاد النبی e، مکی ازواج واولاد اور مدنی ازواج اولاد

تعداد ازواج، مکی اور مدنی اقدار ورویات، مشترکہ خصائص

شمائل نبوی خصائص محمدی ﷺ کا مکی ومدنی تسلسل روایات کا مطالعہ

اشاعت اسلام مکی ومدنی ادوار کا ارتقائی مطالعہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مکیہ اور جزائر نمائے عرب کے مختلف علاقوں میں مسلم معاشرتی اور مذاہبی مراکز

مکی اشاعت اسلام کی جغرافیائی وملک گیر

ہجرت حبشہ کے ذریعے غیر ملکی اشاعت اسلام

مدنی عرب قبائل کی مکی دور کی اشاعت اسلامی

مخالفت قریش اور مخالف یہود، مشرکین عرب کی مشترکہ اقدار وروایات

جہاد اسلامی، جدوجہد مسلسل یگانگی اور اس کا مدنی دور کے غزوات وسرایا میں اثر ونفوذ

1: Peace and conflict resolution: and exploratory study of Seerah al-Nabwi(Peace be upon him) and its application in contemporary Afghanistan.

2: The analysisi of Modern sociology goals and objectives in the light of Fiqh-ul_ Seerah.

3: Islamic concept of decentralization towards Revivalism: basic teachings of the holy prophet to combat violence and delinking religious extremism.

4: Contemporary Business Ethics: A study in the seerah of the prophet Muhammad.

5: Personality Development Model for contemporary youth in Fiqh-ul-Seerah

6: Contemporary Business Ethics: A study in the Seerah of the Prophet Muhammad.

7: Islamophobia and its impact on Muslim word an analytical study of Fiqh u Seerah.

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

8: Differentiating aims and operational procedures of Jihad and terrorism in the light of prophetic seerah with respect of contemporary application.

9: Rising Islamophobia in the contemporary western societies and its solutions in the light of Seerah.

10: Western elements of society and analytical study of holy prophets seerah.

11: Causes of suicide in Pakistan and their solution from and Islamic perspective: An analytical Review.

12: The role of religious seminares in the formation and development of society its imbroglio and contemporary challenges.

13: Social prophlems of minorties in Pakistan and their solution analysis in the light of Fiqh-ul_ Seerah.

14: Corruption as a challenge to contemporary is there a remedy Muslim society.

15: Islamic ideological system in the modern Age: theory and practice.

16: Atheism's increasing trends on social media reasons and remedies and analytical study.

17: Ideological dimensions of contemporary economic Issue, A critical study of Marxism.

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

18: Challenges of Westernized culture to Pakistani society and its solution in the light of Islamic Teachings.

19: Social problems of Muslims in Australia and their solutions from and Islamic persective.

20: Challenges faced by Muslim youth and their solution in Islamic teachings.

21: The Review of Non-Islamic Effects on the Islamic culture and Civilization.

22: A Methodological analysis of past efforts and future prospects of Muslim Revivalists in Subcontinent.

23: Problems of Muslim Minorities in the Western countries.

24: Research and Analyses of Muslims scholar about the implementation of Islamic Law Substance.

25: Muslim Approaches to encounter Modern western thought an analytical study in the Context of Indian subcontinent.

26: Institution of Marriage in Islam and the west a critical evalution.

27: Right of special people in the light of Seerah.

28: Humanisum in the light of seerah, risponcibilaties of an Islammi state.

29: The concept and significance of Ummah Revisiting the

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

last prophets's traditions.

30: Articulation of leagal frame work for the function of state to the period of Holy peophet Muhammad.

31: Principles of interfaith dialogue in the light of holy prophet's Sirah and its contemporary application from Pakistan ociopolitical persopective.

32: Rights of special persons in the light of seerah.

33: After the migration of madina, concection to the center of Islam Makkah Makaramah.

34: The religious, political, educational and military background of prophetic migration, its result and effect.

35: Research study of the rights, duties problems and difficulties of refugees in the light of the emigration of habsha and madina.

36: The marital life of the Prophet Muhammad monogamy versus polugamy.

37: The ideological, teaching and nurthring Role of Dar-e-Arqam in nthe formation of Welfare state Historical traditions and contemporary application.

38: Contemporary concepts of social cultivation in the light of Seerah.

39: The structure of Madina's state, A Study from the Seerah

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

یہ ایک مسلمہ تاریخی حقیقت ہے کہ مسلم مفکرین فکری اور اخلاقی میدان کے ہادی سمجھے جاتے تھے جب یورپ جہالت کے اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا مسلمان قرطبہ اور غراطہ کی یونیورسٹیوں میں علم کے موتی بکھیر رہے تھے بعد ازاں مغرب نے اسلامی اداروں سے علمی استفادہ کر کے پوری دنیا پر حکومت کی جبکہ ہم اپنے اسلاف کی میراث سے بے اعتنائی کی وجہ سے دینی و دنیاوی ترقی میں پیچھے رہ گئے اس وقت اعلانیہ طور پر مسلم دنیا پر فکری جمود اور اخلاقی انحطاط کا شکار ہو چکی ہے اور تفکر و تدبر کی بجائے مغرب کی تقلید کو معراج سمجھ لیا گیا ہے لہٰذا موجودہ صورت حال اس بات کا شدت سے تقاضا کرتی ہے کہ فکری اور اخلاقی مسائل کی درست اور بروقت تشخیص کر کے ان کا حل پیش کیا جائے جس کے لیے اہم موضوعات یہ ہیں:

مغرب کی فکری یلغار سے عالم اسلام کو آگاہ کرنا اور اس کا مجوزہ حل پیش کرنا

جدید فکری مسائل کے حل میں مختلف اسلامی مناہج اور اسالیب کا تجزیہ کرنا

معاصر مسلم معاشروں کو جدید اسلامی خطوط پر استوار کرنے کی کوشش کرنا

عالم اسلام کو درپیش جدید فکری و اخلاقی مسائل کے حل کی طرف راہنمائی فراہم کرنا

عصر حاضر کے فکری و اخلاقی مسائل کے حل کے لیے مسلم مفکرین کی کاوشوں کا جائزہ لینا۔

(1) مسلم معاشروں کو درپیش جدید فکری مسائل (سیرت طیبہ کے تناظر میں ان کا حل)

جدید سماجی مسائل کی فکری و نظریاتی جہتیں

(الحاد، سیکولرازم، لبرل ازم، فلسفہ افادیت، فلسفہ مادیت وغیرہ)

تہذیبوں کے تصادم کا نظریہ فکر اسلامی کی روشنی میں

اسلاموفوبیا اور مسئلہ توہین رسالت عالمی قوانین کے تناظر میں

جدید سیاسی مسائل کی فکری و نظریاتی جہتیں

(فلسفہ نتائجیت،، عالمگیریت، جمہوریت، عقلیت پسندی،، نیو ورلڈ آرڈر وغیرہ)

جدید معاشی مسائل کی فکری و نظریاتی جہتیں (کیپٹل ازم، مارکس ازم، مادی جدلیت وغیرہ)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(2) مسلم معاشروں کو درپیش اخلاقی مسائل (سیرت طیبہ کے تناظر میں ان کا حل)

اسلامی اور مغربی فلسفہ اخلاق کے اثرات ونتائج

مسلم معاشروں میں اخلاقی انحطاط کے اسباب واثرات وتدارک

اسلام کی اخلاقی اقدار پر جدید ذرائع ابلاغ کے اثرات، ایجابی وسلبی پہلو

اخلاقی انحطاط کے نظریاتی محرکات واسباب (فلسفہ رومانیت فلسفہ لذتیت وغیرہ)

(3) مسلم معاشروں پر مغربی فکر کے اثرات (سیرت طیبہ کے تناظر میں ان کا حل)

اسلامی ومغربی فکر کے اصول ومبادی کا تقابل

اسلامی تہذیب وتمدن پر غیر اسلامی اثرات کا جائزہ

مغربی اور اسلامی خاندانی نظام کا تقابلی مطالعہ

مغربی معاشروں میں مسلم اقلیتوں کے اہم مسائل

(4) فکری واخلاقی مسائل (سیرت طیبہ کے تناظر میں ان کا حل)

فکری واخلاقی مسائل کے حل میں مسلم مفکرین کا دعوتی وتجدیدی منہج

جدیدت اور مابعد جدیدیت کے بارے میں مسلم سکالرز کا منہج استدلال

فکری واخلاقی مسائل کے حل میں معاصر اسلامی اداروں کے کردار کا جائزہ

بیسویں صدی کے متجددین کا اسلوب احیائے دین، ایجابی وسلبی پہلو

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ایچ ای سی کی طرف سے سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تحقیق کے لیے مسانید سیرت کا قیام اغراض ومقاصد

پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے۔اس ریاست کے نظریہ کا خمیر اسلام سے اُٹھایا گیا۔ اسلام ہی پاکستان کی جان، آن اور پہچان ہے۔اس لیے پاکستان میں اسلام جس قدر معروف، مضبوط اور توانا ہوگا، پاکستان اسی نسبت سے مستحکم اور قوی ہوگا۔اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ پاکستان کی تمام اکائیوں، قبائل، لسانی گروہوں، خطوں اور علاقوں میں اسلام ہی مشترک قدر ہے۔ یہ دین ہی اس مملکتِ خداداد کو قوتِ نافذہ عطا کرتا ہے اسی لیے وطن عزیز کے طول وعرض میں چپہ چپہ پر اسلامی ادارے، دینی مراکز اور مذہبی عبادت گاہیں قائم اور سرگرم عمل ہیں۔ چنانچہ پورے پاکستان میں مساجد، دینی مدارس، اسلامی مراکز، مزارات اور عبادت گاہوں کا جال بچھا ہوا ہے۔

اسلام کا بنیادی عنصر کلمہ طیبہ یا کلمہ شہادت دو اجزاء پر مشتمل ہوتا ہے۔جس کا پہلا حصہ توحید الٰہی کے عقیدہ کا مظہر ہے اور دوسرا جز وعقیدہ رسات کا آئینہ دار ہے۔عقیدہ توحید تمام لہامی مذاہب کی مشترکہ میراث ہے اور قرآنی تعلیمات کے مطابق یہ توحید تمام اہل کتاب کی متاع بے کراں ہے۔جبکہ عقیدہ رسالت اسی کا دوسرا جزو ہے۔ نیز توحید الٰہی کی حقیقت اور اس کی اصل ماہیت بھی نبی کے ذریعے سے ہی سمجھی جاتی ہے۔کیونکہ ہر نبی اپنے خالق کی پوشیدہ حقیقتوں کا پرتو، امین اور داعی ہوتا ہے۔اس لیے عقیدہ رسالت ایک ایسا عقیدہ ہے، جو ایک جانب تو توحید الٰہی کا مظہر اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا عملی اظہار ہے، تو دوسری جانب وہ احکام ربانی کا عملی نمونہ اور اُمت مسلمہ کی شناخت کا واحد ذریعہ ہے جبکہ حضرت ''محمد رسول اللہ'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ ستودہ صفات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کے بغیر مسلمان نہ خدا کو حقیقی طور پر پہچان سکتے ہیں نہ اپنی شناخت قائم کر سکتے ہیں اور نہ ہی اُمت

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

مسلمہ تشکیل دے سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انھیں دل وجان سے محبوب اور اپنی جانوں سے زیادہ عزیز ہیں اور ان کی تعلیمات کو وہ مشعلِ راہ اور حرزِ جان بنائے ہوئے ہیں۔

الہامی مذاہب میں اسلام کا امتیاز یہ ہے کہ اس کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انسانوں کی طرف مبعوث ہوئے، وہ خاتم الانبیاء والمرسلین ہیں۔ ان کی تعلیمات نہ صرف ابدی اور دائمی ہیں، بلکہ وہ قیامت تک تمام زمانوں اور مکانوں کے لیے یکساں مفید اور قابل عمل ہیں۔ نیز وہ انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی عقائد، عبادات، معاملات اور اخلاق وعمل کا پورا نظام ان کی اطاعت، ان کی پیروی اور ان کے اسوہ حسنہ پر کاربند ہونے سے عبارت ہوتا ہے۔ اور ان کی ہدایات پر عمل پیرا ہو کر ہی امت مسلمہ اپنا وجود، مسلمان اپنا تشخص اور انسان اپنا دین و مذہب انفرادی اور اجتماعی طور پر برقرار رکھ سکتے ہیں۔

تحریک پاکستان کے دوران ہمارے اسلاف نے یہ نعرہ بلند کیا تھا کہ ''پاکستان کا مطلب کیا؟'' جس کے جواب میں برصغیر کی ملت اسلامیہ یک زبان اور ببانگِ دُہل یہ کہتی تھی ''لا الہ الا اللہ'' جس کا حتمی اور حقیقی مقصد و مدعا یہ ہوتا تھا کہ تورائیدہ ریاست پاکستان میں اسلامی نظام رائج ہوگا۔ یہ امر ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ حضرت محمد مصطفی علیہ التحیۃ والثناء کو خارج کر کے دین اسلام کا وجود، تشخص اور کردار قائم نہیں رکھا جاسکتا۔ کاش تحریک آزادی کے علمبردار اور کار پردازان اس نعرہ آزادی کے جواب میں لا الہ الا اللہ کے ساتھ ساتھ ''محمد رسول اللہ'' بھی کہتے، تاکہ ۱۹۷۱ء میں پاکستان دولخت نہ ہوتا۔ اس لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کا استحکام اور تحفظ و بقاء اس امر میں پوشیدہ ہے کہ اس ریاست کی حکومت، ادارے، عوام اور نظام اپنے آپ کو غلامی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پابند بنائیں۔ تحریک پاکستان اور قیام پاکستان کے فوراً بعد پاکستانی قوم نے اسلامی ادارے قائم کیے۔ اسلام کو بطور دین اختیار کیا۔ پاکستان کے دستور میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اعلیٰ کو تسلیم کیا، ملکی قوانین کو قرآن وسنت

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

کے تابع بنایا۔ختم نبوت کو مسلمانوں کے عقیدہ رسالت کا جزو لاینفک بنایا۔ سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نظام تعلیم میں سمو یا نیز اسلامی نظریاتی کونسل، ادارہ تحقیقات اسلامی، وفاقی شرعی عدالت، وزارت مذہبی امور، مرکزی زکوٰۃ انتظامیہ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اور اسلامی بنک کاری جیسے عظیم الشان ادارے وقتاً فوقتاً قائم کیے اور انہیں فعال بنایا۔لیکن اسلام کی جان، دین کی روح، انسانی دکھوں کا مداوا اور انسانی رہنمائی کے عملی نمونہ ''سیرت طیبہ'' کے گہرے مطالعہ اور ترویج وتحقیق کے لیے پاکستان کے تشکیلی دور میں کوئی ادارہ قائم نہیں ہوا تھا جس کی اشد ضرورت تھی۔

وزارت مذہبی امور نے اپنے قیام کے فوراً بعد ہمدرد وقف پاکستان کے تعاون سے ۱۹۷۴ء میں ایک بین الاقوامی سیرت کانفرنس کا اہتمام کیا۔جس میں مشرق ومغرب کے نامور مذہبی سکالر اور عالمی سیرت نگار نے اپنے قیمتی نتائج تحقیق پیش کیے۔اس عالمی سیرت کانفرنس کے اجلاس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاوہ چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں بھی منعقد ہوئے۔اس بین الاقوامی کانفرنس کے اختتام پر جو اعلامیہ جاری کیا گیا اس میں اس امر کی پر زور سفارش کی گئی کہ پاکستانی جامعات میں مسانید سیرت (Seerat Chairs) قائم کی جائیں۔ یہ مسانید سیرت نہ صرف پاکستان میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم وتدریس کا اہتمام کریں، بلکہ یہ سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف پہلوؤں پر تحقیقی سرگرمیوں کو بھی فروغ دیں۔ نیز یہ مسند ہائے سیرت اپنے اپنے دائروں میں سیرت نگاری کی پشت پناہی کریں۔ سیرت کے ادب کو فروغ دیں جبکہ تعلیمی اداراوں میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلیٰ درجوں تک مستقل مضمون (Independent Subject) کی حیثیت سے بھی متعارف کرائیں۔ گویا سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسوہ حسنہ کو ایک متحرک عنصر کے طور پر مسلم معاشرے میں عام کریں تاکہ اسوہ حسنہ پر عمل کرنا آسان ہو۔

اس سفارش پر عملدرآمد کرتے ہوئے حکومت پاکستان نے بڑے بڑے پاکستانی تعلیمی اداروں میں مسانید سیرت قائم کیں۔ چنانچہ جامعہ کراچی، جامعہ سندھ، جامعہ بلوچستان، اسلامی

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

یونیورسٹی بہاول پور، بہاؤالدین زکریہ یونیورسٹی ملتان، جامعہ پنجاب لاہور، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اور جامعہ پشاور وغیرہ میں مطالعہ سیرت کی مسندیں قائم کیں، جو ابھی تک سرگرم عمل ہیں۔ اپنے دینی شغف اور دینی احکام پُرجوش انداز میں مکمل کرنے والا صوبہ خیبر پختون خوا مطالعہ سیرت میں بھی بازی لے گیا۔ کیونکہ جامعہ پشاور نے صرف مسند سیرت قائم کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اس یونیورسٹی نے مطالعہ سیرت کا ایک مستقل مرکز فضیلت (Centre of Excellence) قائم کیا جو ایم فل اور ڈاکٹریٹ تک تعلیمی اور تحقیقی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کا ممتاز ادارہ، ادارہ تحقیقات اسلامی بھی مطالعہ سیرت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ اس ادارے میں مطالعہ سیرت اور تحقیقی کام کا مرکز ہے جس کا طریقہ امتیاز یہ بھی ہے کہ اس کے پاس سیرت طیبہ ﷺ پر کتابوں کا ایک وسیع کتب خانہ بھی موجود ہے۔ یہ کتب خانہ تقریباً دس ہزار کتب پر مشتمل ہے۔ اس میں بہت سی نادر کتب اور مخطوطات ومسودات بھی موجود ہیں۔ جو مشرق ومغرب سے لا کر اس جگہ محفوظ کیے گئے ہیں۔ اہل علم کی رائے میں یہ ایک عمدہ کتب خانہ ہے۔ جو سیرت طیبہ ﷺ کے مختلف موضوعات اور متنوع پہلوؤں پر تحقیقی کام کرنے والے ماہرین سیرت کو یک جا بہت سا ''سیرت ادب'' مہیا کرتا ہے سیرت طیبہ ﷺ کے خدام کے لیے یہ ایک عمدہ سہولت ہے۔

ان مسانید سیرت پر عالمی شہرت یافتہ اور نامور محققین اور اساتذہ کرام دادِ تحقیق دینے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ جن میں چند کے اسمائے گرامی یہ ہیں:۔ یہ فہرست مکمل نہیں ہے بلکہ بطور نمونہ شامل کی جا رہی ہے۔

۱۔ پروفیسر ڈاکٹر خالد علوی ۲۔ پروفیسر ڈاکٹر احمد حسن

۳۔ پروفیسر ڈاکٹر نورالدین ۵۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر

۵۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہین قیصرانی ۶۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید

۷۔ جناب خالد ایم اسحاق ایڈووکیٹ

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

۸۔ پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز ۹۔ پروفیسر عبدالجبار شاکر
۱۰۔ پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ۱۱۔ پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت
۱۲۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید

مسانید سیرت کے سربراہان اور ان کے رفقاء کار کی مہار، دلچسپی اور شانہ روز محنت سے نہ صرف یہ مسانید قائم ہوئیں بلکہ ان سب نے سیرت شناسی، مطالعہ سیرت کے فروغ اور اسوہ حسنہ کو عملی سانچے میں ڈھالنے نیز پاکستان میں سیرت طیبہ ﷺ کو ایک مکمل اور مستقل مضمون کے طور پر متعارف کرانے اور فروغ دینے میں انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ جس کے پاکستانی معاشرے پر مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ پاکستان دینی عمل اور اخلاقی قدروں کو فروغ، نیز نظام تعلیم کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے میں بھی مدد ملی۔ چنانچہ مسانید سیرت کی خدمات اور اثرات کے چند پہلو یہ ہیں:۔

۱۔ پاکستان کے نظام تعلیم میں ''سیرت طیبہ ﷺ'' کو شامل کیا گیا۔ چنانچہ تیسری جماعت سے لے کر بی۔ ایس۔ سی پروگرام تک سیرت طیبہ ﷺ کسی نہ کسی انداز میں شامل نصاب ہے۔ جو ایک عمدہ اقدام ہے۔ تاہم اس میں اضافے کی ضرورت ہے۔

۲۔ سیرت طیبہ ﷺ ایک مستقل مضمون (Subject) کے طور پر متعارف ہوئی، جامعہ پشاور میں سیرت طیبہ ﷺ کا ایک مستقل شعبہ قائم کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹریٹ تک تعلیم وتحقیق کی سہولتوں کو فروغ دیا جا رہا ہے۔

۳۔ سیرت طیبہ ﷺ کے موضوع پر نہ صرف تحقیقی کاوشوں کو فروغ ملا بلکہ نتائج تحقیق کو عام کرنے کے مواقع میسر آئے۔ اس طرح کئی تصانیف زیر طبع سے آراستہ ہوئیں جن میں مسند عائشہ، انسان کامل اور سیرت نگاری کا مجموعہ وغیرہ شامل ہیں۔

۴۔ سیرت طیبہ ﷺ کے متنوع پہلوؤں اور مختلف موضوعات پر تحاریر تحقیقی مجلّات میں بکثرت طبع ہو رہی ہے۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

۵۔ جو طلبہ سیرت طیبہ ﷺ کے اہم موضوعات پر تحقیقی کام کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں نامور محققین اور اساتذہ کرام سے مدد اور رہنمائی میسر آنے لگی ہے۔

۶۔ ادارہ تحقیقات اسلامی کے مرکز مطالعہ سیرت میں ایک اعلیٰ پایہ کا ایک کتب خانہ قائم کیا گیا ہے، جن میں سیرت طیبہ ﷺ کے مضمون پر چھپنے والی کتب وافر تعداد میں یک جا میسر ہیں۔ جن سے محققین استفادہ کر سکتے ہیں۔

۷۔ جامعات کی سطح پر سیرت کانفرنسیں بکثرت منعقدہ کی جاتی ہیں۔ یہ علمی مجالس جامعہ کراچی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، نمل یونیورسٹی، علامہ اقبال یونیورسٹی، پنجاب یونیورسٹی اور پشاور یونیورسٹی وغیرہ میں منعقد کی جاتی ہیں۔ جن سے استفادہ کر کے اعلیٰ تعلیم کے طلبہ اپنا کردار اور اخلاق سنوارتے ہیں۔

۸۔ ان مسانید نے ایسا ماحول قائم کرنے کی شعوری کوشش کی ہے۔ جس میں اسلامی علوم کے طلبہ عموماً اور سیرت طیبہ ﷺ کے طلبہ خصوصاً عمل تحقیق کو اپنانے اور فروغ دینے کے خوگر بن جاتے ہیں۔ نیز ان میں دینی تعلیمات پر عمل کرنے کو فروغ ملتا اور کردار سازی کو عروج حاصل ہوتا ہے۔

۹۔ بعض مسانید سیرت نے عوام الناس کی رہنمائی کے لیے مواد طبع کر کے عام کیا ہے، جس کے مطالعہ سے تاجروں، طبیبوں، معلمین اور صحافیوں کو فائدہ پہنچا ہے اور سیرت طیبہ ﷺ کے بارے میں ان کی معلومات میں اضافہ ہوا ہے۔

۱۰۔ سیرت طیبہ ﷺ کو پڑھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کے رجحانات میں اضافہ ہوا ہے۔ اس طرح سے پاکستان میں قائم مسانید سیرت نے کردار سازی، معاشرے کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے، نیز پاکستان کو اسلامی، جمہوری، فلاحی اور رفاہی ریاست بننے کی طرف پیش قدمی کی ہے، اس طرح وطن عزیز میں سیرت طیبہ ﷺ کو فروغ دینے کے لیے سازگار ماحول پیدا ہوا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اس مثبت فعال اور مفید کردار کے باوجود مسانید سیرت کی خدمات اور دائرہ کار محدود ہو کر رہ گیا تھا۔ کیونکہ یہ مسانید دینی حدود میں کام کر رہی تھیں۔ جبکہ حیات طیبہ، اسوہ حسنہ، احادیث مبارکہ اور اخلاق کریمانہ کی وسعت دینی امور تک محدود نہیں ہوتی بلکہ وہ انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں اور ساری جہات تک پھیلی ہوئی ہے۔ ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ انسان کی پیدائش کے پہلے شروع ہو کر مرنے کے بعد انسانی تکفین وتدفین کے بعد تک سیرت طیبہ ﷺ کی رہنمائی اور عمل دخل جاری وساری رہتا ہے۔ بلکہ سیرت طیبہ ﷺ وہ اکسیر نسخہ ہے، جو انسان کی روحانی وجسمانی، مادی وغیر فانی نیز چھوٹی بڑی بیماریوں کا علاج اور مشکلات کا حل فراہم کرتا ہے۔ اس لیے وقت کا اہم تقاضا ہے کہ ہم سیرت طیبہ ﷺ کے ایسے مطالعات پیش کریں، جو انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں پر محیط ہوں، انسانی دکھوں کا مداوا کریں، ہر شعبہ اور طبقہ فکر کے افراد کو رہنمائی عطا کریں۔ ظاہر ہے کہ انسانی عقل و دانش اور علم ومعرفت نیز تجربے و مشاہدے میں اضافے کے ساتھ ساتھ انسانی ضرورتوں اور مسائل میں بھی روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس لیے یہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ مطالعہ سیرت کو زیادہ سے زیادہ وسعت دیں اور انسانی مشکلات کا تریاق سیرت نبوی ﷺ سے تلاش کریں۔

یہ بات اس امر کا تقاضہ بھی کرتی ہے کہ اس کائنات میں پائے جانے والے تمام علوم و فنون کا گہرا مطالعہ کر کے انہیں سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں از سر نو مرتب کیا جائے۔ کیونکہ ہمارا پختہ اور مصمم عقیدہ ہے کہ سیرت طیبہ ﷺ ہمیں ان تمام علوم وفنون کو منتہائے ایزدی کے حصول اور انسانی خدمت کے لیے مثبت انداز میں استعمال کرنے کا پورا موقع، مواد اور راہ مہیا کرتی ہے۔ یہ ایک الگ بات ہے کہ ہم اپنی کوتاہ نظری، کم علمی اور محدود فہم کی وجہ سے ان سب امور تک رسائی حاصل نہ کر پائیں۔ جب کہ سیرت طیبہ ﷺ کا دامن وسیع ہے اور وہ جملہ علوم وفنون اور تمام انسانی امور کا احاطہ کرتی ہے۔

لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ایک طرف تو تطبیقی علوم، تجارتی علوم، بنیادی سائنسی علوم، مالیاتی معاشی علوم، عقلی علوم، سماجی اور معاشرتی علوم نیز اطلاعاتی اور لسانی علوم کو

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں جانچ پرکھ، چھان پھٹک کر انسانوں کے لیے مزید سود مند بنائیں۔ ہماری اس فکر سے اتفاق کرتے ہوئے وفاقی وزیر محترم ڈاکٹر احسن اقبال نے حال ہی میں اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HIGHER EDUCATION COMMISSION) کو تجویز دی ہے کہ سیرت طیبہ کی رہنمائی اور ہدایت سماجی علوم (Social Sciences) کے لیے عام کریں۔ چنانچہ انہوں نے سماجی علوم کے یہ آٹھ شعبے متعین کیے ہیں جن کا سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں جائزہ لے کر قابل عمل تجاویز اور سفارشات انسانیت کو فراہم کی جائیں۔ کیونکہ عالمی سطح پر سماجی علوم نہ صرف انسان پر براہ راست اثر انداز ہو کر اس میں مثبت اور مفید تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔ بلکہ یہی علوم انسانی زندگی کے رجحانات (trends) بھی متعین کرتے اور دیگر علوم وفنون کی مفید رہنمائی کرتے ہیں۔ مجوزہ پہلو یہ ہیں۔ جن کا تعلق براہ راست سماجی علوم ہے:۔

۱۔ قیادت اور حکومت ۲۔ عالمی امن

۳۔ انسانی حقوق اور سماجی انصاف (اس مسند سیرت کیلئے ملک کے نامور محقق پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد اشرف کا انتخاب کیا گیا ہے یہ مسند یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور میں قائم کی گئی ہے جو بنیادی انسانی حقوق اور عدل اجتماعی Human rights and sucial justice حکومت پاکستان کا یہ اقدام انتہائی قابل ستائش ہے اللہ سبحانہ وتعالی کی جانب سے پوری انسانیت کیلئے منتخب کردہ آخری رسول اور اعلی ترین نمونہ اطاعت وتقلید حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ کو بنی نوع انسانی کی راہنمائی کیلئے اشاعت وابلاغ کا بندوبست کر رہی ہے اس سلسلہ میں ہائر ایجوکیشن میں مرکز سیرت (Seerat Chair) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کے تحت پاکستان کی سرکاری جامعات میں مختلف موضوعات (Themes) کے ساتھ مسانید سیرت قائم کی جارہی ہیں یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور میں دسمبر 2018ء میں مسند سیرت برائے انسانی حقوق وعدل اجتماعی (Human Rights and social Justice) کا قیام اسی مبارک سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مسند سیرت کے تحت خطبات Lectures ، سیمینارز Seminars اور کانفرنسز Confrences کے ساتھ ساتھ سب سے زیادہ اہمیت قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالی کی روشنی میں قلم وقرطاس کو ہی دی جارہی ہے جن سے آئندہ نسلیں بھی مستفید ہوسکیں گی ان موضوعات پر یہ مسند کام کروارہی ہے

اقوام متحدہ کے منظور کردہ انسانی حقوق کا بین الاقوامی اعلانیہ کا سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں تحقیقی جائزہ

مغرب اور اسلام کے عدل اجتماعی کا تقابلی جائزہ

مسلمان ممالک میں انسانی حقوق اور عدل اجتماعی کی موجودہ صورت حال کا مکمل جائزہ

مغرب میں انسانی حقوق کے حصول کے مختلف مراحل

اسلام کا تصور حقوق وفرائض سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

انسانی حقوق کے سلسلہ میں مغرب کا دوہرا معیار

مغرب میں عوامی کفالت کے نظام کا ارتقاء

اسلام کے کفالت عامہ کے نمایاں خدوخال

انسانی حقوق کے تحفظات کے حوالہ سے مغرب اور اسلامی تعلیمات کا تقابلی جائزہ

مغرب میں غلامی اور اس کے تدارک کا تحقیقی جائزہ

اسلام اور انسداد غلامی

مغرب اور اسلام میں اقلیتوں کے حقوق کا تقابلی جائزہ

اسلام اور امغرب کے تصور فلاح کا تقابلی مطالعہ۔)

۴۔ کاروبار، تجارت اور حقوق املاک ۵۔ تعلیم وعلم

۶۔ پائیدار ترقی ۷۔ سماجی انصاف اور فلاح

۸۔ صنعتی تعلیم اور حقوق نسواں (اس مسند سیرت کیلئے ملک کی نامور محققہ سیرت نگار پروفیسر ڈاکٹر حافظہ شاہدہ پروین کا انتخاب کیا گیا ہے یہ مسند یونیورسٹی آف پنجاب لاہور

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

میں قائم کی گئی ہے جس کے تحت ایک اہم کانفرنس اس موضوع پر منعقد ہو رہی ہے

Seerat e tayyaba and emerging issues of women in Pakistan (ICSTEIWP-2019)

جس کے پیش کئے گئے اہم مقالہ جات کے عنوانات یہ ہیں

عہدِ صحابہ میں خواتین کی معاشی سرگرمیاں

عہد جاہلیت کے عائلی قوانین اور ان کے تہذیبی اثرات: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

معاشرہ کی ترقی میں صنفی کردار کی جہات، عہد نبوی کا خصوصی مطالعہ

عورت کی نبوت کا مسئلہ۔ علمی مباحث کا مطالعہ

مکانۃ المرأۃ فی ضوء السیرۃ النبویۃ، مظاہرہا وملامحہا

مکانۃ المرأۃ فی الاسلام وعبر العصور (دراسۃ وصفیۃ)

پاکستان میں قتل غیرت کی صورتحال: سیرت النبی ﷺ کا اطلاقی مطالعہ

پاکستان میں خواتین کا سماجی استحصال: غریب طبقے اور امیر طبقے کے رویوں کا مطالعہ

پاکستانی معاشرے میں خواتین پر جنسی تشدد: انسداد واقعات کے لیے نبوی فرامین کا مطالعہ

ازدواجی تعلقات میں اکراہ: سیرت نبوی ﷺ کے تناظر میں جائزہ

خواتین سے متعلق نصوص کی تعبیر نو: مسلم فیمینسٹ خواتین کے تفردات کا تجزیاتی مطالعہ

سیرت طیبہ ﷺ اور وراثت میں خواتین کا حق: ایک تجزیاتی مطالعہ

فکر اقبال کے سماجی پہلو: سیرت طیبہ ﷺ اور جدید سماج میں خواتین کے کردار کے تناظر میں

صنفی مساوات کے اسلامی اور مغربی اصولوں کا موازنہ

خواتین کے عائلی حقوق کی پامالی میں خواتین کا کردار

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اسلام میں صنفی امتیاز کا تصور اور اس کی رعایت

نظریۃ ال إسلام حول عمل المرأۃ (عمل المرأۃ الباکستانیۃ) أنموذجا

عورت کی وراثت پاکستانی معاشرہ اور قوانین، تعلیمات سیرت کی روشنی میں ایک جائزہ

خواتین کا حق وراثت: سیرت طیبہ اور باکستانی عدالتی قانون کے تناظر میں

Islamic Concept of Gender Equality: Origins and Signs

Gender and Islam: Normative Approach in Islamic Law

Muslim Women Rulers: A Study of Islamic History

Principles of an ideal Matrimonial life derived from the Sirah of Prophet Muhammad (saw)

Scrutinization of commenced of tiers Women Emancipation and its Elucidation in Glare of Prophetic Seerah.

– Exploring the issues of working women in Pakistani society: Critical appraisal in Shariah perspective

Workplace Harassment of Women in Pakistan: An Analytical study in Seerat Perspective

Labour Rights in Islam: Plight of Female bonder laborers in Bricklin Industry of Kasur

Islamic values against gender Discrimination : An overview of its practical application during Prophetic society

وفاقی وزیر کی اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے اعلیٰ تعلیمی کمیشن (H.E.C) نے ایک قومی کمیٹی تشکیل دی ہے جو وطن عزیز کے ماہرین سیرت طیبہ ﷺ اور ماہرین سماجی علوم پر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مشتمل ہے۔ جس نے تجویز کیا ہے کہ پاکستان کے آٹھ ممتاز جامعات میں سماجی علوم اور مطالعہ سیرت کے شعبے قائم کیے جائیں۔ ہر جامعہ مذکورہ بالا موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر تحقیقی اور تدریسی سرگرمیوں کا ذمہ دار ہے اور ایک ماہر سیرت اور سماجی علوم اس پر عمل درآمد کرانے کا ذمہ دار ہو، جس کی طرف پیش رفت جاری ہے۔ جبکہ مسانید سیرت کو نئی قوت، نیا لائحہ عمل اور جدید منصوبوں سے آراستہ کر کے ان کا احیاء کیا جا رہا ہے۔ اور انہیں مزید متحرک اور فعال بنایا جا رہا ہے۔ جو وقت کی اہم ضرورت بھی ہے اور اپنی جگہ متعلقہ اداروں کا اہم اور مستحسن اقدام بھی ہے۔ تاہم اس امر کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سیرت طیبہ ﷺ کو ایک اہم مضمون قرار دے کر اسے انسانی زندگی کے تمام شعبہ اور سب پہلوؤں میں متعارف کرایا جائے۔ نیز سماجی علوم کے ساتھ ساتھ زندگی کے دیگر شعبوں میں بھی اس ہدایت کو عام کیا جائے۔ تاہم ایسا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مسانید سیرت اس موضوع کے ان ضروری پہلوؤں پر توجہ دیں، جو نہ صرف ابھی تک گمنامی میں ہیں، بلکہ ان کی تکمیل کر کے ہی ہم ایک جانب سیرت طیبہ ﷺ کو انسانی زندگی کا مکمل حوالہ بنا سکیں گے، تو دوسری جانب ہم ان مسانید کو حقیقی معنوں میں فعال، مستحکم اور نتیجہ خیز بنا سکیں گے۔ نیز پاکستان کو اسلامی جمہوری، رفاہی اور فلاحی ریاست بنانے کے خواب کو حقیقت کا روپ دے سکیں گے۔ اس لیے ہم ایسے نکات کی نشان دہی کرتے ہیں جنھیں اپنانا مسانید سیرت کی وسعت، افادیت اور خدمت کے آئینہ دار ہوں گے، یہ نکات صرف تجاویز ہیں۔ جن پر مزید غور کیا جائے۔

۱۔ خاتم الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سوانح حیات کے حوالے سے لاتعداد کتب، تصنیف اور موضوعات آج بھی مسلم محققین کا پسندیدہ موضوع ہے۔ لیکن پیغمبر اسلام کی ایک معتبر، مستند اور مصدقہ سوانح حیات ابھی تک میسر نہیں ہے۔ یہ کام امت مسلمہ پر قرض ہے کہ وہ اس محسن انسانیت کو ایک ایسی سوانح حیات مرتب کر کے انسانوں کو فراہم کرے، جو تضادات، اختلافات، مبالغوں، خود ساختہ کہانیوں، قیاس آرائیوں، غیر ضروری اضافوں اور ہر

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

طرح کی زمانی اور ثقافتی ملاوٹوں اور آمیزشوں سے مبرا اور پاک ہو۔ اس میں خالق کون ومکان کے پیدا کردہ افضل ترین انسان کی زندگی کا ہر پہلو اور ہر واقعہ بالکل واضح اور شفاف اسلوب میں بیان ہو، جس میں کوئی اختلاف یا شک وشبہہ نہ ہو نیز وہ اس طرح سے مکمل ہو کہ اس کا کوئی پہلو تشنہ نہ ہو۔ جن خوش نصیب اصحاب فکر ودانش نے سیرت طیبہ ﷺ کے اس پہلو پر توجہ دی ہے۔ وہ اس موضوع کی حقیقی اور لاینحل مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں۔ اس لیے اس کھٹن اور دشوار کام کی تکمیل انتہائی ضروری ہے۔ یہ کام امت مسلمہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے بھی قرض ہے۔ جس کا چکانا پوری امت مسلمہ کے لیے فرض کفایہ ہے۔ پاکستان جس کی تکمیل کر کے امت مسلمہ اور انسانیت کو ایک بہترین تحفہ دے سکتا ہے۔

۲۔ سیرت طیبہ ﷺ بلاشبہ انسانی زندگی کے تمام اجزاء اور سب پہلوؤں تک وسیع ہے۔ اس لیے یہ مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ محسن انسانیت کی حیات طیبہ، احادیث مبارکہ، اسوہ حسنہ اور اخلاقی اقدار کے اس پہلو کو پوری ذمہ داری، محنت اور جانفشانی سے ادا کریں اور ایک ایسا وسیع تر منصوبہ ترتیب دیں، جس میں انسانی زندگی کے تمام گوشے شامل ہوں۔ اس منصوبہ پر دو طرح سے عمل درآمد کیا جا سکتا ہے۔ کہ انسانی زندگی کے ہر پہلو اور ہر گوشہ پر ایک الگ کتاب تیار کر کے انسانی ضرورتوں کی تکمیل کے لیے مہیا کی جائے۔ بعد میں ان کتب، مقالات، مضامین اور شحات قلم کو یک جا جمع کر کے الفبائی ترتیب سے طبع کر دیا جائے۔ اس طرح سیرت طیبہ ﷺ کا ایک دائرہ معارف تیار ہو جائے گا۔ تاہم اس منصوبے کی تکمیل وتنفیذ میں بہت سی عملی مشکلات درپیش ہوں گی۔ اس لیے دوسرا طریقہ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ آغاز سے ہی سیرت طیبہ کے دائرہ معارف کا منصوبہ تشکیل دیا جائے۔ اور ابتداء ہی سے اسے زیادہ سے زیادہ وسیع اور جامع بنایا جائے۔ اس انسائیکلوپیڈیا کے مختلف اجزاء کی تدوین تصنیف بیک وقت اس طرح کی جا سکتی ہے کہ اس دائرہ معارف سیرت کا سارا کام آٹھ شعبوں میں تقسیم کر کے مختلف جامعات میں حسب ضرورت تقسیم کر دیا جائے اور اس کی تکمیل کے مراحل اور اہداف متعین کر کے جامعات کو اس کی تکمیل کا پابند بنایا جائے۔ اس طرح یہ کام قلیل مدت

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

میں مکمل ہوسکتا ہے۔

۳۔ جدید مصادر کی دستیابی، رواۃ کی تعداد کا تعین، کمپیوٹر کا عام استعمال اور تربیت یافتہ وافر بشری قوت موجود ہونا چند ایسے عوامل ہیں جو نہ صرف سیرت نگاری میں انتہائی مفید اور ممدو معاون ہیں بلکہ وہ نگاری پر قابو پانے میں بھی یادگار اور مددگار ثابت ہوں گے۔ اس لیے مسانید سیرت کے لیے ضرورتی ہے کہ پہلے وہ ''سیرت نگاری کا منہج'' متفقہ طور پر تشکیل دیں۔ اس کے مطابق سیرت نگاروں کی تربیت کریں اور بعد ازاں وہ سیرت طیبہ ﷺ کے رواۃ، سیرت طیبہ ﷺ کے پورے مواد اور سیرت طیبہ ﷺ کی معلومات کو پرکھیں، ان تمام امور کی درجہ بندی کریں۔ صحیح، ثقہ اور درست معلومات کو ضعیف، موضوع اور زبان زدِ عام معلومات سے الگ کریں یہ ایک انتہائی اہم اور مفید کام ہے۔ جو ایک جانب سیرت طیبہ ﷺ کی ثقہ معلومات مہیا کرے گا، تو دوسری طرف اس کام کی تکمیل سے مستقبل کی سیرت نگاری مستند مواد کی بنیاد پر ہی ممکن ہوگی۔

۴۔ جس طرح مشکل القرآن، مشکل الحدیث، مشکل اسماء الرجال اور مشکل الفقہ کے مضامین پر مصنفین نے قلم اُٹھایا اور ان موضوعات پر مثالی کتب مدوّن کی ہیں۔ اسی طرح ''مشکل السیرۃ'' کے موضوع پر بھی کام کرنا نہ صرف سیرت نگاری کی مشکلات کا حل فراہم کرے گا بلکہ اس طرح سیرت نگاری کے بہت سے عصری تقاضے اور ضرورتیں بھی پوری ہو سکیں گی۔ ہماری دانست میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سوانح نگاری میں سب سے مشکل موضوع تواریخ اور ماہ وسال کے تعین کا ہے۔ کہ سیرت طیبہ ﷺ کا کونسا واقعہ کس دن، ماہ یا سال میں پذیر ہوا۔ یہ مسئلہ عہد رسالت سے لیکر آج تک حل نہیں ہوا، بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ پہلو مزید پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کی ہمیشہ سے شدید ضرورت محسوس ہوتی رہی ہے۔ ہماری رائے میں یہ مسئلہ اس لیے پیدا ہوا کہ بعثت نبوی ﷺ کے وقت عرب معاشرے میں نہ صرف بہت سی تقویم رائج تھیں۔ بلکہ ان کے ہاں ''نسیٔ'' کا رواج بھی عام تھا۔ اس عہد کے عرب معاشرے میں نہ صرف ہر قبیلے کا اپنا اپنا

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

کیلنڈر ہوتا تھا۔ بلکہ مکی اور مدنی کیلنڈر بھی الگ الگ تھے نیز ''نسئ'' کے رواج پر عمل کرتے ہوئے عرب سردار اور عرب قبائل مہینوں کے دنوں میں بھی کمی بیشی کرتے رہتے تھے۔ مزید برآں مہینوں میں تقویم تاخیر کرتے رہتے تھے۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مستند اور ثقہ سوانح عمری ترتیب دینے کی ضرورت پوری کرنے کے لیے عرب تقویم (Arab Calendar) کا مطالعہ از بس ضروری ہے۔ کہ مختلف قبائل اور مختلف مقامات کے رواۃ کی بیان کردہ تواریخ سیرت میں موافقت اور ہم آہنگی قائم کر کے تواریخ سیرت درست کی جاسکیں۔ جو ایک بڑی علمی خدمت ہوگی۔

۵۔ میری رائے میں مستشرقین اور غیر مسلم مصنفین نے اسلام اور مسلمانوں کے تناظر میں سب سے زیادہ اور رکیک اعتراضات سیرت مطہرہ کے متنوع شعبوں پر کیے ہیں، مارگولتھ سے لیکر منٹگمری واٹ اور جان اسپوسیٹو تک سب غیر مسلم مصنفین نے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مستودہ صفات کو ہدف تنقید بنایا ہے۔ جس کا جواب دینا مسلمانوں کی دینی اور ملی ذمہ داری ہے۔ مسلمانوں نے یہ ذمہ داری ادا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ لیکن میرا دانست میں ان کا اسلوب قائدانہ نہیں بلکہ معذرت خواہانہ رہا ہے۔ چنانچہ سرسید احمد خان، مولانا شبلی نعمانی اور سلیمان ندوی سے لیکر پیر کرم شاہ الازہری تک سب نے کسی نہ کسی اسلوب میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے پہلوؤں پر معذرت خواہانہ رویہ اپنایا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے قائدانہ اسلوب (Leading Role) اپنایا جائے۔ ایسا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سیرت نگار سیرت نگاری میں اسلوب روایت، اسلوب درایت، اسلامی منہاجیات، مغربی اسلوب تحقیق اور عصر حاضر کی متداول اور مروجہ زبان میں بخوبی مہارت رکھتا ہو۔ تاکہ وہ عصر حاضر کو سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام مؤثر اور مستند طریقہ سے پہنچا سکے۔ اسی کام کی تکمیل سے انسانیت کا بھلا ہوگا۔

۶۔ سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک حیاتیاتی موضوع (Biological Subject) ہے۔ جس طرح انسانی زندگی متنوع بوقلمونیوں سے پُر اور عبارت ہے اور یہ جدید مسائل اور نئے کوائف

''محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

سے دو چار ہوتی رہتی ہے بعینہ اسی طرح سیرت طیبہ ﷺ میں جدید موضوعات اور مضامین کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ سیرت مبارکہ کا ہر پہلو سراسر بہار ہے۔ اس لیے یہ عمل آج بھی جاری ہے اور مستقبل کا سیرت نگار بھی اس تبدیلی اور اضافے سے دو چار ہوگا۔ اس لیے مسانید سیرت کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس صورت حال پر فوراً بھرپور توجہ دیں۔ نیز ان کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے مستقبل کی منصوبہ سازی کریں۔ اس مقام پر سیرت طیبہ کے چند جدید موضوعات کی فہرست بطور نمونہ شامل کی جارہی ہے۔ اس فہرست میں مزید موضوعات کا اضافہ ہوتا رہے گا۔

سیاسیات سیرت، سیرت طیبہ ﷺ اور سفارت کاری، عسکریات سیرت، اجتماعیات سیرت، نفسیات سیرت، وثائق سیرت، سوانح عمری کے جدید آفاق، تقویم سیرت، مشکلات سیرت، اداریات سیرت، سلاطین اور حکمرانوں کو لکھے گئے خطوط، مستقبلیات سیرت، معاشیات سیرت، سیرت طیبہ ﷺ میں سراغ رسانی ہجرت حبشہ کے اسباب ومضمرات، بین الاقوامی قانون اور سیرت، طب نبوی ﷺ سیرت کا موضوعاتی پہلو، سیرت کا مناظراتی ادب، کتب سیرت کی درجہ بندی، جغرافیہ سیرت، آثار سیرت، کتب سیرت کی زبانیں، فہارس کتب سیرت، رجال سیرت، اسلامی علوم وفنون اور سیرت مخطوطات سیرت، خصائص ومعجزات سیرت، جزیات سیرت، سرائیلیات سیرت اور مستقبل سیرت۔

یہ چند موضوعات بطور نمونہ اور مثال تحریر کیے گئے ہیں۔ تاہم ان موضوعات کا احاطہ کرنا انسانی بس سے باہر ہے۔

۷۔ جیسا کہ سابقہ سطور میں واضح ہے کہ سیرت طیبہ ﷺ کوئی جامد موضوع نہیں ہے بلکہ متحرک اور سدا بہار مضمون ہے۔ اس میں نئے موضوعات کا پیدا ہونا اور موضوعات میں جدت کا سامنے آنا نیز ذیلی موضوعات کا وجود میں آنا معمول کی بات ہے۔ اس لیے آج کے انسان اور عصر حاضر کے مسلمان کو جو مسائل اور مشکلات درپیش ہیں، وہ سبھی سیرت طیبہ کا موضوع ہیں، اس طرح مسانید سیرت کو مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ چنانچہ اگر انسان خلاء (Space) میں عمل دخل کرتا یا کسی اور سیارے پر قدم جماتا اور آباد ہوتا ہے، تو انسان اور

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

مسلمان کو وہاں بھی سیرت طیبہ ﷺ کی ہدات اور رہنمائی مطلوب ہوگی۔ اس لیے سیرت کا مستقبل ایک اہم اور دلچسپ پہلو ہے۔

سیرت طیبہ کے قدیم وجدید موضوعات پر کام کرنے کے لیے محققین کے لیے ضروری ہے کہ وہ سیرت طیبہ ﷺ کے اصلی مصادر تک رسائی رکھتے ہوں۔ ان بنیادی مصادر سے استفادہ کر کے سیرت طیبہ ﷺ کے موضوعات اور تحلیل کرنے کی صلاحیت سے بھی بہرہ ور ہوں۔ انہیں مشرقی زبانوں، غیر ملکی زبانوں اور جدید مناہج تحقیق پر مکمل عبور حاصل ہو۔ وہ انسان اور مسلمانوں کے عصری مسائل سے بخوبی آگاہ ہوں۔ مزید برآں وہ تحقیق کی تربیت اور تحقیقی رجحانات سے بھی آگاہی رکھتے ہوں۔ تاکہ وہ نہ صرف سیرت نگاری کا حق ادا کر سکیں بلکہ وہ وطنِ عزیز کے استحکام اور ترقی میں خاطر خواہ کردار ادا کر سکیں۔

مسانید سیرت کے پروگرام میں تحقیق کو خصوصی اہمیت حاصل ہونی چاہیے۔ کیونکہ مستقبل میں اعلیٰ تعلیمی ادارے تعلیم وتدریس سے کم اور تحقیق سے زیادہ پہچانے جائیں گے۔ مزید برآں مسلمانوں کو اقوام عالم میں اپنا مقام حاصل کرنے کے لیے تحقیق پر زیادہ انحصار کرنا ہوگا۔ جبکہ سیرت طیبہ ﷺ کے موضوعات پر تحقیق کرنا مسلمانوں کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ اس لیے سیرت طیبہ ﷺ کے اداروں کے لیے ناگزیر ہے کہ وہ تحقیقی منصوبوں کو پہلی ترجیح کے طور پر اپنائیں اور عصری تقاضوں کے مطابق انفرادی تحقیق کی جگہ اجتماعی تحقیق (Collective Research) کو رواج دیں۔ تاکہ اجتہادی ضرورتیں پوری ہوں اور سیرت طیبہ ﷺ کے موضوعات میں گہرائی پیدا ہو نیز سیرت مبارکہ کے جدید اور مشکل موضوعات کی کم وقت اور بہت انداز میں تکمیل ہو۔

الحمد للہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات

لوازمات تحقیق میں اشاریہ سازی ایک ایسا لوازمہ ہے جس کے بغیر نئی تحقیق سے وہ مقصد حاصل نہیں ہوتا جس مقصد کے لئے بنیادی تحقیقی سوال اٹھایا جاتا ہے اور تحقیق کسی بھی نوعیت کی ہو اشاریہ جات اور کتابیات، علمی تحقیق کے بنیادی معاون کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی مدد سے مطلوبہ مضامین یا کتب تک پہنچنا آسان ہوتا ہے اور محقق کا قیمتی وقت بھی ضائع نہیں ہوتا۔

عصر حاضر میں بھی فہرست سازی پر کام مختلف جہات سے ہو رہا ہے مثلاً مخطوطات کی فہارس اور مقالہ جات کی فہارس وغیرہ۔ راقم کو اس پر دلچسپی کا آغاز "اخبار تحقیق" ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد کے پہلے شمارہ جو کہ اکتوبر دسمبر 2001ء میں شائع ہوا اس سلسلہ کا آغاز ڈاکٹر حافظ محمد سجاد نے کیا جس کے اجراء کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ادارے اور وطن عزیز کی جامعات اور اسلامی تحقیق سے متعلق اداروں کے مابین علمی و تحقیقی معاملات پر تعاون کو فروغ حاصل ہو اور بحیثیت مجموعی اہل علم علمی و تحقیقی سرگرمیوں سے آگاہ رہیں۔

اس کتاب میں اشاریہ سازی کے ساتھ ساتھ موضوعات پر کام کا آغاز کرنے کیلئے موضوع تحقیق کا انتخاب اور خاکہ تحقیق پر راہنما اصول، تحقیق حدیث وسیرت کے بنیادی مصادر و مراجع، مختلف ویب سائٹس اور سافٹ ویئرز اور اس کے ساتھ ساتھ تحقیق حدیث وسیرت کے لئے کتب معاجم کا تعارف بالتفصیل دیا گیا ہے۔

امید واثق ہے کہ ہماری یہ ادنی کاوش نئے آنے والے محققین کے لئے علم و تحقیق کی نئی راہیں کھولیں گی جو دین و معاشرہ کے لئے مفید ثابت ہوں گی۔ ان شاء اللہ

ڈاکٹر عبد الغفار

شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف اوکاڑہ، اوکاڑہ